المسائل المهمة

فيما ابتلت به العامة

اہم مسائل

جن میں ابتلاء عام ہے

جلد دوم

کلمات دعائیہ :

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی مدظلہ العالی

رئیس: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا نندربار

تحریک وتحریض :

حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

ناظم تعلیمات ومعتمد جامعہ

ترتیب :

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

صدر دارالافتاء جامعہ اکل کوا

تحقیق و تخریج :

معاون مفتیان کرام دارالافتاء

ناشر :

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم

اکل کوا ، نندربار ،مہاراشٹر

تقسیم کار

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب	:	المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة
کلماتِ دعائیہ	:	حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم
تحریک وتحریض	:	حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی
ترتیب	:	حضرت مولانا مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی
تحقیق وتخریج	:	معاون مفتیان کرام دارالافتاء
کمپوزنگ وتصحیح	:	مفتی شمشیر احمد بستوی/مفتی عبدالمتین کانڑگانوی
طبع سوم	:	۱۴۳۴ھ/۲۰۱۳ء
صفحات	:	۲۶۹
قیمت	:	
باہتمام	:	ابوحمزہ وستانوی
ناشر	:	جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

ملنے کا پتہ

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندربار مہاراشٹر

Phone & Fax: 02567,252556

E-mail jafarmilly@gmail.com

fatawaakkalkuwa@gmail.com

http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى :

﴿فَسْئَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾

(الأنبياء :٧)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

"مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْراً يُفَقِّهْهُ فِيْ الدِّيْنِ"

(صحيح البخاري)

فہرست عناوین

سلسلہ نمبر	عناوین	صفحہ
۞	انتساب.....طلباء افتاء جامعہ اکل کوا	۱۶
۞	کلماتِ دعائیہ.....رئیس جامعہ اکل کوا	۱۷
۞	ایک اہم وضاحت.....مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی	۱۹
۞	کلماتِ تمہید.....مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی	۲۱
۞	**کتاب الإیمان و العقائد** (ایمان اور عقائد کا بیان)	۞
۱	توبہ کا صحیح طریقہ	۲۴
۲	کسی کو اللہ کے صفاتی نام کے ساتھ پکارنا	۲۵
۳	حدیث سنانے پر یہ کہنا کہ میں اسے بار بار سن چکا ہوں	۲۶
۴	غیر اللہ کی قسم کھانا جائز نہیں	۲۷
۵	توہینِ فتوی کا حکمِ شرعی	۲۸
۶	علماء وحفاظ کی توہین کا حکم	۲۹
۷	قرآنی آیات طشتری یا برتن پر لکھ کر مریض کو پلانا	۳۰
۸	جنتریوں سے فال نکالنا شرعاً کیسا ہے؟	۳۲
۹	الٹا جوتا یا چپل رکھنے سے کام بگڑ جاتا ہے	۳۳

۱۰	صبح کے وقت دوکاندار کا ادھار سامان نہ دینا	۳۴
۱۱	بلی کے رونے کی آواز سن کر اسے بھگا دینا	۳۶
۱۲	منڈیر پر کوے کے بولنے سے مہمان وغیرہ کا آنا	۳۷
۱۳	رات کے وقت پیڑ کو جلانا	۳۷
❁	**بدعات ورسومات**	❁
۱۴	ماہِ صفر کی چند رسومات	۳۸
۱۵	تیجہ، دسواں اور چالیسواں کرنا کیسا ہے؟	۳۹
۱۶	شادی گھر والوں کا آم یا جامن کے پتوں کا منڈپ ڈالنا	۴۰
۱۷	دولہا اور دلہن کا سہرا اور گجرا باندھنا	۴۱
۱۸	مردوں کا شادی یا عیدین کے موقع پر مہندی لگانا	۴۲
۱۹	نکاح میں بارات کا مروجہ طریقہ شرعاً درست نہیں ہے	۴۳
۲۰	دعوتِ نکاح یا ولیمہ میں شریک ہونیوالوں کا لڑکے یا لڑکی کو ہدیہ دینا	۴۳
۲۱	معانقہ دائیں جانب کرے یا بائیں جانب؟	۴۴
۲۲	ویلنٹائن ڈے (valentineday) کا شرعی حکم	۴۶
❁	**کتاب الطھارت** (پاکی کا بیان)	❁
۲۳	تر کپڑا پاک ہے	۴۸
۲۴	نجاست غلیظہ وخفیفہ کو پاک کرنے کا طریقہ	۴۹
۲۵	ناپاک کپڑے کو پاک کرنے کا طریقہ	۵۰
۲۶	ڈرائی کلینگ (Dry cleaning) سے کپڑے کی پاکی کا حکم	۵۲

	فصل في الوضوء والغسل (وضواور غسل کا بیان)	
۲۷	اٹیچ باتھ روم میں وضو کرنا	۵۴
۲۸	ستر کھلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا	۵۴
۲۹	برہنہ یعنی کھلے بدن والے کو دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا	۵۵
۳۰	گالی دینے سے وضو نہیں ٹوٹتا	۵۶
۳۱	ناپاکی لگنے سے وضو نہیں ٹوٹتا	۵۷
۳۲	بچہ کو دودھ پلانا ناقضِ وضو نہیں	۵۸
۳۳	انجکشن کے ذریعے خون نکالنا ناقضِ وضو ہے یا نہیں؟	۵۹
۳۴	کیا گلوکوز چڑھانا ناقضِ وضو ہے؟	۵۹
۳۵	موبائل کی چیپ (Chip)، کیسیٹ اور سی ڈی وغیرہ کو بلا وضو چھونا	۶۰
۳۶	اعضاء وضو و غسل پر کلر پینٹ، فی وی کوئک وغیرہ لگ جائے تو وضو ہوگا یا نہیں؟	۶۱
۳۷	مصنوعی دانتوں کی صورت میں وضو اور غسل کا حکم	۶۱
	كتاب الصلاة (نماز کا بیان)	
۳۸	تکبیرِ تحریمہ کے بعد ارسال (ہاتھ چھوڑنا پھر باندھنا) کیسا ہے؟	۶۴
۳۹	قبلہ نما کے استعمال کا حکم	۶۵
۴۰	نمازی کے آگے بیٹھا ہوا شخص سترہ کے قائم مقام ہے	۶۶
۴۱	بعد میں آنے والا صف میں کہاں کھڑا ہو؟	۶۷
۴۲	تعظیماً کسی کو اگلی صف میں جگہ دینا	۶۸

	فصل في القراءة (قرأت کا بیان)	
۴۳	نماز میں مکمل سورت پڑھنی چاہیے	۶۹
۴۴	درمیان یا آخر سورت سے قراءت کا حکم	۷۰
	باب الجماعة (جماعت کا بیان)	
۴۵	جماعتِ ثانیہ کا حکم	۷۲
۴۶	صلاۃ المعاداۃ (لوٹائی جانے والی نماز) میں شرکت کا حکم	۷۳
	باب صفة الصلاة (نماز کے طریقہ کا بیان)	
۴۷	مقتدی کے تشہد مکمل کر لینے سے پہلے امام کھڑا ہو جائے تو مقتدی کیا کرے؟	۷۴
۴۸	قالین یا گدوں پر سجدہ کا حکم	۷۵
۴۹	قنوتِ نازلہ کا حکم	۷۶
۵۰	جہر وسر کی حالت میں مقتدی کا ثناء پڑھنا	۷۷
۵۱	گھٹنوں یا قدموں میں تکلیف کی وجہ سے قیام کو ترک کر دینا	۷۹
۵۲	جو مریض رکوع وسجود پر قادر نہ ہو تو کیا کرے؟	۸۱
۵۳	مریض قیام پر قادر نہ ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھے	۸۲
۵۴	حالتِ نماز میں دعا کا حکم	۸۳
	أحكام المسبوق (مسبوق کے احکام)	
۵۵	مسبوق ثناء کب پڑھے؟	۸۴

۵۶	مسبوق کا دوسرے کے کہنے پر بقیہ نماز پوری کرنا	۸۵
۵۷	مسبوق قعدہ اخیرہ میں صرف التحیات پڑھے	۸۶
❁	**سنن الصلاۃ** (نماز کی سنتوں کا بیان)	❁
۵۸	طلوعِ فجر کے بعد نفل پڑھنے کا حکم	۸۷
۵۹	فجر کی سنت فوت ہوجائے تو طلوعِ شمس کے بعد پڑھے	۸۸
۶۰	ظہر سے پہلے کی چار سنتِ مؤکدہ فوت ہوجائے تو کب ادا کرے؟	۸۸
❁	**مکروہات الصلاۃ** (مکروہاتِ نماز کا بیان)	❁
۶۱	مکروہ کی قسمیں اور ان کا شرعی حکم	۹۰
۶۲	ٹائی کے ساتھ نماز پڑھنا	۹۱
۶۳	تصویر رکھ کر نماز پڑھنا	۹۲
۶۴	نماز میں آسمان کی طرف نظر کرنا	۹۳
۶۵	نماز میں چھینک پر الحمد اللہ کہنا	۹۳
۶۶	نماز کی حالت میں ٹوپی گر جائے تو کیا کرے؟	۹۴
۶۷	نماز کی حالت میں مفلر وغیرہ کا استعمال	۹۵
۶۸	نماز کی حالت میں ہاتھوں کو چادر کے اندر ہی رکھنا	۹۶
۶۹	غلبۂ نیند کی حالت میں نماز پڑھنا	۹۷
۷۰	باتصویر کپڑوں میں نماز کا حکم	۹۸
۷۱	جن کپڑوں میں صلیب ہو ان کو پہن کر نماز پڑھنا	۹۹
۷۲	تصویر دار ڈبوں والی دوکان میں نماز پڑھنا	۱۰۱

	فصل في الوتر (وتر کا بیان)	
۷۳	وتر کی قضا واجب ہے	۱۰۲
	باب إدراک الفريضة (ادراکِ فریضہ کا بیان)	
۷۴	مقتدی کا امام کے سر اٹھانے کے بعد رکوع میں شامل ہونا	۱۰۳
	باب سجود السهو (سجدۂ سہو کا بیان)	
۷۵	قعدۂ اولیٰ میں بیٹھنے کے بجائے کھڑا ہو جائے پھر بیٹھ جائے تو کیا حکم ہے؟	۱۰۴
۷۶	نماز میں کوئی واجب ترک ہو جائے تو کیا کرے؟	۱۰۵
	باب صلاة المسافر (مسافر کی نماز کا بیان)	
۷۷	تبلیغی جماعت کا دورانِ تبلیغ نماز میں قصر و اتمام	۱۰۶
۷۸	جماعت کا ایک ہی علاقہ میں کام کی صورت میں نماز کا حکم	۱۰۷
	باب الجمعة (جمعہ کا بیان)	
۷۹	جمعہ کی جماعت فوت ہو جائے تو کیا کرے؟	۱۰۸
۸۰	نمازِ جمعہ کے بعد کتنی رکعات سنت پڑھنی چاہیے؟	۱۰۹
۸۱	جمعہ کی اذانِ ثانی کا جواب دینا کیسا ہے؟	۱۱۰
۸۲	ایئرپورٹ، قید خانہ اور فیکٹریوں میں نمازِ جمعہ کا حکم	۱۱۱
۸۳	خطبۂ جمعہ میں عصا ہاتھ میں لینے کا حکمِ شرعی	۱۱۲
	باب صلاة الجنازة (نمازِ جنازہ کا بیان)	
۸۴	جنازہ کی نماز سنت کے بعد پڑھی جائے	۱۱۳
۸۵	میت کا نصف حصہ ملے تو کیا حکم ہے؟	۱۱۴

۞	**کتاب الزکاۃ** (زکوۃ کا بیان)	۞
۸۶	زکوٰۃ کی رقم سے دوائیں دینا شرعاً کیسا ہے؟	۱۱۵
۞	**کتاب الحج** (حج کا بیان)	۞
۸۷	حج کب فرض ہوتا ہے؟	۱۱۷
۸۸	حج کس پر فرض ہے؟	۱۱۸
۸۹	سفرِ حج میں عورت کیلئے محرم ہونا شرط ہے	۱۱۹
۹۰	کیا حج کیلئے رشوت دے سکتے ہیں؟	۱۱۹
۹۱	معتدہ عورت سفرِ حج کرسکتی ہے یا نہیں؟	۱۲۰
۹۲	مخلوط مال سے حج کرنا کیسا ہے؟	۱۲۱
۹۳	حج کی فلم کا حکم	۱۲۲
۹۴	اجرت پر حج کرنے کا حکم	۱۲۳
۹۵	حجِ بدل کی رقم لے کر کسی اور کو کم رقم دیکر حج کرانا	۱۲۳
۹۶	ایک شخص کا کئی لوگوں کی طرف سے حجِ بدل کرنا	۱۲۴
۹۷	حجِ بدل کرنے والا قران اور تمتع کرسکتا ہے یا نہیں؟	۱۲۵
۹۸	بچوں کی شادی کی وجہ سے حج میں تاخیر کرنا	۱۲۶
۹۹	خواجہ اجمیری کی درگاہ کا چکر لگانے سے حج ساقط نہیں ہوتا	۱۲۷
۱۰۰	حج کی وصیت کئے بغیر مرجائے تو کیا حکم ہے؟	۱۲۹
۱۰۱	مقروض شخص حج کرسکتا ہے یا نہیں؟	۱۳۰

۱۰۲	اپنا حج خود ادا کرے	۱۳۰
۱۰۳	عمرہ کا ویزہ لیکر حج کرنا	۱۳۱
۱۰۴	حجاجِ کرام کی دعوت کرنا	۱۳۲
❁	**كتاب الأضحية** (قربانی کا بیان)	❁
۱۰۵	قربانی کس پر فرض ہے؟	۱۳۴
۱۰۶	نصاب کی مقدار زائد از ضرورت مال ہو تو قربانی واجب ہوگی	۱۳۵
۱۰۷	دوسرے کی طرف سے قربانی کا حکم	۱۳۵
۱۰۸	نابالغ اولاد کی طرف سے قربانی کرنا	۱۳۶
۱۰۹	خنزیر کے دودھ سے پرورده جانور کی قربانی	۱۳۶
۱۱۰	قربانی سے پہلے نہ کھانا مستحب ہے	۱۳۷
۱۱۱	سود خور کے ساتھ قربانی میں شرکت کا حکم	۱۳۸
۱۱۲	خنثیٰ مشکل کی قربانی جائز نہیں	۱۳۸
۱۱۳	قربانی کا گوشت قصاب کی اجرت میں دینا جائز نہیں	۱۳۹
۱۱۴	طالب علم کا نفلی قربانی کرنا	۱۴۰
۱۱۵	نیل گائے کی قربانی درست نہیں	۱۴۰
۱۱۶	چرم قربانی کی قیمت کا صدقہ کرنا	۱۴۱
۱۱۷	وکیل بن کر قربانی کرنا	۱۴۲
۱۱۸	قربانی کی کھال سے خود فائدہ اٹھانا	۱۴۴

۱۱۹	ہرن کی قربانی کرسکتے ہیں یا نہیں؟	۱۴۴
۱۲۰	شادی کی دعوت نمٹانے کی غرض سے قربانی کرنا	۱۴۵
۱۲۱	قصائی کا ذبیحہ	۱۴۶
۱۲۲	ذبیحہ ٹھنڈا ہونے سے پہلے اس کا سر الگ کرنا	۱۴۶
۱۲۳	قربانی کا جانور پستول کے ذریعے بیہوش کرنا	۱۴۷
۱۲۴	قربانی کرنے والا یکم ذی الحجہ سے قربانی کرنے تک ناخن وغیرہ نہ کاٹے	۱۴۷
۱۲۵	قربانی کا گوشت غیر مسلم کو دینا	۱۴۸
۱۲۶	جانور کو بجلی کا شاک لگانا	۱۴۹
۱۲۷	کھال کی رقم کو مستقل آمدنی کا ذریعہ بنانا	۱۵۰
۱۲۸	سودی قرض کی رقم سے خریدے ہوئے جانور کی قربانی	۱۵۱
۱۲۹	میت کی طرف سے قربانی کرنا	۱۵۱
۱۳۰	چوری کردہ جانور کی قربانی	۱۵۲
۱۳۱	قربانی کے جانور کے پیٹ سے بچہ نکلے تو کیا کرے؟	۱۵۳
۱۳۲	ایام اضحیہ میں فساد ہوجائے تو قربانی کب کرے؟	۱۵۳
۱۳۳	ولیمہ یا عقیقہ کی نیت سے قربانی میں حصہ لینا	۱۵۴
۱۳۴	تکبیرِ تشریق	۱۵۴
۱۳۵	ایامِ اضحیہ میں قربانی نہ کرسکا تو قربانی کی قیمت صدقہ کردے	۱۵۶

❁	**کتاب النکاح** (نکاح کا بیان)	❁
۱۳۶	عاقل بالغ مرد وعورت بذاتِ خود نکاح کر سکتے ہیں	۱۵۷
۱۳۷	عاقلہ بالغہ لڑکی کا اولیاء کی رضامندی سے نکاح کرنا بہتر ہے	۱۵۸
۱۳۸	غیر کفو میں نکاح کی صورت میں اولیاء کو طلبِ فسخ کا حق حاصل ہے	۱۵۸
۱۳۹	عاقل بالغ لڑکا یا لڑکی کو کسی رشتہ پر مجبور نہیں کیا جاسکتا ہے	۱۵۹
۱۴۰	لڑکے والوں کا غلط نسب ظاہر کر کے نکاح کرنا	۱۶۰
۱۴۱	تبلیغی اجتماعات میں نکاح کرنا	۱۶۱
۱۴۲	شادی کے موقعہ پر چھوہارے لٹانا سنت ہے	۱۶۲
❁	**کتاب البیوع** (خرید وفروخت کا بیان)	❁
۱۴۳	ووٹ کی خرید وفروخت کا حکم شرعی	۱۶۴
۱۴۴	مبیع پر پانی چھڑک کر فروخت کرنا	۱۶۵
۱۴۵	مالکِ زمین کا بلڈر سے فلیٹس خریدنا	۱۶۶
۱۴۶	آرڈر دینے والے کا قیمت ادا نہ کرنے کی صورت میں بلڈر کا کسی دوسرے کے ہاتھ فلیٹ فروخت کرنا	۱۶۷
۱۴۷	قبضہ سے پہلے فلیٹ کی خرید وفروخت	۱۶۸
۱۴۸	قسطیں ادا نہ کرنے پر فلیٹ دوسرے کو فروخت کر دینا	۱۶۹
۱۴۹	تاخیر سے قسطیں ادا کرنے پر خریدار سے جرمانہ لینا	۱۷۰
۱۵۰	قسطوں کی ادائیگی تاخیر پر خریدار کا بلڈر کو مقررہ قیمت سے زیادہ قیمت دینا	۱۷۱

❁	**باب الربوا** (سود کا بیان)	❁
۱۵۱	ملازمت دلوانے کے لیے رشوت لینا	۱۷۲
۱۵۲	کسی ادارہ کے اجیرِ خاص یا افسران کا رشوت لینا	۱۷۳
۱۵۳	خادم کا قیمت سے زیادہ کا بل بنوانا	۱۷۴
۱۵۴	''جیونا'' کمپنی کا حکمِ شرعی	۱۷۶
❁	**کتاب الإجارہ** (اجارہ کا بیان)	❁
۱۵۵	ٹیوشن پڑھانے کی اجرت لینا جائز ہے	۱۷۸
۱۵۶	متعینہ کرایہ سے زیادہ وصول کرنے کی ایک شکل اور اس کا حکم	۱۷۹
۱۵۷	پرائیوٹ گاڑیوں میں چھوٹے بڑے بچوں کا یکساں کرایہ لینا	۱۸۰
۱۵۸	رحمِ مادر کو کرایہ پر دینے کا حکمِ شرعی	۱۸۰
❁	**کتاب الوقف** (وقف کا بیان)	❁
۱۱۵۹	شئ موقوفہ واپس نہیں لیجاسکتی ہے	۱۸۳
۱۶۰	موقوفہ عمارتوں سے شہد کا چھتہ نکالنے کا حکم	۱۸۴
۱۶۱	وقف کی دواؤں کا مصرف	۱۸۵
۱۶۲	جن اوقاف کے مصارف معلوم نہ ہوں	۱۸۶
❁	**أحکام المساجد** (مساجد کے احکام)	❁
۱۶۳	مسجد میں جگہ روکنا کیسا ہے؟	۱۸۷
۱۶۴	متولی بننے کا مستحق کون؟	۱۸۸

۱۶۵	مسجد کے پھول اور پھل توڑنے کا حکم	۱۸۹
۱۶۶	مسجد کے نیچے دوکانیں تعمیر کرنا کیسا ہے؟	۱۸۹
۱۶۷	مسجد کے نیچے اوپر دوکان ومکانات کا حکم	۱۹۰
۱۶۸	مسجد کے قرآن دوسری جگہ لے جانا	۱۹۱
۱۶۹	مسجد کے چندہ کا مصرف	۱۹۲
۱۷۰	زکوۃ وچرمِ قربانی کی رقم تعمیرِ مسجد کے لیے دینا	۱۹۲
۱۷۱	مسجد کی آمدنی سے خطیب وواعظ کو تنخواہ دینا	۱۹۴
۱۷۲	متولی کا مسجد کی آمدنی میں تصرف کرنا	۱۹۴
۱۷۳	مسجد کا مال کسی کو قرض دینا	۱۹۵
۱۷۴	مقروض متولی مسجد کو قرض سے بری کرنے کا کسی کو حق نہیں	۱۹۶
۱۷۵	مسجد میں حرام مال لگانا	۱۹۶
۱۷۶	مسجد ویران ہوجائے تو اس کا کیا حکم ہے؟	۱۹۸
۱۷۷	بستی ویران ہونے پر مسجد اور سامانِ مسجد کا حکم	۱۹۹
۱۷۸	مسجد کی شکستہ کتابیں کسی کو دینا	۲۰۰
۱۷۹	کسی حصہ مسجد کو تعمیر سے خارج کرنا	۲۰۰
۱۸۰	مسجد میں چھوٹے بچوں کو لانا	۲۰۱
❁	**کتاب الجنایات** (جنایات کا بیان)	❁
۱۸۱	ایک گاڑی دوسری گاڑی پر گر جائے تو نقصان کی صورت میں ضمان کس پر آئے گا؟	۲۰۳

۱۸۲	ایکسیڈنٹ کا ضمان گاڑی مالک پر ہوگا	۲۰۴
۱۸۳	جب دو سوار آپس میں ٹکرا جائیں تو نقصان کا ضمان کس پر ہوگا؟	۲۰۵
۱۸۴	دوران سفر گاڑی حادثہ کا شکار ہو جائے تو ضامن کون؟	۲۰۶
❁	**كتاب الحظر والإباحة** (ممنوع ومباح کا بیان)	❁
۱۸۵	عبادتوں میں ریاء (دکھلاوا) حرام ہے	۲۰۷
۱۸۶	کمپنی کا سامان ملازم کے پاس امانت ہے	۲۰۹
۱۸۷	مختلف کمپنیوں کے کیلنڈر اور ڈائری کے احکام	۲۱۰
۱۸۸	بال یا ناخن جلانا یا فروخت کرنا	۲۱۱
۱۸۹	ہوٹلوں میں کھانے کا ایک مروّج طریقہ اور اس کا حکم	۲۱۲
❁	**فصل في الأكل والشرب** (کھانے پینے کا بیان)	❁
۱۹۰	کھانے کی اقسام اور ان کا حکم	۲۱۴
۱۹۱	نمک سے کھانے کی ابتدا اور اختتام، سنت نہیں	۲۱۵
۱۹۲	کھانے کے درمیان گفتگو کا حکم	۲۱۶
۱۹۳	نقصان دہ چیزوں کے استعمال کا حکم	۲۱۷
۱۹۴	ہدیہ وضیافت کس کا قبول کیا جائے اور کس کا نہیں؟	۲۱۸
❁	**فصل في اللبس** (پہننے کا بیان)	❁
۱۹۵	انگوٹھی میں مختلف پتھروں کے نگینے کا حکم	۲۲۰
۱۹۶	مختلف دھاتوں کی انگوٹھی کا حکم	۲۲۱

۱۹۷	کھیل کے جواز وعدمِ جواز کے چند اصول	۲۲۳
۱۹۸	مستحب تفریحی کھیل	۲۲۵
۱۹۹	ممنوع تفریحی کھیل	۲۲۷
۲۰۰	لہوولعب میں مشغول ہونا	۲۲۹
۲۰۱	کرکٹ دیکھنے کا حکمِ شرعی	۲۲۹
۲۰۲	ٹی وی دیکھنے اور دکھانے کا حکمِ شرعی	۲۳۱
۲۰۳	دوکانوں پر بیٹھ کر گانے سننا	۲۳۳
۲۰۴	نعتوں اور نظموں کو فلمی دھنوں پر پڑھنے کا حکمِ شرعی	۲۳۴
۲۰۵	کھلونوں اور گڑیوں کا حکمِ شرعی	۲۳۵
	مسائل متفرقة (متفرق مسائل)	
۲۰۶	آپس میں سلام کا مسنون طریقہ	۲۳۷
۲۰۷	جب آپس میں دو آدمی ایک دوسرے کو سلام کریں	۲۳۹
۲۰۸	موبائل وغیرہ پر گفتگو کے آغاز کا سنت طریقہ	۲۳۹
۲۰۹	دورانِ درس سلام کرنا مکروہ ہے	۲۴۱
۲۱۰	دوستی یا دشمنی کا معیار شریعت کی روشنی میں	۲۴۲
۲۱۱	دوستی یا دشمنی کس سے ہو؟	۲۴۳
۲۱۲	دوستی کی حدود	۲۴۴

۲۱۳	دوستی اور دشمنی اللہ کیلئے ہونی چاہیے	۲۴۵
۲۱۴	قطعِ تعلق کا حکم	۲۴۷
۲۱۵	غیروں کے طریقہ کو پسند کرنے کا حکم	۲۴۸
۲۱۶	برتھ ڈے (Birthday) یعنی سالگرہ منانا	۲۴۹
۲۱۷	آتش بازی اور پٹاخے کا حکم	۲۵۰
۲۱۸	مکان ودکان پر آیاتِ قرآنیہ آویزاں کرنا	۲۵۱
۲۱۹	آیت یا حدیث لکھی ہوئی پاکٹ ڈائری یا کاغذ بیت الخلاء میں لیجانا	۲۵۲
۲۲۰	پاکٹ سائز قرآن کو بلا وضو چھونا	۲۵۲
۲۲۱	بدنظری حرام ہے	۲۵۳
❁	**فصل في المناظرة** (مناظرے کا بیان)	❁
۲۲۲	مناظرہ کا شرعی حکم	۲۵۵
۲۲۳	مناظرہ کرنا کب واجب ہوتا ہے؟	۲۵۷
۲۲۴	مناظرہ کرنا کب حرام ہے؟	۲۵۸
۲۲۵	مناظرہ کرنا کب مستحب ہے؟	۲۵۹
۲۲۶	مناظرہ کے آداب	۲۵۹
❁	مصادر ومراجع	۲۶۱

﴿انتساب﴾

☆ مادرِ علمی جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا کے نام، جس کی آغوش میں میں رہ کر ہم علومِ اسلامیہ سے ایک گونہ آشنا ہوئے۔

☆ ان فقہاء، محدثین، مفسرین، اصولیین، اور متکلمین، کے نام جنہوں نے اپنے خون جگر سے شجرۂ علوم اسلامیہ کی آبیاری کی، اور کررہے ہیں۔

☆ رہبرِ قوم وملت، مفکرِ اسلام، خادمِ قرآن وسنت، بانیٔ مساجد ومدارس، حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم کے نام، جن کی شفقتوں، عنایتوں اور توجہات ہی سے ہم نے یہ منزل پائی ہے۔

☆ محترم وبزرگ اساتذۂ کرام کے نام، جن کی شبانہ روز محنتوں، کاوشوں اور تربیت ہی سے ہم نے قلم تھامنا اور کتابوں کی ورق گردانی سیکھی ہے۔

☆ مشفق ومربی والدین کے نام، جن کی دعائے نیم شبی وآہِ سحر گاہی سے، ہمارے دلوں میں علومِ اسلامیہ کی محبت پیدا ہوئی ہے!

ہم سب دعاء گو ہیں: اے آسمان وزمین کے مالک!

ہماری مادرِ علمی کو تا قیامت اسلام اور ملتِ اسلامیہ کی خدمت کے لئے قبول فرما!

فقہاءِ کرام کی مغفرت فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرما!

خادمِ قرآن وسنت کو تا عمر صحت وعافیت عطا فرما!

ہمارے اساتذۂ کرام کے علوم میں برکت عطا فرما!

ہمارے والدین کے سایہ کو تا دیر ہمارے سروں پر قائم رکھ!

ہم سب کو اپنی رضا نصیب فرما! آمین ثم آمین

طلباء دارالافتاء، جامعہ اکل کوا

۱۱/۷/۱۴۲۹ھ

☆☆☆☆☆

کلماتِ دعائیہ

از

بانی جامعہ، خادم قرآن وسنت

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم وفیوضہم

☆قال النبي ﷺ :" **لكل شيء دعامة ، ودعامة الإسلام الفقه في الدين**".

(كنز العمال: ۱۰/۷۷، رقم الحديث: ۲۸۹۲۰)

(ہر چیز کے لیے ایک ستون ہے جس پر اس کا مدار ہوتا ہے، اور اس دین کا ستون فقہ ہے)

ہر زمانہ میں فقہ وفتاوی کو بڑی قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھا گیا، اور سماج ومعاشرہ کی اصلاح وانقلاب کا اسے ایک مؤثر ذریعہ سمجھا گیا۔

آج کے اس پُرفتن، خدا بیزار، علوم اسلامیہ سے نہ صرف عدم واقفیت، بلکہ ایک حد تک اسلامی اقدار کے باغی معاشرہ اور سماج میں، بڑی حیرت انگیز تبدیلیاں اور زبردست انقلابات رونما ہوئے، سائنس وٹیکنالوجی کی ترقی نے نئے نئے اُفق پیدا کیے، اور اب دنیا گلوبلائزیشن (Globalization) کی دنیا کہی جانے لگی، معاشی اور اقتصادی امور میں، نت نئی ترقیات نے جہاں نئے نئے مسائل لا کھڑے کر دیئے، وہیں ذرائع ابلاغ کی نئی نئی ایجادات نے فکری و نظری، تہذیبی وثقافتی جنگوں کے محاذ کھول دیئے، اب جو لوگ شریعت اسلامیہ کو اپنی معاشرت، تجارت، اور زندگی کے دوسرے میدانوں میں معیار ہدایت قرار دے کر زندگی گزارنا چاہتے ہیں، ان کے سامنے ایسے سینکڑوں مسائل آ کھڑے ہیں، جن کے بارے میں وہ علماء اسلام و اصحابِ افتاء کی طرف نظریں جمائے ہوئے ہیں، کہ کیا یہ جائز ہیں یا ناجائز؟

اس اہم موڑ پر ان کی رہنمائی ورہبری علماء شریعت پر فرض ہے، اسی فرض کی انجام دہی کے لیے جامعہ نے سالِ گزشتہ "قسم الإفتاء و دار الإفتاء" قائم کیا، تا کہ امت کو موجودہ حوادث ومسائل کا شرعی حل مل جائے، اور اس عظیم ذمہ داری کے بارِ گراں کو اٹھانے کے لیے، ملک ہندوستان کی مختلف ریاستوں کے علماء بھی تیار ہوں۔

الحمد للہ! امسال دس فضلاء جامعہ اس شعبہ میں زیرِ تعلیم وتربیت رہے، شعبہ ہذا کے طلباء کی، دیگر تعلیمی وتربیتی مصروفیتوں کے ساتھ ساتھ، پورے سال ایک مشغولیت یہ بھی رہی کہ جن مسائل میں لوگوں کا ابتلاء عام ہے، ان میں سے کسی ایک مسئلہ کی پوری صورت قلمبند کر کے، ان پر آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ نبویہ، عباراتِ فقہیہ، اور قواعد کی روشنی میں احکام شرعیہ کی تطبیق کے بعد، جامعہ کی مسجد (مسجد میمنی) میں بعد نماز ظہر اس کو سناتے رہے۔

اب انہیں مسائل کا مجموعہ: ﴿المسائل المهمة فيماابتلت به العامة﴾ کے نام سے منظر عام پر آ رہا ہے، میں نے ان مسائل کو مسجد میمنی میں سنا، ان کو عوام وخواص کیلئے بے انتہاء مفید پایا، اور ان کو شائع کرنے کی اجازت دی، میری دعاء ہے اللہ رب العزت اسے قبولیتِ عامہ عطاء فرمائے، امت کی اصلاح کا ذریعہ بنائے، ان طلباء عزیز کو دنیا وآخرت میں فلاح ونجاح نصیب فرمائے، علوم نافعہ سے بہرہ ور فرما کر خدمتِ دین کے لئے تاعمر قبول فرمائے، اور جامعہ کے تمام شعبہ جات کے ساتھ ساتھ، اس نوخیز شعبہ کو بھی خوب خوب پروان چڑھا کر بافیض بنائے۔

ربنا تقبل منا إنك أنت السميع العليم وتب علينا إنك أنت التواب الرحيم. (آمین)

۱۴۲۹/۷/۱۲ھ

☆☆☆☆☆

﴿ایک اہم وضاحت﴾

از: مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

خادم جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم

اللہ رب العزت کا فرمان ہے: ﴿اتبعوا ما أنزل إليكم من ربكم﴾. (سورة الأعراف:۳)

تم لوگ اس (کتاب) کی پیروی کرو جو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے آئی ہے۔

آپ ﷺ کا ارشاد ہے: "لا يؤمن أحدكم حتى يكون هواه متبعا لما جئت به". (كنزالعمال:۱/ ۱۲۱)

آیتِ مبارکہ میں "ما" عموم کیلئے ہے، جو تمام مصادرِ شرعیہ یعنی قرآن، حدیث، اجماع اور قیاس وغیرہ کو شامل ہے، ہمارے فقہاء کرام کا ہمیشہ سے یہ طریقہ رہا کہ وہ کتاب، سنت، اجماع اور قیاسِ صحیح ہی سے مسائل کا استخراج واستنباط کرتے رہے، اور پچھلی چودہ صدیوں سے اسی طرح حلال وحرام کی معرفت حاصل کیجاتی رہی ہے۔

اللہ تعالیٰ پوری امت کی طرف سے جزائے خیر دے۔

☆ رسولِ عربی، آقا مدنی ﷺ کو جن کے ذریعہ ہمیں مصادرِ شرعیہ عطا ہوئے۔

☆ حضراتِ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کو جنہوں نے علومِ وحی کو پوری امانت داری کے ساتھ اپنے بعد والوں تک پہونچادیا۔

☆ حضرات فقہاء، مفسرین، محدثین اور علماء دین کو جنہوں نے کمالِ احتیاط اور نظم وضبط کے ساتھ اصول وقواعد کو مدِ نظر رکھ کر بے شمار مسائل کو حل فرمایا۔

الحمدللہ! جامعہ میں سال گزشتہ دارالإفتاء کا قیام عمل میں آیا تو اول یوم سے ہی یہ کوشش کی گئی کہ اس سے امت کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جائے، اور ہر ممکن طریقہ سے امت کو حلال وحرام سے واقف کرایا جائے، اسی کے پیشِ نظر یہ کتاب ﴿المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة﴾

کی طباعت عمل میں آرہی ہے، جوسلسلۂ مسائلِ مہمہ کی دوسری کڑی ہے سالِ گزشتہ مسائل مہمہ جلد اول شائع ہوچکی ہے، عوام وخواص نے اسے پسندیدہ نگاہوں سے دیکھا لہذا اس سلسلہ کو آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا، اوراب اس کی دوسری جلد آپ کے ہاتھوں میں ہے، اورآئندہ بھی ان شاء اللہ ہر سال عوام وخواص کو پیش آمدہ مسائل تحقیق، تخریج اور تطبیق کے بعد پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی، قارئین سے درخواست ہے کہ وہ اسلامی احکامات پر عمل پیرا ہوں، تاکہ دنیا وآخرت کی کامیابی سے سرخرو ہوجائیں، اورائمۂ مساجد سے بھی امید کی جاتی ہے کہ اس جانب متوجہ ہوں، اورفضائل کے ساتھ ساتھ مسائل سے بھی امت کو آگاہ کریں۔

اس کتاب میں حتی الامکان یہ کوشش کی گئی کہ ہر مسئلہ کو خوب سے خوب مدلل کیا جائے، اورمسئلہ کیلئے بطورِ دلیل قرآنِ کریم اورحدیثِ رسول ﷺ کو بعد از تتبع پیش کیا جائے، اورساتھ ہی ساتھ فقہاء امت کی تصنیفات وتالیفات سے بھرپور تعاون حاصل کرتے ہوئے، جزئیاتِ فقہیہ سے بھی تقویت دیجائے، تاکہ مسئلہ بالکل منقیٰ ومجلیٰ ہوکر سامنے آجائے۔

اللھم وفقنا لماتحب وترضی. (آمین)

☆☆☆☆☆

کلماتِ تمہید

اسلام جناب نبی کریم ﷺ پر نازل ہونے والا ایسا دین ہے، جو پورے عالم انسانی کی دنیوی کامیابی اور اخروی نجات کا ضامن ہے، ہم مسلمان ہونے کے ناطے زندگی کے ہر شعبے میں اس کے احکام کے مکلّف و پابند ہیں، اور احکامِ اسلام پر عمل اسی صورت میں ممکن ہے جبکہ احکامِ شرعیہ کی معرفت و واقفیت حاصل ہو۔

احکامِ شرعیہ کو جاننے کے دو طریقے ہیں:

(۱) اجتہاد: جو مجتہد کے ساتھ خاص ہے۔ (۲) تقلید وفتویٰ: جو ان لوگوں کیلئے لازم ہے جنہیں مقامِ اجتہاد حاصل نہ ہو، اگر ایسے لوگ کسی مسئلہ میں حکمِ شرعی کے محتاج ہوں، تو ان پر واجب ہے کہ وہ اہلِ علم سے اس کا حکمِ شرعی معلوم کریں، کیوں کہ ارشادِ ربانی ہے :

﴿فسئلوا أهل الذكر إن كنتم لاتعلمون﴾.

ترجمہ: سو اگر تم کو معلوم نہ ہو تو اہلِ کتاب سے دریافت کرلو۔ (سورة الأنبياء:۷)

چنانچہ کسی مسلمان کیلئے کوئی تصرف یا کوئی فعل اس وقت تک جائز نہیں، جب تک کہ اسے اس تصرف یا فعل کی بابت حکمِ خداوندی معلوم نہ ہو، اسی لئے فقہ کا قاعدہ ہے :

"لايجوز لمسلم أن يتصرف أو يفعل فعلاً إلا بعد معرفة حكم الله فيه".

(موسوعة القواعد الفقهية: ۸/۱۵)

فرائضِ خمسہ: کلمہ، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج اور علمِ اخلاص کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے، کیوں کہ صحتِ عمل اسی پر موقوف ہے، اسی طرح علمِ حلال وحرام، اور علمِ ریاء کا حاصل کرنا بھی فرض ہے، کیوں کہ عابد ریاء کے سبب اپنے عمل کے ثواب سے محروم ہوتا ہے، علمِ حسد وعُجب کا حاصل کرنا بھی فرض ہے، کیوں کہ یہ دونوں چیزیں نیک عمل کو ایسے ہی کھا جاتی

ہیں، جیسے آگ لکڑی کو، خرید وفروخت، نکاح وطلاق کا علم اس شخص پر حاصل کرنا فرض ہے، جو ان امور میں داخل ہونا چاہتا ہے، اُن الفاظ وکلمات کا علم حاصل کرنا بھی فرض ہے، جس سے انسان اسلام سے خارج ہوجاتا ہے۔

وفي تبيين المحارم :" لا شك في فرضية علم الفرائض الخمس، وعلم الإخلاص، لأن صحة العمل موقوفة عليه، وعلم الحلال والحرام، وعلم الرياء، لأن العابد محروم من ثواب عمله بالرياء، وعلم الحسد والعجب؛ إذ هما يأكلان العمل كما تأكل النار الحطب؛ وعلم البيع والشراء، والنكاح والطلاق لمن أراد الدخول في هذه الأشياء، وعلم الألفاظ المحرمة أو المكفرة ". (ردالمحتار:۱/۱۲۶)

زیرِ نظر کتاب ﴿**المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة**﴾ (یعنی وہ اہم مسائل جن میں ابتلائے عام ہے) ان دوسوچھبیس **(۲۲۶)** محقق ومدلل، آیاتِ قرآنیہ واحادیثِ نبویہ سے مزین مسائل کا مجموعہ ہے، جسے دارالإفتاء کے طلباء ہر روز بعد نمازِ ظہر بعنوان **"مسئلہ"** جامعہ کی مسجد (مسجدِ میمنی) میں پڑھتے رہے، درحقیقت یہ مسائل نہیں بلکہ فتاویٰ ہیں، کیوں کہ جب بھی مدیرِ شاہراہ "ابوحمزہ" وستانوی زید مجدہ، یا کسی استاذِ محترم، یا کسی طالبِ جامعہ نے کسی مسئلہ میں ابتلائے عام دیکھا، تو دارالإفتاء کو اس جانب متوجہ کیا، اور دارالإفتاء نے پوری صورتِ مسئلہ قلمبند کرکے اس پر آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ نبویہ، عباراتِ فقہیہ اور قواعدِ فقہ کی روشنی میں، احکامِ شرعیہ کی تخریج وتطبیق کی۔

الحمدللہ! طلباء، اساتذہ، ٹیچرس (Teachers) پروفیسرس (Professors) حضرات کی طرف سے حوصلہ افزا کلمات، اور اس کی افادیت کی اطلاعات ملتی رہیں، تو دارالإفتاء نے یہ سلسلہ احاطۂ جامعہ (Campus) میں واقع تمام مسجدوں میں جاری کیا، اب اس کی

افادیت کومزید عام کرنے کی خاطر اسے کتابی شکل دی جارہی ہے، اگر ائمۂ مساجد کسی بھی نماز کے بعد اس کتاب سے روزانہ ایک مسئلہ اپنے مقتدیوں کو سنانے کا اہتمام کرلیں، تو اللہ کی ذات سے امید ہے کہ دینی اعتبار سے اس کا بڑا فائدہ ہوگا، اور لوگوں کو دین کے اہم مسائل نہ صرف معلوم ہونگے بلکہ ان کی عبادتوں، معاشرتوں اور معاملات میں کافی حد تک سدھار واصلاح ہوگی، جو دینِ اسلام کا عظیم مقصد ہے۔ وما توفیقي إلا بالله. فقط

(مفتی) محمد جعفر (صاحب) ملی رحمانی

دار الإفتاء

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا، نندربار

۱۵/ ۷/ ۱۴۳۰ھ / م ۸/ ۷/ ۲۰۰۹ء

برائے رابطہ:

DARUL IFTA
Jamia Islamia Ishaatul Uloom
Akkalkuwa Dist.Nandurbar(M.S)425415
Phone & Fax: 02567 52556
E-mail jafarmilly@gmail.com
E-mail fatawaakkalkuwa@gmail.com
http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

☆☆☆☆☆

كتاب الإيمان والعقائد

(ایمان اور عقائد کا بیان)

توبہ کا صحیح طریقہ

مسئلہ (۱): بعض لوگ توبہ کرتے وقت اپنے رخساروں کو تھپتھپاتے ہیں شرعاً یہ طریقہ درست نہیں بلکہ محض ایک رسم ہے، توبہ کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ گناہوں پر ندامت ہو، آئندہ گناہوں سے بچنے کا پختہ ارادہ ہو اور اگر شریعت نے اس گناہ کے لیے کوئی کفارہ متعین کیا ہو تو کفارہ ادا کرے اور اگر معصیت کا تعلق کسی آدمی کے حق سے ہے تو وہ حق ادا کیا جائے یا اس سے معاف کرالیں۔[۱]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿يآيها الذين آمنوا توبوا إلى الله توبة نصوحا﴾ . (التحريم:۸)

ما في الحديث : عن عبد الله رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " التوبة من الذنب أن يتوب منه ثم لا يعود فيه ". (المسند للإمام أحمد بن حنبل:۱۹۸/۴، رقم الحديث:۴۲۶۴)

ما في "شرح مسلم للنووي": قال أصحابنا وغيرهم من العلماء: التوبة ثلاثة شروط أن يقلع عن المعصية وأن يندم فعلها وأن يعزم عزماً جازماً أن لا يعود إلى مثلها أبداً، فإن كانت المعصية متعلق بآدمي فلها شرط رابع وهو رد الظلامة إلى صاحبها أو تحصيل البراءة منه.

(۲۹۳/۸، باب في استحباب الاستغفار والاستكثار فيه، مرقاة المفاتيح:۲۴۱/۵، باب الاستغفار والتوبة)

ما في "الموسوعة الفقهية الكويتية": وفي الاصطلاح : التوبة هي الندم والإقلاع عن المعصية =

کسی کو اللہ کے صفاتی نام کے ساتھ پکارنا

مسئلہ (۲): جن لوگوں کے نام اللہ تعالی کے صفاتی نام پر ہوں، جیسے عبدالرحمٰن، عبدالقیوم وغیرہ، ایسے شخص کو اے رحمٰن اے قیوم کہہ کر پکارنا ایک قسم کی سوءِ ادبی ہے، لہذا اس طرح پکارنے سے احتراز کرکے پورا نام لینا چاہیے، اگر کوئی شخص قصداً اس طرح پکارے تو یہ کفر ہے، کیونکہ کسی کی تعظیم کرتے ہوئے اللہ پاک کا نام بولنا اس کو اللہ کے درجہ میں تسلیم کرنا ہے جو موجبِ کفر ہے، الا یہ کہ پکارنے والا معنیٰ لغوی کا قصد کرے تو موجبِ کفر نہیں، تاہم احتیاط اسی میں ہے کہ پورا نام لیا جائے۔ (۱)

= من حيث هي معصية . وهو العزم على عدم العود إليها إذا قدر . والندم توجع القلب وتحزنه لما فعل وتمنى كونه لم يفعل فحقيقة التوبة الرجوع إلى الله بالتزام فعل ما يجب وترك ما يكره .(۱۴/۱۱۹) (کتاب الفتاوی:۱/۴۰۲)

الحجة على ماقلنا

(۱) ما في "شرح الفقه الأكبر": ومن قال لمخلوق يا قدوس أو القيوم أو الرحمٰن أو قال إسما من أسماء الخالق كفر وهو يفيد أنه من قال لمخلوق يا عزيز ونحوه يكفر أيضاًإلا إن أراد بهما المعنى اللغوي لا الخصوص الإسمي . والأحوط أن يقول يا عبد العزيز ويا عبد الرحمٰن.

(ص۱۹۳، مكتبه حقانيه ملتان، ص۲۳۸، مكتبه أشرفي بكڈپو ديوبند)

ما في " الدر المختار مع الشامية": قال أبو الليث : لا أحب للعجم أن يسموا عبد الرحمٰن وعبد الرحيم لأنهم لا يعرفون تفسيره ويسمونه

بالتصغير. تاتارخانية، وهذا مشتهر في زماننا حيث ينادون من إسمه عبد الرحيم وعبد الكريم أو عبد العزيز مثلاً فيقولون رحيم وكريم وعزيز بتشديد ياء التصغير.

(۵/۵۱۲، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع)=

حدیث سنانے پر یہ کہنا کہ میں اسے بار بار سن چکا ہوں

مسئلہ (۳): اگر کوئی شخص کسی کو کوئی حدیث شریف سنائے اور اس پر وہ شخص یہ کہے میں تو اسے بار بار سن چکا ہوں، اگر اس کا یہ قول استخفافاً ہے تو اس کے لئے ایمان ونکاح کی تجدید اور توبہ لازم ہے، اور اگر استخفافاً نہیں ہے تو موجبِ کفر نہیں ہے۔ (۱)

= ما في "الشامية": بقاعد فقهية سداً للذرائع :" ما كان سبباً لمحظور فهو محظور " .
(۲۲۳/۵، نعمانيه)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": "وكل ما أدى إلى ما لا يجوز لا يجوز ". (۴۳۲/۹)
(فتاوی یوسفیہ:۳۱۳/۱،فتاوی محمودیہ:۳۸۸/۱۹)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الفتاوى البزازية على هامش الهندية": من سمع حديثه عليه السلام فقال سمعناه كثيراً بطريق الاستخفاف يكفر. والحاصل أنه إذا استخف بسنة أو حديث من أحاديثه عليه السلام كفر . (۳۲۸/۶، كتاب الألفاظ تكون مسلما، الباب الثالث)

ما في "مجمع الأنهر": من استخف بسنة أو حديث من أحاديثه عليه الصلاة والسلام أو رد حديثاً متواتراً أو قال سمعناه كثيراً بطريق الاستخفاف كفّر .

(۵۰۶/۲ كتاب السير والجهاد تم ان الفاظ الكفر انوع)

ما في "البحر الرائق": واختلفوا فيمن قال لو لم يأكل آدم عليه الصلاة والسلام الحنطة ما صرنا أشقياء ، وبرده حديثاً مروياً إن كان متواتراً أو قال على وجه الاستخفاف سمعناه كثيراً . (۲۰۴/۵، كتاب السير، باب أحكام المرتدين) (فتاوی یوسفیہ:۵۱۴/۱)

غیر اللہ کی قسم کھانا جائز نہیں

مسئلہ (۴): قسم کا مقصد تقدیس و تعظیم ہے اور وہ صرف اللہ کے ساتھ مختص ہے، اس لیے مخلوق میں سے کسی شخص یا اس کے سر، گلے اور زندگی کی قسم کھانا اگر اس اعتقاد کے ساتھ ہو کہ وہ بھی ایسا ہی مقدس و معظم ہے جیسے باری تعالیٰ کی ذات ہے، تو اس طرح کی قسم کھانے کو حدیثِ پاک میں کفر و شرک قرار دیا گیا ہے، اس لیے ایسی قسم کھانا ہرگز جائز نہیں بلکہ سخت گناہ ہے، ضرورت پیش آنے پر صرف اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات کی قسم کھانا چاہیے اور بات بات پر قسم کھانے سے بھی بچنا چاہیے کیونکہ یہ خلافِ اولیٰ ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": عن ابن عمر رضي الله عنهما أن رسول اللهﷺ قال: " إن الله ينهاكم أن تحلفوا بآبائكم ، من كان حالفاً فليحلف بالله أو ليصمت ".

(صحيح البخاري: ۹۸۳/۲، رقم الحديث: ۶۶۴۶، كتاب الإيمان والتقدير لا تحلفوا بآبائكم)

ما في "الحديث": عن ابن عمر رضي الله عنهما قال : سمعت رسول اللهﷺ يقول : " من حلف بغير الله فقد أشرك ".

(السنن لأبي داود: رقم الحديث : ۳۲۵۱، السنن للترمذي : رقم الحديث : ۱۵۳۰)

ما في 'مرقاة المفاتيح": أي معتقد تعظيم ذلك الغير فقد أشرك أي شركاً جلياً أو خفياً لأنه أشرك المحلوف به مع الله تعالى في التعظيم المخصوص به.

(۵۳۸/۶، رقم الحديث: ۳۴۱۹، كتاب الإيمان والتقدير)

ما في "موسوعة فتح الملهم مع التكملة": والحكمة في النهي عن الحلف بالآباء أنه يقتضي تعظيم المحلوف به وحقيقة العظمة مختصة بالله تعالىٰ جلت عظمته فلا يضاهي به غيره.....

.....ظاهر الحديث تخصيص الحلف بالله تعالىٰ خاصة لكن =

توہینِ فتویٰ کا حکمِ شرعی

مسئلہ (۵): بہت سے حضرات مسائلِ شرعیہ یعنی فتووں کی یہ کہہ کر تحقیر کرتے ہیں کہ یہ مفتیوں کی خانہ ساز باتیں ہیں، لہذا اس کا کوئی اعتبار نہیں، یا آج ان فتووں پر کون عمل کرتا ہے، اس طرح کی دیگر توہین آمیز باتیں فتاوی کے متعلق کہی جاتی ہیں، اگر یہ باتیں دیدہ ودانستہ، شریعت کی توہین واستخفاف کے لئے کہی جائے تو کہنے والے کے کفر کا اندیشہ ہے، اس لئے اس طرح کی باتوں سے کلی اجتناب ضروری ہے۔ (۱)

=قد اتفق الفقهاء على أن اليمين تنعقد بالله وصفاته العلية ..... قال ابن عبد البر: لا يجوز الحلف بغير الله بالإجماع ومراده بنفي الجواز، الكراهة أعم من التحريم والتنزيه فإنه قال في موضع آخر: أجمع العلماء على أن اليمين بغير الله منهي عنها.

(۸/۱۵۶، ۱۵۷، كتاب الإيمان، رقم الحديث: ۴۲۳۳)

ما في "فتاوى معاصرة للدكتور وهبة الزحيلي": والحلف بغير الله أو بحياة أحد من المخلوقين أو رأسه من غير تقديس مكروه بأي صيغة كان، لا حرام، إن لم يعتقد في المحلوف به أن يعظم بالحلف به كما يعظم الله فإن اعتقد ذلك كفر..... والحلف يجب أن يكون بالله تعالى أو بأسمائه وصفاته فقط، لا بالنبي والملائكه والكعبة والحياة والأمانة..... ويكره تكرار الحلف بالله أو الإكثار منه لقوله تعالى: ﴿ولا تجعلوا الله عرضة لأيمانكم أن تبروا وتتقوا وتصلحوا بين الناس﴾ [البقرة: ۲/۲۲۴].....وأما حديث: "من حلف بغير الله فقد أشرك"، فالمراد به: أن من اعتقد بتقديس أو تعظيم غير الله مثل تعظيم الله فهو كافر أو مشرك، أما إذا جرى اليمين على لسانه من غير هذا القصد فيكون قوله مكروها.

(ص۲۷۶، ۲۷۷، العقيدة والأخلاق والآداب، ما حكم الحلف بغير الله تعالى)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الفتاوى الهندية": رجل عرض عليه خصمه فتوى الأئمة فردها وقال: "چه بارنامه فتوى آورده". قيل يكفر لأنه رد حكم الشرع وكذا لو لم يقل شيئاً لكن ألقى الفتوى على =

علماء وحفاظ کی توہین کا حکم

مسئلہ (۶): علم اللہ کی صفت ہے اور اللہ اپنی اس صفت سے اپنے پسندیدہ بندوں کو ہی نوازتے ہیں، تاکہ وہ نائبِ رسول بن کر لوگوں کو راہِ شریعت بتلائے۔ بلا کسی سببِ ظاہری اور عداوتِ دنیوی، کسی عالمِ دین یا حافظِ قرآن کی اہانت درحقیقت علمِ دین کی اہانت ہے، جس کو کفر قرار دیا گیا ہے، اس لئے اس سے کلی اجتناب ضروری ہے۔[1]

= الأرض وقال : " ایں چه شرع است" کفر.

(۲۷۲/۲، کتاب السیر، الباب التاسع في أحكام المرتدين ، مطلب موجبات الكفر ومنها ما يتعلق بالعلم والعلماء ،الفتاوى التاتارخانية :۲۶۲/۴، كتاب أحكام المرتدين ، فصل في العلم والعلماء ...الخ)

ما في "الفتاوى البزازية على هامش الهندية": رجع من مجلس العلم فقال آخر:" از كشت آمدا ". وقال:" مرا بعلم چه كار ". أو قال : من يقدر على أداء ما يقولون أو ألقى الفتوى على الأرض أو قال: " چه بار نامه آوردى " عند روية الفتوى أو قال: " ايں چه شرع است " يكفر لأنه رد حكم الشرع .

(۳۳۷/۶، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً وكفراً ، الفصل الثاني ، النوع الثامن في استخفاف العلم والعلماء)

ما في "ما لا بد منه": اگر به سوئے فتوی دید وگفت که ایں چه بار نامه فتوی آوردی اگر شریعت را سبک دانسته گفت کافر شود . (ص۱۳۳، بيان كلمات كفر)

ما في " الموسوعة الفقهية ": اتفق الفقهاء على كفر من استخف بالأحكام الشرعية من حيث كونها أحكاماً شرعية مثل استخفاف بالصلاة أو الزكاة أو الحج أو الصيام أو لاستخفاف بحدود الله كحد السرقة والزنى . (۲۵۱/۳ ، استخفاف)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر": وفي البزازية: فالاستخفاف بالعلماء لكونهم علماء استخفاف بالعلم ، والعلم صفة الله تعالى منحه فضلاً على خيار عباده ليدُلوا خلقه على شريعته =

قرآنی آیات طشتری یا برتن پر لکھ کر مریض کو پلانا

مسئلہ(۷): بہت سے عامل حضرات مریض کو طشتری یا کسی برتن پر زعفران یا روشنائی سے قرآنی آیات لکھ کر دیتے ہیں، پھر اس میں پانی ڈال کر مریض کو پینے کو کہتے ہیں، ایسا کرنا شرعاً جائز ہے بشرطیکہ اس کو مؤثرِ حقیقی نہ سمجھا جائے۔(۱)

= نيابة عن رسله فاستخفافه بهذا يعلم أنه إلى من يعود ..... ومن أهان الشريعة أو المسائل التي لا بد منها كفر ومن أبغض عالماً من غير سبب ظاهر خيف عليه الكفر ولو شتم فم عالم فقهية يكفر.

(٥٠٩/٢ ،كتاب السير، باب المرتد في الاستخفاف بالعلم ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية :٣٣٦/٦ ،كتاب السير، الثامن في الاستخفاف بالعلم)

ما في "الفتاوىٰ الهندية": يخاف عليه الكفر إذا شتم عالماً أو فقيهاً من غير سبب.

(٢٧٠/٢ ،كتاب السير، الباب التاسع في أحكام المرتدين ومنها ما يتعلق بالعلم والعلماء)

ما في "خلاصة الفتاوى": ومن أبغض عالماً بغير سبب ظاهر خيف عليه الكفر.

(٣٨٨/٤ ،كتاب ألفاظ الكفر، الجنس الثامن في استخفاف العلم والعلماء، فتاوى قاضيخان على هامش الهندية :٥٧٥/٣)

ما في "إعلام الموقعين": بقاعدة فقهية :" وسيلة المقصود تابعة للمقصود وكلاهما مقصود ".

(١٧٥/٣ ، فصل في سد الذرائع)

وما في "المقاصد الشرعية للخادمي": " إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرماً وتكون واجبة إذا كان المقصد واجباً ". (ص٤٦)

الحجة على ما قلنا

(١) ما في "جامع الأحكام الفقهية للإمام القرطبي في تفسيره": مسئلة : جواز النشرة: وهي أن يكتب شيئاً من أسماء الله أو من القرآن ثم يغسله بالماء ثم يمسحه به المريض أو يسقيه.

(٣٥٢/٣ ،كتاب الطب ، رقم المسئلة :٢٠٤٥) =

.....

.....

= وما "في الموسوعة الفقهية": وأما حكم النشرة فقد ذهب جمهور الفقهاء إلى أنه جائز وهو قول سعيد بن المسيب وعائشة وأبي عبد الله الطبري . وكانت عائشة رضي الله عنها تقرأ بالمعوذتين في إناء ثم تأمر أن يصيب على المريض. (۲۵/۱۳)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": وفي المجتبى : اختلف في الاستشفاء بالقرآن بأن يقرأ على المريض أو الملدوغ الفاتحة ..... أو يكتب في ورق ويعلق عليه أو في طست ويغسل ويسقى . وعن النبي ﷺ أنه كان يعوذ نفسه، قال علي رضي الله عنه وعلى الجواز عمل الناس اليوم . (۴۴۳/۹، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس، قبيل فصل في النظر والمس)

وما في "جامع الأحكام الفقهية للإمام القرطبي في تفسيره": اختلف العلماء في النشرة، وهي أن يكتب شيئاً من أسماء الله أو من القرآن ثم يغسله بالماء ثم يمسحه به المريض فأجازها سعيد بن المسيب قيل له : الرجل يؤخذ عن امرأته أيحل عنه وينشر؟ قال: لا بأس به، وما ينفع لم ينه عنه، ولم ير المجاهد أن تكتب آيات من القرآن ثم يغسل ثم يسقاه صاحب القرع .

(۳۵۲/۳ ،كتاب الطب)

وما في "موسوعة تكملة فتح الملهم": أما كتابة المعوذات وتعليقها في عنق الصبيان والمرضى، أو كتابتها وسقى مدادها للمريض فقد ثبت عن عدة من الصحابة والتابعين .....وقال الحافظ ابن تيمية في فتاواه [۶۴/۱۹] : ويجوز أن يكتب للمصاب وغيره من المرضى شيئاً من كتاب الله وذكره بالمداد المباح ويغسل ويسقى كما نص على ذلك أحمد وغيره .... الخ . (۲۷۶/۱۰، ۲۷۷، كتاب الطب، باب رقية المريض بالمعوذات والنفث)

ما في "الفتاوى الهندية": واختلف في الاسترقاء بالقرآن ونحوه أن يقرأ على المريض والملدوغ أو يكتب في ورق ويعلق أو يكتب في طست فيغسل ويسقى المريض فأباحه عطاء ومجاهد وأبو قلابة ، وكرهه النخعي والبصري.

(۳۵۶/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الثامن عشر في التداوي والمعالجة)

جنتریوں سے فال نکالنا شرعاً کیسا ہے؟

مسئلہ (۸): آج کل بازاروں میں ایسی جنتریاں دستیاب ہیں جن میں مختلف طریقوں سے فال نکالنے کے طریقے اور پیشن گوئیاں درج رہتی ہیں، ان فالناموں کو کھولنا اور ان کی خبروں پر یقین رکھنا، اسی طرح ان جنتریوں کی پیشن گوئیوں پر اعتقاد رکھنا شرعاً باطل ہے، لہذا ایسی جنتریوں کو خریدنے اور انہیں استعمال کرنے سے بچنا شرعاً واجب ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولا تقف ما ليس لک به علم﴾. (سورة الإسراء: ۳۶)

ما في "الحديث": عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال: " من أتى حائضاً أو امرأة في دبرها أو كاهناً فقد كفر بما أنزل على محمد ".

(السنن للترمذي: ۱/۳۵، كتاب الطهارة، باب ما جاء في كراهية إتيان الحائض)

وما في "الحديث": عن بعض أزواج النبي ﷺ عن النبي ﷺ قال: " من أتى عرافاً فسأله عن شيء فصدقه بما يقول لم تقبل له صلاة اربعين يوماً ".

(الصحيح لمسلم: ۲/۲۳۲، كتاب الطب، باب تحريم الكهانة وإتيان الكهان، رقم الحديث: ۵۸۲۴)

ما في "القول المفيد على كتاب التوحيد": فسؤال العراف ونحوه ينقسم إلى أقسام: القسم الأول: أن يسأله سوالاً مجرداً فهذا حرام لقول النبي ﷺ: " من أتى عرافاً ... " فإثبات العقوبة على سواله يدل على تحريمه إذ لا عقوبة إلا على فعل محرم. القسم الثاني: أن يسأله فيصدقه ويعتبر قوله فهذا كفر لأن تصديقه في علم الغيب تكذيب للقرآن حيث قال تعالى: ﴿قل لايعلم من في السمٰوٰت والأرض الغيب إلا الله﴾. القسم الثالث: أن يسأله ليختبره هل هو صادق أو كاذب لا لأجل أن يأخذ بقوله فهذا لا بأس به ولا يدخل في الحديث. القسم الرابع: أن يسأله ليظهر عجزه وكذبه فيمتحنه فى أمور يتبين بها كذبه وعجزه وهذا مطلوب وقد يكون واجباً.

(۲/۲۰، ۲۱، باب ما جاء في الكهان ونحوهم)

ما في "المقاصد الشرعية للخادمي": إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرماً وتكون واجبة إذا كان المقصد واجباً. (ص ۴۶)

الٹا جوتا یا چپل رکھنے سے کام بگڑ جاتا ہے؟

مسئلہ (۹): بعض لوگ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ الٹا جوتا یا چپل اگر درست نہ کیا جائے تو اس سے کام بگڑ جاتا ہے، گھر میں جھگڑے ہوتے ہیں، کام الٹے ہو جاتے ہیں وغیرہ، اس لئے جلد از جلد اس کو سیدھا کر دیا جائے، یہ عقیدہ رکھنا سراسر غلط ہے، البتہ کسی بھی چیز کو وضعِ اصلی کے مطابق رکھنا دائرۂ ادب وتہذیب میں داخل ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(١) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ما أصاب من مصيبة في الأرض ولا في أنفسكم إلا في كتٰب من قبل أن نبرأها﴾ . (سورة الحديد : ٢٢)

ما فى "روح المعاني": والكلام على العموم بجميع الشرور أي مصيبة أي مصيبة في الأرض كجدب وعاهة في الزرع والثمار والزلزلة وغيرها ولا في أنفسكم كمرض وآفة كالجرح والكسر إلا في كتاب أي إلا مكتوبة مثبتة في اللوح المحفوظ وقيل في علم الله عزوجل .

(٢٨٥/١٥)

وما في "التفسير الكبير": هذه الآية دالة على أن جميع الحوادث الأرضية قبل دخولها في الوجود مكتوبة في اللوح المحفوظ . (٤٦٧/١٠)

وما في " القرآن الكريم ": ﴿قالوا إنا تطيرنا بكم﴾ . (سورة يٰسٓ:١٨)

ما في "تفسير المظهري": يعنون أن ما نزل بنا إنما هو بشومكم وذلك لاستغرابهم ما ادعوه واستقباحهم له وتنفرهم عنه فإن عاده الجهال أن يتمنوا كل شيء مالت إليه طباعهم ويتشاء موا ما كرهوه . (٣٥/٨)

وقال تعالى : ﴿قالوا الطيرنا بك وبمن معك﴾ . (سورة النمل: ٤٧)

ما في "معارج التفكر ودقائق التدبر": والتطير هو التشاء م بالأشياء وبالأشخاص أو بمسموع أو مرئي أو نحو ذلك. (٣٩٩/٩) =

صبح کے وقت دوکاندار کا ادھار سامان نہ دینا

مسئلہ (۱۰): بہت سے دوکاندار صبح سویرے ادھار دینے کو منحوس سمجھتے ہیں اور یہ خیال کرتے ہیں کہ اگر صبح میں ادھار دیا جائے تو شام تک ادھار ہی فروخت ہوگا، یا کسی کام کے کیلئے جاتے وقت بلّی اگر سامنے سے گزر جائے تو یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ کام پورا نہیں ہوگا، یا کسی کے گھر الّو بیٹھے یا بولے تو کسی کی موت واقع ہوتی ہے یا گھر ویران ہوجاتا ہے، اسی طرح صفر کے مہینے میں شادی کو نامبارک سمجھتے ہیں، یہ خیالات اسلامی نقطۂ نگاہ سے بے بنیاد اور غلط ہیں (اور زمانۂ جاہلیت کی عکاسی کرتے ہیں)۔[1]

= ما في "الحديث": " الطيرة شرك قاله ثلاثاً وما منا إلا ولكن الله يذهبه بالتوكل ".
(السنن لأبي داود: ص ۵۴۶، كتاب الكهانة والتطير، رقم الحديث: ۳۹۱۰، السنن الترمذي: رقم الحديث: ۱۶۱۴)

ما في "المرقاة المفاتيح": إن الطيرة مصدر التطير وكان ذلك يصدهم عن مقاصدهم فنفاه الشرع، وأبطله ونهاهم عنه وأخبر أنه ليس له تأثير في جلب نفع أو دفع ضرر .... كانوا يجعلون العبرة في ذلك تارة بالأسماء وتارة بالأصوات وتارة بالسنوح وكانوا يهيجونها من أماكنها لذلك. (۸/۳۹۱، باب الفال والطيرة، بذل المجهود: ۱۱/۶۳۷، كتاب الكهانة والتطير، باب في الخط وزجر الطير)

ما في "مرقاة المفاتيح": من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرك أي شركاً جلياً. وقال القاضي: إنما سماها شركاً لأنهم كانوا يرون ما يتشاءمون به سبباً مؤثراً في حصول المكرو. (۸/۳۹۳، رقم الحديث: ۴۵۸۴)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنا إلاّ ما كتب الله لنا هو مولٰنا وعلى الله فليتوكل المؤمنون﴾. (سورة التوبة: ۵۱) =

.....

.....

= ما في "روح المعاني": أي لن يصيبنا إلاّ ما خط الله لأجلنا في اللوح ولا يتغير بموافقتكم ومخالفتكم، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى. (۱۲۲/۶)

ما في الكتاب: ﴿قالوا الطّيرنا بك وبمن معك﴾. (سورة النمل: ۴۷)

ما في "معارج التفكر والتدبر": والتطير هو التشاءم بالأشياء وبالأشخاص أو بمسموع أو مرئ أو نحو ذلك. (۳۹۹/۹)

وما في "الحديث": قال رسول الله ﷺ: "لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر". (الصحيح للبخاري: ۸۵۷/۲)

ما في "مرقاة المفاتيح": إن الطيرة مصدر التطير وكان ذلك يصدهم عن مقاصدهم فنفاه الشرع وأبطله ونهى عنه وأخبر أنه ليس له تاثير في جلب نفع أو دفع ضرر ..... كانوا يجعلون العبرة في ذلك تارة بالأسماء وتارة بالأصوات وتارة بالسنوح والبروح يهيجونها من أماكنها. (۳۹۱/۸، باب الفال والطيرة، بذل المجهود: ۶۳۷/۱۱)

ما في "القول المفيد على كتاب التوحيد": (ولا هامة) ..... التفسير الثاني: أن بعض العرب يقولون الهامة هي الطير المعروف لكنهم يتشاءمون بها فإذا وقعت على بيت أحدهم ونعقت قالوا: إنها تنعق به ليموت ويعتقدون أن هذا دليل قرب أجله، وهذا كله بلا شك عقيدة باطلة ..... (ولا صفر) قيل إنه شهر صفر كانت العرب يتشاءمون ولا سيما في النكاح ..... وهذه النفي في هذه الأمور الأربعة ليس نفياً للوجود لأنها موجودة ولكنه نفي للتاثير فالمؤثر هو الله، فما كان منها سبباً معلوماً فهو سبب صحيح، وما كان سبباً موهوم فهو سبب باطل، ويكون نفياً لتاثيره بنفسه إن كان صحيحاً ولكونه سبباً إن كان باطلاً.

(۹۹/۲، باب ما جاء في التطير)

بلی کے رونے کی آواز سن کر اسے بھگا دینا

مسئلہ (۱۱): بعض لوگ بلی کے رونے کی آواز سن کر یہ کہتے ہیں کہ اس کو بھگا دو، ورنہ کوئی مر جائے گا، اسی طرح کچھ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ مرد کی بائیں آنکھ اور عورت کی دائیں آنکھ پھڑکنے سے کوئی مصیبت یا رنج ہوتا ہے اور یہ خیال کرتے ہیں کہ ہتھیلی میں خارش یعنی کھجلی ہونے سے مال ملتا ہے، یا جوتے پر جوتا چڑھنے سے سفر پیش آتا ہے، یہ تمام باتیں غلط، بے بنیاد اور توہم پرستی ہیں، جن کا شریعتِ اسلامی سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿قل لن يصيبنا إلا ما كتب الله لنا هو مولٰنا وعلى الله فليتوكل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة: ۵۱)

ما في "تفسير روح المعاني": أي لن يصيبنا إلا ما حظ الله لأجلنا في اللوح ..... فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۱۱۶/۲)

ما في "الموسوعة الفقهية": قد اتفق أهل التوحيدعلى تحريم التطير ونفي تأثيره في الحدوث الخير أو الشر لما في ذلك من الإشراك بالله في تدبير الأمور. (۱۸۳/۱۲)

ما في "مرقاة المفاتيح": من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرك جلياً. (۳۹۱/۸)

وما في " القرآن الكريم ": ﴿قالوا الطيرنا بك وبمن معك﴾ .(سورة النمل:۴۷)

ما في "معارج التفكر والتدبر": والتطير هو التشاؤم بالأشياء وبالأشخاص أو بمسموع أم مرئ أو نحو ذلك . (۳۹۹/۹، القول المفيد على كتاب التوحيد: ۱۲/۱، باب التطير)

منڈیر پر کوّے کے بولنے سے مہمان وغیرہ کا آنا

مسئلہ (۱۲): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ مکان کی منڈیر پر کوے کے بولنے سے مہمان آتے ہیں، اسی طرح یہ بھی مشہور ہے کہ اگر مرغ اذان دے تو اس کو فوراً ذبح کردو کیوں کہ اس سے وبا پھیلتی ہے، یہ دونوں باتیں غلط، بے بنیاد اور توہم پرستی ہیں، جن کا دینِ اسلام سے کوئی واسطہ نہیں ہے، ہمیں اس طرح کے غلط خیالات سے بچنا چاہیے۔ (۱)

رات کے وقت پیڑ کو جلانا

مسئلہ (۱۳): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ رات کے وقت پیڑ کو نہ ہلایا جائے، کیوں کہ وہ سوتا ہے، ہلانے سے وہ بے چین ہوجاتا ہے، اسی طرح کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ جس شخص کو جھاڑو لگ جائے تو اس کا جسم سوکھ جاتا ہے، یا رات کو جھاڑو نہ لگاؤ کیوں کہ اس سے فقر وفاقہ کی نوبت آتی ہے، یہ تمام باتیں غلط، بے بنیاد اور توہم پرستی ہیں، شریعتِ اسلامی سے ان کا کوئی واسطہ نہیں ہے۔ (۲)

---

(۱) (دلائل ماقبل (مسئلہ نمبر ۱۱) میں گزر چکے ہیں)

(۲) (دلائل ماقبل (مسئلہ نمبر ۱۱) میں گزر چکے ہیں)

باب البدعات والرسومات

(بدعات ورسومات کا بیان)

ماہِ صفر کی چند رسومات

مسئلہ (۱۴): بعض لوگ ماہِ صفر کو منحوس سمجھتے ہیں اس لئے نہ تو اس میں شادیاں رچاتے ہیں اور نہ کوئی تعمیری کام کرتے ہیں، نہ کسی امرِ عظیم کا افتتاح کرتے ہیں، نہ اس کے لئے کوئی پلان ومنصوبہ بناتے ہیں۔

دوسری جانب بعض لوگ ماہِ صفر کے آخری بدھ کو مبارک ومسعود خیال کرتے ہیں، عمدہ کھانا پکاتے ہیں، شہر سے باہر پکنک کے لئے نکلتے ہیں، اس دن کو خوشی ومسرت کا دن سمجھتے ہیں، جبکہ یہ دونوں باتیں عقائدِ اسلام اور تاریخِ اسلام کے سراسر منافی ومخالف ہیں، کیونکہ عقائدِ اسلام میں کسی یوم وماہ (دن اور مہینہ) کو منحوس سمجھنے کی گنجائش نہیں ہے اور نہ تاریخِ اسلام سے یہ بات ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے ماہِ صفر کے آخری بدھ کو غسلِ صحت فرمایا، کیونکہ صفر کے آخر میں تو آپ کا مرض شروع ہوا، پہلے بخار ہوا، سر میں درد ہوا پھر تکلیف بڑھتی گئی اور ۱۲ ربیع الاول کو آپ کا وصال ہوا۔

اگر آخری بدھ کے دن منعقد کی جانے والی تقریبات میں ثواب کا اعتقاد رکھا جائے تو یہ بدعت ہے، لھذا اس طرح کے عقیدے اور رسومات سے کلی اجتناب برتا جائے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿قل لن يصيبنا إلا ما كتب الله لنا هو مولٰينا﴾ . (سورة التوبة: ۵۱)

ما في "الحديث": " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر ". (الصحيح للبخاري: ۲/۸۵۷) =

تیجہ، دسواں اور چالیسواں کرنا کیسا ہے؟

مسئلہ (۱۵): بعض علاقوں میں میت کے ایصالِ ثواب کے لیے تیجہ، ساتواں، دسواں، چالیسواں، ششماہی اور سالانہ کا کھانا پکا کر کھلایا جاتا ہے، شرعِ اسلامی میں اس کی کوئی اصل نہیں، شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اپنی کتاب ''جامع البرکات'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ ''بہتر آنست کہ نہ خورد'' بہتر یہ ہے کہ اس طرح کا کھانا نہ کھائے۔=

= ما في "كتاب التوحيد": التطير هو التشاء م بمرئي أو بمسموع أو معلوم كالتشاء م ببعض الأيام أو بعض الشهور أو بعض السنوات فهذه لا ترى ولا تسمع ..... قوله : (ولا صفر) قيل إنه شهر صفر كانت العرب يتشاء مون به لا سيما في النكاح . (۹۳/۲، باب ما جا ء في التطير)

ما في "الكامل في التاريخ لإبن كثير": ابتدأ برسول الله مرضه أواخر صفر في بيت زينب بنت جحش . (۲۱۵/۲)

ما في "العقد الثمين في تاريخ البلد الأمين للإمام تقي الدين محمد بن أحمد الحسيني الفاسي المكي المتوفى سنة [۸۳۲ هجـ]":..... ثم سرية أسامة رضي الله عنه إلى أهل أبناء ، بالسراة ناحية بالبلقاء يوم الإثنين لأربع ليال بقين من صفر سنة إحدى عشرة لغزو الروم مكان قتل أبيه فلما كان يوم الأربعاء بدأ بالنبي ﷺ وجعه فحم وصدع فتوفى عليه الصلاة والسلام شهيدًا حين زاعت الشمس من ذلك اليوم يوم الإثنين لإثنتي عشرة ليلة خلت من ربيع الأول حين اشتد الضحى. (۴۱۲/۱)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": البدعة عرفها الشمني بأنها ما أحدث على خلاف الحق الملتقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة أو استحسان وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً.

(۲۵۶/۲، كتاب الصلوة ، مطلب : البدعة خمسة أقسام ، البحر الرائق : ۶۱۱/۱، باب الإمامة)

= اگر کسی کو ایصالِ ثواب کرنا ہی ہو تو شرعی طریقے پر کریں نہ اس میں کھانوں کی قید ہو اور نہ ہی دن مخصوص کئے جائیں، جو کچھ حسبِ وسعت میسر آئے غریبوں اور مسکینوں میں تقسیم کر دیں، رسمِ فاتحہ اور قل خوانی وغیرہ بدعت ہیں۔ (۱)

شادی گھر والوں کا آم یا جامن کے پتوں کا منڈپ ڈالنا

مسئلہ (۱۶): بعض علاقوں میں شادی کے موقع پر دولہا دلہن کے گھر اور منڈپ پر آم وغیرہ کے پتے ڈالے جاتے ہیں، جس کو ہر امنڈپ کہا جاتا ہے، اسی طرح گھر کے کسی کونے میں مٹی کھود کر وہاں مٹکے رکھ کر وہاں گیہوں وغیرہ ڈالے جاتے ہیں، جس کو بیل مٹکی =

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد ".

(صحيح البخاري: رقم الحديث:۲۶۹۷، كتاب الصلح)

ما في "كتاب التعريفات للجرجاني": البدعة هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي.(ص۴۷)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": ما أحدث على خلاف الحق الملتقى عن رسول الله ﷺ في علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً .

(۲۵۶/۲ ، مطلب البدعة على خمسة أقسام)

وما في "الدر المختار مع الشامية": ويكره اتخاذ الضيافة من الطعام من أهل الميت لأنه شرع في السرور لا في الشرور وهي بدعة مستقبحة ..... ويكره اتخاذ الطعام في اليوم الأول والثالث وبعد الأسبوع ونقل الطعام إلى القبر في المواسم .

(۱۳۸/۳ ، كتاب الجنائز ، مطلب كراهة الضيافة من أهل الميت ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية:۸۱/۴، الخامس والعشرون في الجنائز وفيه الشهيد ، نوع آخر ، فتح القدير :۱۵۱/۲ ، كتاب الجنائز ، قبيل باب الشهيد) (فتاویٰ عبدالحی:ص۹۰)

= کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے، اسی طرح ہلدی کا رنگ دیئے ہوئے چاول کپڑے میں باندھ کر دولہا اور دلہن کے ہاتھ پر باندھا جاتا ہے، جن کو کنگنا کہا جاتا ہے، یہ سب رسمیں مجموعہ بدعات وخرافات، غلط وبے بنیاد، ہندوانہ طرز ہیں، اس لیے ان تمام چیزوں کا ترک واجب اور لازم ہے۔[1]

دولہا اور دلہن کا سہرا اور گجرا باندھنا

مسئلہ (۱۷): شادی میں نوشہ کے سر پر سہرا باندھنا اور ہاتھوں اور گلے میں گجرے اور کنگن پہنانا، ہاتھ میں کٹار اور چاقو لینا جس میں لیمو لگا ہوتا ہے، اسی طرح بارات نکلنے سے پہلے گاڑی کے پہیوں کے نیچے ناریل یا انڈے پھوڑنا وغیرہ، یہ تمام رسمیں خالص ہندوانہ =

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "القرآن الكريم": ﴿ولا تركنوا إلى الذين ظلموا فتمسكم النار﴾ .

(سورة الهود:۱۱۳)

ما في "الجامع لأحكام القرآن للقرطبي": قال قتادة : معناه لا تؤدوهم ولا تطيعوهم وقال ابن جريج : لا تميلوا إليهم ، وقال أبو العالية : لا ترضوا بأعمالهم . (۱۰۸/۹)

ما في "الحديث": "أبغض الناس إلى الله ثلاثة: ملحد في الحرم ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية ، ومطلب دم امرئ مسلم بغير حق ليهريق دمه" . (الصحيح البخاري: ۱۰۱۶/۲)

ما في "فتح الباري شرح صحيح البخارى لإبن حجر العسقلانى:قوله: ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية. قيل المراد من يريد بقاء سيرة الجاهلية أو إشاعتها أو تنفيذها .

(۲۶۲/۱۲، رقم الحديث: ۶۸۸۲)

= تہذیب کی دین ہیں، جو اختلاط کی وجہ سے مسلمانوں میں رائج ہوگئیں، اس لیے ان سب رسموں کا چھوڑنا لازم ہے۔[۱]

مردوں کا شادی یا عیدین کے موقع پر مہندی لگانا

مسئلہ (۱۸): آج کل مرد بھی شادیوں اور عیدین کے موقعوں پر اپنے ہاتھوں کو مہندی لگاتے ہیں، جب کہ مرد کے لیے سر اور داڑھی کے بالوں کے علاوہ دیگر اعضاء پر مہندی لگانا شرعاً جائز نہیں ہے، البتہ عورتوں کے لیے مہندی لگانا نہ صرف جائز بلکہ باعثِ اجر وثواب ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": " من تشبه بقوم فهو منهم ".

(السنن لأبي داود:ص ۵۵۹، كتاب اللباس ، باب لبس الشهرة)

ما في "بذل المجهود": قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير عند الله تعالى.

(۱۲/۵۹، مرقاة المفاتيح :۸/۲۲۲، كتاب اللباس والزينة)

ما في "شرح الطيبي": قوله : "من تشبه بقوم" هذا عام في الخلق والخلق والشعار وإذا كان الشعار أظهر في التشبه. (۸/۲۳۲، رقم الحديث: ۴۳۷۴)

ما في "الحديث": " أبغض الناس إلى الله ثلاثة:ملحد في الحرم ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية، ومطلب دم امرئ مسلم بغير حق ليهريق دمه . (الصحيح للبخاري: ۲/۱۰۱۶)

ما في "فتح الباري": قوله: "ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية". قيل: المراد من يريد بقاء سيرة الجاهلية أو إشاعتها أو تنفيذها . (۱۲/۲۶۲ ، رقم الحديث: ۶۸۸۲)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية ": يستحب للرجل خضاب شعره ولحيته، "در مختار"، قوله: (خضاب شعره ولحيته) لا يديه ورجليه فإنه مكروه للتشبه بالنساء.

(۹/۵۱۸، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع) =

نکاح میں بارات کا مروجہ طریقہ شرعاً درست نہیں ہے

مسئلہ (۱۹): نکاح میں بارات کا مروجہ دستور شرعی چیز نہیں ہے، اپنی حیثیت اور وسعت سے زیادہ کا اہتمام کرنا اور غیر لازم کو لازم بنانا جائز نہیں ہے۔[1]

دعوتِ نکاح یا ولیمہ میں شریک ہونیوالوں کا لڑکے یا لڑکی کو ہدیہ دینا

مسئلہ (۲۰): بعض علاقوں میں نکاح یا ولیمہ کی دعوت میں شریک ہونے والے لوگ اپنی رضا ورغبت سے کچھ روپیہ یا کوئی سامان لڑکی یا لڑکے کو بطور ہبہ دیا کرتے ہیں، جس کا باقاعدگی سے رجسٹر میں اندراج بھی کیا جاتا ہے، تاکہ یہ معلوم ہو کہ کس نے دیا، اور دینے والے کی لڑکی یا لڑکے کی شادی کے موقع پر یہ بھی اپنی جانب سے کچھ ہدیہ پیش کرسکے، شرعاً یہ عمل جائز ہے، کیوں کہ آپ ﷺ کا ارشاد ہے: ''**تهادوا تحابوا** ''ہدیہ لیا دیا کرو۔=

= ما في "مرقاة المفاتيح": وأما خضب اليدين والرجلين فيستحب في حق النساء ويحرم في حق الرجال إلا للتداوي . (۲۹۴/۸ ، كتاب اللباس والزينة ، باب الترجل)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولا تبذر تبذيراً إن المبذرين كانوا إخوان الشياطين، وكان الشيطان لربه كفوراً﴾ . (سورة الإسراء:۲۷)

ما في "أحكام القرآن للجصاص": روي عن عبد الله بن مسعود وابن عباس رضي الله عنهم: التبذير إنفاق المال في غير حقه. (۲۵۷/۳)

ما في "الحديث": قال النبي ﷺ : " إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة ".

(شعب الإيمان للبيهقي: ۲۵۴/۵ ، رقم الحديث: ۶۵۶۶) (نظام الفتاوی:۲۰۵/۵)

= لیکن اگر نقد روپیہ یا سامان نہ دینے پر ملامت کی جاتی ہو یا سماج کا کوئی دباؤ ہو تو یہ جبراً وصولی نقد وسامان ہوگا، جو شرعاً جائز نہیں ہے۔[۱]

معانقہ دائیں جانب کرے یا بائیں جانب؟

مسئلہ (۲۱): جب ایک مسلمان دوسرے مسلمان سے ملاقات کرتا ہے اور اسے سلام کرتا ہے، تو اس سلام کو تحیۃ اللقاء، یعنی زندگی اور سلامتی کی دعاء دینا کہا جاتا ہے۔[۲] =

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": عن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : " من صنع إليكم معروفاً فكافئوه فإن لم تجدوا ما تكافئو به فادعوا له حتى تروا أنكم قد كافأتموه ". (السنن لأبي داود: ص ۲۳۵، كتاب الزكاة، باب عطية من سأل بالله، السنن للنسائي: ۱/ ۲۷۶، كتاب الزكاة ، من سأل بالله)

ما في "عون المعبود": قوله : ومن صنع إليكم معروفاً أي أحسن إليكم إحساناً قولياً أو فعلياً فكافئوه أي أحسنوا إليه مثل ما أحسن إليكم لقوله تعالى : ﴿هل جزاء الإحسان إلا الإحسان﴾. (سورة الرحمن : ۶۰) وقال تعالى : ﴿وأحسن كما أحسن الله إليك﴾. (سورة القصص:۷۷) . (۵/ ۵۴ ، باب عطية من سأل بالله)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": وفي الفتاوى الخيرية: وإن كان العرف خلاف ذلك بأن كانوا يدفعونه على وجه الهبة ولا ينظرون في ذلك إلى إعطاء البدل فحكمه حكم الهبة في سائر أحكامه فلا رجوع فيه بعد الهلاك أو الاستهلاك. والأصل فيه أن المعروف عرفاً كالمشروط شرطاً . (۸/ ۴۳۴ ، كتاب الهبة)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "الموسوعة الفقهية": التحية:.... أصله في اللغة الدعاء بالحياة.....فقد شرع لهم إذا تلاقوا ودعا بعضهم لبعض بأجمع الدعاء أن يقولوا : السلام عليكم ورحمة الله وبركاته..... حكم التحية الندب بلا خلاف بين جمهور الفقهاء.....أجمع العلماء على أن الابتداء بالسلام سنة مرغب فيها ورده فريضة لقوله تعالى: ﴿وإذا حييتم بتحية فحيوا بأحسن منها أو ردوها﴾. [سورة النساء :۸۶] (۱۰/ ۳۰۴ ، تحية)

= تحیۃ اللقاء صرف سلام سے ادا ہو جاتا ہے، البتہ مزید اظہارِ مسرت ومودّت کے لیے علی سبیل البدل (بدل کے طور پر) دو طریقے مشروع ہیں، ایک مصافحہ [۱] دوسرے معانقہ [۲]، سلام کے بعد دونوں میں سے کسی ایک ہی کو تمام تحیہ بنایا جاسکتا ہے، مصافحہ ومعانقہ دونوں کو جمع کرنے کا واضح ثبوت نہ ملنے کی وجہ سے یہ خلافِ سنت معلوم ہوتا ہے [۳]۔

معانقہ میں تیامن وتیاسر یعنی دونوں کا دائیں جانب یا دونوں کا بائیں جانب سے معانقہ کرنے کے بارے میں کوئی صراحت نہیں ملی، عام اصولِ شرع کے مطابق تیامن یعنی دونوں کا دائیں جانب سے معانقہ کرنا راجح معلوم ہوتا ہے، مگر معانقہ کا منشا فرطِ محبت ہے جس کا محل قلب ہے اور دونوں کا بائیں جانب سے معانقہ کرنے میں قلوب باہم زیادہ قریب ہوتے ہیں، اس لیے تیاسر یعنی بائیں جانب سے معانقہ کرنا راجح ہے، اسی لیے اس کا معمول ہے۔

---

(۱) ما في "الموسوعة الفقهية": المصافحة في الاصطلاح : إلصاق صفحة الكف بالكف وإقبال الوجه بالوجه . (۳۸/۱۸۴)

(۲) ما في "الموسوعة الفقهية": المعانقة مفاعلة من العنق ومعناها الضم والالتزام يقال : عانقه معانقة وعناقاً أدنى عنقه من عنقه وضمه إلى صدره. (۳۸/۱۸۴)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": (وكذا المعانقة) قال في الهداية : ويكره أن يقبل الرجل فم الرجل أو يده أو شيئاً منه أو يعانقه . وذكر الطحاوي أن هذا قول أبي حنيفة ومحمد، وقال أبو يوسف : لا بأس بالتقبيل والمعانقة لما روي أنه عليه الصلاة والسلام عانق جعفراً حين قدم من الحبشة وقبله بين عينيه. (۹/۶۴۶۴، كتاب الحظر والإباحة)

(۳) ما في "السنن لأبي داود": عن البراء رضي الله عنه قال : قال رسول اللهﷺ: " ما من مسلمين يلتقيان فيتصافحان إلا غفر لهما قبل أن يفترقا ".

(ص۷۰۸ ، رقم الحديث : ۵۱۷۰، كتاب الأدب، السنن الترمذي : ۲/۱۰۲، كتاب الاستئذان والأدب ، المصنف لإبن أبي شيبة : ۱۳/۱۸۵، رقم الحديث : ۲۶۲۳۱، كتاب الأدب، شعب الإيمان للبيهقي: ۶/۴۷۴ ، رقم الحديث : ۸۹۵۶) =

ویلنٹائن ڈے (Valentine day) کا شرعی حکم

مسئلہ (۲۲): اسکولوں اور کالجوں میں ہر سال ۱۴ر فروری کو ویلنٹائن ڈے (Valentine day) کے نام سے ایک جشن منایا جاتا ہے، جس میں آپس میں اسٹوڈینٹس (Studentes) ایک دوسرے کو گلاب کا پھول وغیرہ پیش کر کے محبت کا=

= ما في "السنن الترمذي": عن أنس رضي الله عنه أن أصحاب رسول الله ﷺ كان يصافح بعضهم بعضاً.

(كتاب الاستيذان والأدب، رقم الحديث: ۲۷۲۹، المصنف لإبن أبي شيبة: ۱۸۵/۱۹، رقم الحديث: ۲۶۲۳۳)

ما في "السنن الترمذي": عن عائشة رضي الله عنها قالت: قدم زيد بن حارثة المدينة ورسول الله ﷺ في بيتي فأتاه فقرع الباب فقام إليه رسول الله ﷺ عرياناً يجر ثوبه، والله ما رأيته عرياناً قبله ولا بعده فأعتنقه وقبله.

(۱۰۲/۲، كتاب الاستئذان والأدب، الصحيح البخاري: ۹۲۶/۲، كتاب الاستئذان)

ما في "المعجم الأوسط للطبراني": عن عون بن أبي جحيفة عن أبيه قال: قدم جعفر بن أبي طالب على رسول الله ﷺ من أرض الحبشة فقبل رسول الله ﷺ ما بين عينيه وقال: ما أدري أنا بقدوم جعفر أسر، أو بفتح خيبر. (۵۴۴/۱، رقم الحديث: ۲۰۰۳)

ما في "شعب الإيمان للبيهقي": عن الشعبي قال: كان أصحاب محمد ﷺ إذا التقوا صافحوا فإذا قدموا في سفر عانق بعضهم بعضاً.

(۴۷۵/۲، رقم الحديث: ۸۹۵۸، المصنف لإبن أبي شيبة: ۱۸۵/۱۳، رقم الحديث: ۲۶۲۳۴، مجمع الزوائد: ۳۶/۸، رقم الحديث: ۱۲۷۶۵)

=اظہار کرتے ہیں، یہ ویلنٹائن ڈے منانا شرعاً ناجائز وحرام ہے، کیونکہ یہ مغربی تہذیب کی دَین اور اس کی نشر واشاعت کے مترادِف ہے اور ہمیں اس تہذیب کی پیروی اور اس کی نشر واشاعت دونوں سے سختی کے ساتھ منع کیا گیا ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(١) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولاتركنوا إلى الذين فتمسكم النار﴾ . (سورة هود :١١٣)

ما في "تفسير المنير": ولا تميلو إلى الظالمين بمودة أو مداهنة أو رضىً بأعمالهم أو استعانة بهم أو اعتماد عليهم فتصيبكم النار بركونكم إليهم . (٤٩٢/٦)

وما "في الحديث": عن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال : " من كثر سواد قوم فهو منهم . ومن رضي عمل قوم كان شريكاً في عمله ".

(كنز العمال: ١١/٩ ، رقم الحديث:٣٤٧٣)

وما في "موسوعة قواعد الفقهية" : بقاعدة فقهية : " ما أفضى إلى الحرام كان حراماً " .

(٤٢/٩)

وما في " بدائع الصنائع" : " ما أدى إلى الحرام فهو حرام " . (٤٨٨/٦)

" الوسيلة إلى الحرام حرام ". (٢٦٨/١)

کتاب الطهارة

(پاکی کا بیان)

تر کپڑا پاک ہے

مسئلہ (۲۳): بعض لوگ کہتے ہیں کہ ناپاک کپڑا دھوکر جب تک سوکھ نہ جائے وہ پاک نہیں ہوتا اس میں نماز نہیں ہوتی، یہ خیال بالکل غلط ہے، کپڑا دھونے کے بعد پاک ہوجاتا ہے، اس کے ساتھ نماز بھی درست ہے اگر چہ کپڑا تر ہی کیوں نہ ہو۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿وينزل عليكم من السماء ماءً ليطهركم به﴾ . (سورة الأنفال: ۱۱)

ما في "تفسير المظهري": إن الماء إذا صب على النجس تنجس بأول الملاقاة فحصول الطهارة بالغسل ثلاثا. (۷/۳۴)

ما في "الصحيح للبخاري": وعن عائشة رضي الله عنها: "كنت أغسل الجنابة من ثوب رسول الله ﷺ فيخرج إلى الصلاة وإن بقع الماء في ثوبه".

(۱/۳۶، باب غسل المني وفركه، بذل المجهود: ۲/۱۵۵)

ما في "الصحيح المسلم": وعن عائشة رضي الله عنها: "أنه ﷺ كان يغسل المني ثم يخرج إلى الصلاة ذلك الثوب وأنا أنظر إلى أثر الغسل فيه".

(۱/۱۴۰، باب حكم المني، البحر الرائق: ۱/۳۸۹، باب الأنجاس)

ما في "حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح": لو جرى الماء على ثوب نجس وغلب على ظنه أنه طهر جاز استعماله وإن لم يكن، ثم غسل ولا عصر كما في التبيين والبناية.

(ص ۱۲۱، كتاب الطهارة، باب الأنجاس والطهارة) =

نجاستِ غلیظہ وخفیفہ کو پاک کرنے کا طریقہ

مسئلہ (۲۴): اگر کپڑے پر ایسی نجاست لگ جائے جو سوکھنے اور خشک ہونے کے بعد نظر آئے اور کپڑے کو بالٹی میں بھگو کر نکال لیا جائے اور اس کو نچوڑ لیا جائے اور نجاست زائل ہوجائے تو وہ پاک ہوگا اور اگر کپڑے پر ایسی نجاست لگ جائے جو خشک ہونے کے بعد نظر نہ آئے تو اس کو محض بالٹی میں بھگو کر نکال لینے سے وہ پاک نہیں ہوگا، بلکہ اس کی پاکی کے لیے اس کو تین مرتبہ دھونا اور ہر بار نچوڑنا ضروری ہے۔[1]

= ما في "البحر الرائق": يطهر البدن والثوب بالماء وهذا بالإجماع و أراد به الماء المطلق فتحصل الطهارة ..... كان الثوب في إجانة وأورد الماء عليه أو كان الماء فيها وأورد الثوب المنجس عليه عندنا فهو طاهر في محل نجس إذا الفضل سواء تغير أولا.

(۱/۳۸۴، ۳۸۶)

ما في "الفتاوى الهندية": وإذا غمس الرجل يده في السمن النجس أو أصاب ثوبه ثم غسل اليد أو الثوب بالماء يطهر. (۱/۴۲، الفصل السابع)

ما في "ترتيب اللآلي في سلك الأمالي": بقاعدة فقهية: "إذا زال المانع عاد الممنوع".

(۱/۲۸۰) (اغلاط العوام: ص۴۰)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "القرآن الكريم": ﴿وثيابك فطهر﴾. (سورة المدثر: ۴)

ما في "المبسوط للسرخسي": ولو غسل ثوب نجس في إجانة بماء نظيف ثم في أخرى فقد طهر الثوب وهذا استحسان. ثم المرئية لا بد من إزالة العين بالغسل وبقاء الأثر بعد زوال العين لا يضر وغير المرئية فإنها تغسل ثلاثاً. (۱/۲۲۲) =

ناپاک کپڑے کو پاک کرنے کا طریقہ

مسئلہ (۲۵): فقہاء کرام نے نجس کپڑے کو پاک کرنے کا طریقہ یوں بیان فرمایا ہے کہ اگر کپڑے پر نجاستِ مرئیہ (ایسی نجاست جو خشک ہونے کے بعد نظر آئے) لگی ہو تو عینِ نجاست کا دور کرنا ضروری ہے، خواہ اس کا اثر باقی رہے اور اگر کپڑے پر نجاستِ غیر مرئیہ (ایسی نجاست جو خشک ہونے کے بعد نظر نہ آئے) لگی ہو تو اس کی پاکی میں مفتی بہ قول کے مطابق بلا تعیینِ عددِ غسل غلبۂ ظن کا اعتبار کیا گیا ہے، اور تین مرتبہ دھونے =

= ما في "الدر المختار مع الشامية": أقول: لكن قد علمت أن المعتبر في تطهير النجاسة المرئية زوال عينها ولو بغسلة واحدة ولو في إجانة فلا يشترط فيها تثليث غسل ولا عصر. وأن المعتبر غلبة الظن في تطهير غير مرئية بلا عذر على المفتى به أو مع شرط تثليث على ما مر.

(۱/۴۷، باب الأنجاس)

ما في "الفتاوى التاتارخانية": ويجب أن يعلم أن إزالة النجاسة واجبة وإزالتها إن كانت مرئية بإزالة عينها وأثرها إن كانت شيئاً يزول أثرها ولا يعتبر فيه العدد. وإن كانت غير مرئية عن محمد في رواية الأصول أنه إذا غسل ثلاث مرات وعصر في المرة الثالثة يطهر وفي القدوري وما لم يكن مرئية فالطهارة موكولة إلى غلبة الظن وقدرنا بالثلاث لأن غلبة الظن يحصل عنده.

(۱/۳۰۵)

ما في "الفتاوى الهندية": وإزالتها إن كانت مرئية بإزالة عينها وأثرها إن كانت شيئاً يزول أثرها ولا يعتبر فيه العدد كذا في المحيط، فلو زالت عينها بمرة اكتفى بها ولو لم تزل بثلاثة تغسل إلى أن تزول ..... وإن كانت غير مرئية يغسلها ثلاث مرات.

(۱/۴۱، ۴۲، الفصل الأول في تطهير الأنجاس)

=اور ہر مرتبہ نچوڑنے کا حکم اس لیے دیا گیا کہ اس سے غلبۂ ظن حاصل ہو جاتا ہے، اگر اس طریقہ سے ناپاک کپڑے کو دھویا گیا تو وہ پاک ہوگا، خواہ وہ دھونے والا مسلمان ہو یا غیر مسلم۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "المبسوط للسرخسي": ثم المرئية لا بد من إزالة العين بالغسل وبقاء الأثر بعد زوال العين لا يضر . وغير المرئية فإنها تغسل ثلاثاً. (۱/۲۲۲)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": أقول : لكن قد علمت أن المعتبر في تطهير النجاسة المرئية زوال عينها ولو بغسلة واحدة ولو في اجانة فلا يشترط فيها تثليث غسل ولا عصر ، وأن المعتبر غلبة الظن في تطهير غير مرئية بلا عدد على المفتى به ، أو مع شرط التثليث على ما مر.

(۱/۴۸۰ ، باب الأنجاس)

ما في "الهداية": والنجاسة ضربان ؛ مرئية وغير مرئية ، فما كان منها مرئية فطهارتها بزوال عينها لأن النجاسة حلت المحل باعتبار العين فتزول بزواله إلا أن يبقى من أثرها ما يشق إزالته لأن الحرج مدفوع . وهذا يشير إلى أنه لا يشترط الغسل بعد زوال العين وإن زال بالغسل مرة واحدة وفيه كلام ، وما ليس بمرئي فطهارته أن يغسل حتى يغلب على ظن الغاسل أنه قد طهر ، لأن التكرار لا بد فيه الاستخراج ولا يقطع بزواله فاعتبر غالب الظن كما في أمر القبلة، وإنما قدروا بالثلاث لأن غالب الظن يحصل عنده فأقيم السبب الظاهر مقامه تيسيراً ويتأيد ذلك بحديث المستيقظ من منامه ثم لابد من العصر في كل مرة في ظاهر الرواية لأنه هو المستخرج.

(۱/۷۸، باب الأنجاس)

ما في " الفتاوى التاتارخانية ": ويجب أن يعلم أن إزالة النجاسة واجبة وإزالتها إن كانت مرئية بإزالة عينها وأثرها إن كانت شيئاً يزول أثرها، ولا يعتبر فيه العدد ..... وإن كانت غير مرئية كالبول والخمر ذكر في الأصل: وقال : يغسلها ثلاث مرات ويعصر في كل مرة ، وعن محمد =

ڈرائی کلیننگ (Dry Cleaning) سے کپڑے کی پاکی کا حکم

مسئلہ (۲۶): آج کل کوٹ پتلون یا شیروانی ڈرائی کلینر (Dry Cleaner) کے ذریعہ پٹرول وغیرہ سے دھوئے جاتے ہیں اس کی تین صورتیں ہوسکتی ہیں:

(۱) اگر یہ کپڑے پہلے سے پاک تھے اور ڈرائی کلیننگ (Dry Cleaning) کے وقت ان کے ساتھ ناپاک کپڑے نہ ملائے گئے ہوں تو ان کپڑوں کی پاکی متاثر نہ ہوگی اور وہ پاک ہی رہیں گے۔

(۲) اگر ان پر ایسی ناپاکی لگی تھی جو خشک ہونے کے بعد دکھائی دیتی ہے اور ڈرائی کلیننگ (Dry Cleaning) کے بعد وہ دور ہوگئی تو یہ کپڑے پاک ہونگے، کیونکہ نجاستِ مرئیہ میں عینِ نجاست کا ازالہ مقصود ہوتا ہے، خواہ وہ کسی بھی طریقہ سے حاصل ہو، البتہ ان دونوں صورتوں میں بھی احتیاط اسی میں ہے کہ کپڑے دھل کر آنیکے بعد خود ان کو پاک کرلیں۔

(۳) اگر کپڑوں پر ایسی ناپاکی لگی تھی جو خشک ہونے کے بعد دکھائی نہ دیتی ہو تو اس کی پاکی کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ اس کو تین بار دھویا جائے اور ہر بار نچوڑا جائے اور ڈرائی کلیننگ =

=في رواية الأصول أنه إذا غسل ثلاث مرات وعصر في المرة الثالثة يطهر ، وفي القدوري : وما لم يكن مرئية فالطهارة ماكولة إلى غلبة الظن وقدرنا بالثلاث لأن غلبة الظن يحصل عنده .

(۱/۳۰۵، ۳۰۶، الفصل الثامن في تطهير النجاسات ، مكتبة إدارة القرآن وعلوم الإسلامية كراتشي، بدائع الصنائع : ۱/۲۴۹ ، الفتاوى الهندية: ۱/۴۱، ۴۲ ، الباب الأول في تطهير الأنجاس)

=(Dry Cleaning) میں یہ صورت نہیں پائی جاتی اس لیے وہ ناپاک ہی رہیں گے اور دھل کر آنے کے بعد بھی ان کو پاک کرنے کے لئے شرعی ضابطہ کے مطابق دھونا ضروری ہوگا۔[1]

الحجة على ما قلنا

(١) ما في "الموسوعة الفقهية المقارنة التجريد للإما القدوري": قال أبوحنيفة وأبو يوسف رحمهما الله : يجوز إزالة النجاسة بجميع المائعات الطاهرة . (١/٦٠، رقم المسئلة:٢)

وما في " الدر المختار مع الشامية ": أقول لكن قد علمت أن المعتبر في تطهير النجاسة المرئية زوال عينها ولو بغسلة واحدة ولو في اجّانة كما مرّ فلا يشترط منها تثليث غسل ولا عصر . (١/٤٧٠)

وما في "حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح": ويطهر محل النجاسة غير المرئية بغسلها ثلاثا وجوبا والعصر كل مرّة يبالغ في المرّة الثالثة حتى ينقطع التقاطر والمعتبر قوّة عاصرٍ دون غيره . (ص ١٦١، الموسوعة الفقهية: ٢٩/٩٩)

وما في "المبسوط للإمام السرخسي": ولو غسل ثوب نجس في اجانة بماء نظيف ثم في أخرى فقد طهر الثوب . (١/٢٢٣، باب البئر)

وما في "الجوهرة النيرة": ويجوز تطهير النجاسة بالماء وبكل مائع طاهر، وعن أبي يوسف رحمه الله تعالى أنه فرق بين الثوب والبدن فقال: لا تزول النجاسة من البدن إلا بالماء المطلق اعتباراً بالحدث بخلاف الثوب فإنها تزول بكل مائع طاهر . (١/١٠٠، باب الأنجاس)

فصل في الوضوء والغسل

(فصل وضو اور غسل کے بیان میں)

اٹیچ باتھ روم میں وضو کرنا

مسئلہ (۲۷): آج کل اٹیچ باتھ روم (Bathroom) کا رواج عام ہوتا جارہا ہے، چونکہ بظاہر غسل خانہ میں کوئی نجاست نہیں رہتی ہے، اس لیے وضو کرنا درست ہے، البتہ اگر نجاست نظر آئے تو اس کو صاف کر کے وضو کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ (۱)

ستر کھلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا

مسئلہ (۲۸): بہت سے حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ اگر ستر کھل جائے یا کسی کے ستر پر نظر پڑ جائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے، یہ خیال غلط ہے، کیوں کہ ستر کھلنا یا کسی کے ستر پر نظر پڑنا ناقضِ وضو نہیں ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "البحر الرائق": من آداب الوضوء ... الثاني عشر: أن لا يتوضأ في المواضع النجسة لأن لماء الوضوء حرمة كذا في المضمرات. (۱/۵۸، كتاب الطهارة، النهر الفائق: ۱/۵۰)
ما في "الفتاوى الهندية": والتوضؤ في موضع طاهر لأن لماء الوضوء حرمة. (۱/۹)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "نصب الراية للزيلعي": سئل رسول الله ﷺ ما الحدث؟ فقال: ما يخرج من السبيلين. (۱/۸۳) =

برہنہ یعنی کھلے بدن والے کو دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا

مسئلہ (۲۹): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ برہنہ آدمی کو دیکھنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، اسی طرح بعض یہ کہتے ہیں کہ وضو کے بعد ستر دکھ جائے تو یا کھل جائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے[1]، یہ دونوں باتیں غلط اور بے بنیاد ہیں، البتہ برہنہ آدمی کو دیکھنا یا=

= ما في "السنن للترمذي": عن عائشة رضي الله عنها قالت: "كان رسول الله ﷺ لايتوضأ بعد الغسل".

(۱/۲۹، باب ما جاء في الوضوء بعد الغسل، رقم الحديث:۱۰۷، السنن لأبي داود: رقم الحديث:۲۵۰، السنن للنسائي: رقم الحديث:۲۵۲)

ما في بذل المجهود : بل يكتفي بالوضوء الذي توضأ في الغسل وهذه المسئلة مجمع عليه.

(۲/۲۷۶، الوضوء بعد الغسل)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": سئل رسول الله ﷺ ما الحدث؟ فقال: "ما يخرج من السبيلين".

(نصب الراية للزيلعي : ۱/۸۳، فصل نواقض الوضوء)

وما في "الحديث": "عن عائشة رضي الله عنها أن النبي ﷺ كان لا يتوضأ بعد الغسل".

(السنن للترمذي: ۱/۲۹، باب ما جاء في الوضوء بعد الغسل)

ما في "بذل المجهود فى حل سنن ابى داود": بل يكتفي بالوضوء الذي توضأ في الغسل وهذه المسألة مجمع عليه. (۲/۲۷۶)

وما في "تحفة الأحوذي": اكتفى بوضوء الأول في الغسل أو باندراج أو بارتفاع الحدث الأصغر تحت ارتفاع الأكبر بإيصال الماء إلى جميع أعضائه وهو رخصة قاله القاري، قلت : المعتمد الأول ، والله أعلم. (۱/۳۷۷) =

= کسی اور کے ستر کو دیکھنا شرعاً ناجائز وحرام ہے[1]، لیکن اگر دیکھ لیا تو وضو نہیں ٹوٹتا۔

گالی دینے سے وضو نہیں ٹوٹتا

مسئلہ (۳۰): بعض حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ گالی دینے سے یا کھل کھلا کر ہنسنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، سو یہ خیال غلط ہے، لیکن گالی دینے، غیبت کرنے اور کوئی برا شعر وغیرہ پڑھنے کے بعد وضو کرنا مستحب ہے، ہاں رکوع سجدہ والی نماز میں قہقہہ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔[2]

= ما في "الاختيار لتعليل المختار": وينقضه كل ما خرج من السبيلين ومن غير السبيلين إن كان نجساً وسال عن رأس الجرح. (۱/۱۴، مختصر الوقاية: ۱/۲۹)

(۱) ما في "الحديث": قال رسول الله ﷺ: "لا ينظر الرجل إلى عورة الرجل ولا المرأة إلى عورة المرأة ..... الخ. (الصحيح لمسلم: ۱/۱۵۴، السنن للترمذي: رقم الحديث: ۲۷۹۳)

وما في "مرقاة المفاتيح": قال المظهر: ومن فعل يعزر ولا يحد وفيه بيان تحريم النظر إلى ما لا يجوز. (۶/۲۵۲، رقم الحديث: ۳۱۰۰)

ما في "شرح النووي على هامش المسلم": في الحديث تحريم نظر الرجل إلى عورة الرجل والمرأة إلى عورة المرأة وهذا مما لا خلاف فيه وكذلك نظر الرجل إلى عورة المرأة والمرأة إلى عورة الرجل حرام بالإجماع. (۱/۱۵۴، كتاب الحيض، باب تحريم النظر إلى عورة، تحفة الأحوذي: ۸/۸۱، كتاب الأدب) (فتاویٰ امارتِ شرعیہ: ۲/۶۳)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "مراقي الفلاح": (الوضوء على ثلاثة أقسام: الأول فرض، والثاني واجب، والثالث مندوب ..... وبعد) كلام (غيبة وكذب ونميمة و) بعد (كل خطيئة وإنشاد شعر).

(مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: ص۸۴، الفتاوى الهندية: ۱/۹، باب مستحبات الوضوء، البحر الرائق: ۱/۳۵، دار الكتب العلمية بيروت) (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۶۸) =

ناپاکی لگنے سے وضو نہیں ٹوٹتا

مسئلہ (۳۱): جسم کے کسی حصہ پر ناپاکی لگ جانے سے وضو نہیں ٹوٹتا بلکہ جسم کا وہ حصہ ناپاک ہو جاتا ہے، صحتِ نماز کے لیے صرف اسی حصہ کو پاک کرنا ضروری ہے نہ کہ وضو کا لوٹانا[۱]، کیوں کہ نقضِ وضو کے لیے نجاست کا بدنِ انسانی سے خارج ہونا ضروری ہے۔[۲]

= ما في "المحيط البرهاني": والكلام الفاحش لا ينقض الوضوء وإن كان في الصلاة لأن الحدث إسم لخارج نجس ولم يوجد هذا الحد في كلام الفاحش .

(المحيط البرهاني : ۱/۷۷ ، في بيان ما يوجب الوضوء ، نوع آخر من هذا الفصل)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "نصب الراية للزيلعي": لقوله عليه السلام: " يعاد الوضوء من سبع ؛ من أقطار البول ودم السائل والقيء ومن دسعة تملأ الفم ونوم مضطجع وقهقهة الرجل في صلاة وخروج الدم ".

(۱/۹۰، ۹۱ ،كنز العمال: ۹/۱۴۷، رقم الحديث: ۲۶۳۰۴)

(۲) ما في "الاختيار لتعليل المختار": وينقضه كل ما خرج من السبيلين ومن غير سبيلين إن كان نجسا . (۱/۱۶)

ما في "الفتاوى الهندية": منها ما يخرج من السبيلين من البول والغائط والريح الخارجة من الدبر والودي والمذي والمني والدودة والحصاة ..... ومنها ما يخرج من غير السبيلين ويسيل إلى ما يظهر من الدم والقيح والصديد والماء لعلة وحد السيلان أن يعلو فينحدر عن رأس الجرح. (۱/۹۰، الفصل الخامس في نواقض الوضوء)

ما في "الفتاوى الهندية": المتوضي إذا عض شيئا فوجد فيه أثر الدم أو استاك بسواك فوجد فيها أثر الدم لا ينقض ما لم يعرف السيلان كذا في الظهيرية.

(۱/۱۱، الفصل الخامس في نواقض الوضوء)

بچہ کو دودھ پلانا ناقضِ وضو نہیں

مسئلہ (۳۲) بعض عورتیں یہ خیال کرتی ہیں کہ وضو کے بعد بچہ کو دودھ پلانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، یہ خیال سراسر غلط ہے، بچہ کو دودھ پلانے سے وضو نہیں ٹوٹتا، کیوں کہ سبیلین کے علاوہ بدنِ انسانی سے ہر نکلنے والی چیز وضو کو نہیں توڑتی، بلکہ وہی چیز ناقضِ وضو ہوتی ہے جو نجس ہو اور نکل کر جسم کے ایسے حصے کی طرف بہے جس کا وضو یا غسل میں دھونا فرض ہے، جب کہ دودھ پاک ہے، اور پاک چیز کے نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "مختصر القدوري": وناقضه ما خرج من السبيلين أو غيره إن كان نجساً سال إلى ما يطهر. (۱/۲۹، نواقض الوضوء)

ما في "الاختيار لتعليل المختار": وينقضه كل ما خرج من السبيلين ومن غير السبيلين إن كان نجساً وسال عن رأس الجرح. (۱/۱۴)

ما في "البحر الرائق": كان جميع ما يخرج من بدن الإنسان من النجاسة ناقضاً معتاداً أو غير معتاد. (۱/۶۱)

ما في "الشامية": وينقضه خروج نجس منه أي من المتوضئ الحي معتاداً أو لا من السبيلين أو لا إلى ما يطهر أي يلحقه حكم التطهير. (۱/۲۳۵، مطلب في نواقض الوضوء)

ما في "البدائع الصنائع": وخروج الطاهر لا يوجب انتقاض الطهارة وإنما انتقاض الطهارة بما يخرج بخروجها من أجزاء النجس.

(۱/۱۲۲، كتاب الطهارة، نواقض الوضوء) (فتاوی امارتِ شرعیہ: ۲/۶۶)

انجکشن کے ذریعے خون نکالنا ناقضِ وضو ہے یا نہیں؟

مسئلہ (۳۳): اگر انجکشن کے ذریعے ٹیسٹ یا کسی دوسرے مقصد کے لیے خون نکالا جائے تو اس سے وضو ٹوٹ جائے گا، کیوں کہ ٹیسٹ کے لیے عامۃ اتنا خون نکالا جاتا ہے جو نکل کر اپنے محل سے بہہ سکتا ہے، لیکن اگر دوا پہونچانے کی غرض سے انجکشن دیا تو یہ انجکشن ناقضِ وضو نہیں ہے، ہاں اگر انجکشن لگوانے کے بعد اتنا خون نکلے جو اپنی جگہ سے بہہ سکتا ہو تو ناقضِ وضو ہوگا۔ (۱)

کیا گلوکوز چڑھانا ناقضِ وضو ہے؟

مسئلہ (۳۴): بسا اوقات مریض کو گلوکوز کی بوتل چڑھائی جاتی ہے، اگر گلوکوز چڑھاتے وقت سرنج کی نلکی میں اس قدر خون نکل آئے کہ اگر وہ سرنج میں نہ ہوتا تو=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "نصب الراية للزيلعي": لقوله عليه السلام: " الوضوء من كل دم سائل ". ولقوله عليه السلام: "الوضوء مما خرج وليس مما دخل". (۱/۸۳-۸۵)

ما في "حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح": وفي غير السبيلين بتجاوز النجاسة إلى محل يطلب تطهيره "مراقي الفلاح" قوله : (وفي غير السبيلين بتجاوز النجاسة إلى محل الخ) والمراد أن تتجاوزه ، ولو بالعصر ، وما شأنه أن يتجاوز لولا المانع، كما لو مصت علقة ، فامتلأت بحيث لو شقت لسال منه الدم كذا في الحلبي .

(ص۸۷ ، كتاب الطهارة، الدر المختار مع الشامية : ۱/۲۳۵ ، نواقض الوضوء، الفتاوى الهندية: ۱/۱۱ ، نواقض الوضوء ، المحيط البرهاني: ۱/۶۰ ، فصل فيما يوجب الوضوء ، الفصل الثاني)

= بہہ جاتا، تو اس صورت میں وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر اس قدر نہ ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۱)

موبائل کی چیپ (Chip)، کیسٹ، سی ڈی یا ڈی وی ڈی وغیرہ کو بلا وضو چھونا

مسئلہ (۳۵): وہ کیسٹیں، سی ڈیز اور موبائل کی چیپ (Chip) جن میں قرآنی آیات اور سورتوں کو محفوظ کیا جاتا ہے اس کو بے وضو چھونا جائز ہے، البتہ بعض فقہاء عصر بے وضو چھونے کو خلافِ ادب قرار دیتے ہیں، کیوں کہ ان میں محض قرآن کریم کی آیتوں اور سورتوں کی آواز ہوتی ہے اور آوازِ قرآن کا جسم سے مس ہونے کیلئے باوضو ہونا ضروری نہیں ہے، ورنہ جنبی کے لیے قرآن کا سننا جائز نہیں ہوتا، یہی رائے حضرت حکیم الامت علامہ تھانوی رحمہ اللہ کی ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": " الوضوء مما خرج وليس مما دخل ". (نصب الراية للزيلعي: ۱/۸۵) ما في "الفتاوى الهندية": القراد إذا مص عضو إنسان فامتلأ دماً إن كان صغيراً لا ينقض وضوءه كما لو مصت الذباب أو البعوض وإن كان كبيراً ينقض وكذا العلقة إذا مصت عضو إنسان حتى امتلأت من دمه انتقض وضوءه. (۱/۱۱، كتاب الطهارة، الفصل الخامس في نواقض الوضوء، فتح القدير: ۱/۴۰، كتاب الطهارات، فصل في نواقض الوضوء)

وما في " الشامية ": لو مص العلق أو القراد الكبير وامتلأ دماً فإنه ناقض.

(۱/۲۳۵، مطلب نواقض الوضوء، دار الكتاب ديوبند، المحيط البرهاني: ۱/۶۰، نواقض الوضوء) (کتاب المسائل: ۱/۱۵۰)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "السنن النسائي": عن عائشة رضي الله عنها قالت: " كان رأس رسول الله ﷺ في حجر إحدانا وهي حائض وهو يقرأ القرآن".

(السنن الكبرى للنسائي: ۱/۱۲۳، باب في الرجل يقرء القرآن ورأسه في حجر امرأته وهي حائض)

اعضاء وضوو غسل پر کلر پینٹ، فی وی کوئک وغیرہ لگ جائے تو وضو ہوگا یا نہیں؟

مسئلہ (۳۶): اگر اعضاء وضوو غسل وغیرہ پر پینٹ (Paint)، فیی وی کوک (Fevikwik) یا گوند وغیرہ لگ جائے، جو وضو اور غسل میں پانی پہونچنے کے لیے مانع ہو تو اس صورت میں وضو اور غسل نہیں ہوگا اور اس سے غفلت کی بنا پر جو نماز ادا کی جائے گی وہ نماز نہیں ہوگی، جب تک کہ اس چیز کو جدا کر کے اس پر پانی نہ بہا دیا جائے۔ (۱)

مصنوعی دانتوں کی صورت میں وضو اور غسل کا حکم

مسئلہ (۳۷): بسا اوقات لوگ مصنوعی دانت استعمال کرتے ہیں، عام طور پر ان دانتوں کی دو قسمیں ہوتی ہیں:

قسمِ اول:..... یہ دانت اس طرح فٹ ہوتے ہیں کہ بلا مشقتِ شدیدہ ان کو نکالنا ممکن نہیں ہوتا، ان دانتوں کا حکمِ حقیقی دانتوں کا حکم ہے یعنی وضوء میں ان تک پانی پہنچانا مستحب اور غسل میں واجب ہے اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک وضوء اور غسل دونوں میں ان کو نکالنے کی ضرورت نہیں ہے۔=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الفتاوى التاتارخانية": الغسل إسالة الماء على جميع ما يمكن غسله من بدنه مرة واحدة حتى لو ترك شيئا يسيرا لم يصبه الماء لم يخرج من الجنابة وكذا في الوضوء.

(۱/۱۱۱، بدائع الصنائع: ۱/۱۴۲، في تفسير الغسل)

ما في "حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح": و لا بد من زوال ما يمنع وصول الماء للجسد كشمع وعجين. (ص ۱۰۲)

ما في "الفتاوى الهندية": وإن كان على ظاهر البدن جلد سمك أو خبز ممضوغ قد جف فاغتسل ولم يصل الماء إلى ما تحته لايجوز. (۱/۱۳، الباب الثاني)

= قسمِ ثانی:.....وہ دانت جو بوقتِ ضرورت ہی استعمال ہوتے ہیں اور ان کو نکالنے میں حرج ومشقت نہیں ہوتی، ان کا حکم شئ زائد کی طرح ہے، یعنی وضوء میں ان کو نکال کر جسمِ حقیقی تک پانی پہنچانا مستحب اور غسل میں واجب ہے، اگر کوئی شخص غسل میں ان کو نکال کر جسمِ حقیقی تک پانی نہ پہنچائے تو اس کا غسل صحیح نہیں ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿وما جعل عليكم في الدين من حرج﴾. (سورة الحج :۷۸)

ما في "الموسوعة الفقهية": قال الحنفية : يجب غسل كل ما يمكن بلا حرج ولا يجب غسل ما فيه حرج كعين وثقب انضم بعد نزع القرط وصار بحال إن أمر الماء عليه يدخله وإن غفل لا . فلا بد من إمراره ولا يتكلف لغير الإمرار من إدخال عود ونحوه فإن الحرج مدفوع.

(۳۱/۲۰۸ ، غسل)

وما في "البحر الرائق": الغسل هو تطهير جميع البدن وإسم البدن يقع على الظاهر والباطن إلا أن ما يتعذر إيصال الماء إليه خارج عن قضية النص وكذا ما يتعسر لأن المتعسر منفي كالمتعذر كداخل العينين فإن في غسلهما حرج. (۱/ ۸۷، كتاب الطهارة ، فصل في الغسل)

ما في " الشامية ": إن الغسل في الاصطلاح غسل البدن وإسم البدن يقع على الظاهر والباطن إلا ما يتعذر إيصال الماء أو يتعسر كما في البحر ..... ركن الغسل وهو إسالة الماء على جميع ما يمكن إسالته عليه من البدن من غير حرج.

(۱/۲۸۴ ، مطلب في أبحاث الغسل)

وما في "الشامية": وإن انضم الثقب بعد نزع القرط وصار بحيث لا يدخل فيه من غير تكلف أمره عليه من غير تكلف ولا يتكلف بادخال شيء فيه سوى الماء من خشب ونحوه لإيصال الماء.

(۱/۲۸۳ ، مطلب في أبحاث الغسل ، السعاية في كشف ما في شرح الوقاية : ۱/۲۸۳) =

.....

.....

.....

= ما في "السعاية": قال في الخلاصة : إن كان كثيراً يستبين للناظر كما في سقوط السن يجب إيصال الماء إليه وإن كان قليلاً فهو عفو وإن كان في طواحنه ثقب فيها شيء يجب إيصال الماء إليه. وقال بعضهم : إن كان صلباً ممضوغاً مضغاً متأكداً بحيث تداخلت أجزاءه وصارت له لزوجة وعلاكة كالعجين .

(٢٨٠/٢، حلبي كبير :ص ٤٩، منية المصلي مع حاشية :ص ١٣، فتح القدير : ٦٠/١، فصل في الغسل) (فتاوی عثمانی:٣١٤/١،فتاوی حقانیہ:٥٢٢/٢)

ما في "نوازل فقهية معاصرة": الأسنان الصناعية التي تستعمل عامة هي تكون على نوعين : أحدها تستقر كلياً بحيث لا يمكن نزعها إلا بمشقة شديدة ، والثاني ما يستعمل عند الحاجة فقط.

ففي الصورة الأولى تعتبر الأسنان الصناعية كالأسنان الحقيقة ويكون حكمها كحكمها، فإيصال الماء إلى الأسنان يستحب في الوضوء ويجب في الغسل، ولا حاجة إلى نزعها على قول أبي حنيفة في الغسل والوضوء جميعاً.

وفي الصورة الثانية: إذا أمكن انتزاعها بدون مشقة وحرج فهي تنزل بمنزلة الشيء الزائد فلا يصح الاغتسال إلا بإيصال الماء في الجسد الحقيقي بعد انتزاعها. (٢٣/١)

کتاب الصلاۃ

(نماز کا بیان)

تکبیرِ تحریمہ کے بعد ارسال (ہاتھ چھوڑنا پھر باندھنا) کیسا ہے؟

مسئلہ (۳۸): بعض لوگ تکبیرِ تحریمہ کہنے کے بعد اپنے دونوں ہاتھوں کو چھوڑ دیتے ہیں پھر باندھتے ہیں جبکہ افضل یہ ہے کہ تکبیرِ تحریمہ کہنے کے بعد ہاتھ چھوڑے بغیر باندھ لیں اور یہی قول مفتیٰ بہ ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية ": ووضع يمينه على يساره تحت سرته آخذاً رسغها بخنصره وإبهامه كما فرغ من التكبير بلا إرسال في الأصح. "تنوير" ..... قال ابن عابدين : قوله : بلا إرسال هو ظاهر الرواية . (۱۶۶/۲)

ما في "السعاية على كشف ما في شرح الوقاية": قال الشيخ عبد الحي اللكنوي رحمه الله تحت قوله : تحت سرته : عند أبي حنيفة وأبي يوسف يضع كما فرغ من التكبير ولا يرسله وبه جزم قاضيخان في فتاواه ولم يذكر خلافاً. (۱۵۷/۲ ، باب صفة الصلاة)

ما في "نور الإيضاح مع حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح": ثم وضع يمينه على يساره تحت سرته عقيب التحريمة بلا مهلة .

(ص ۲۸۰ ، باب تركيب الصلاة ، فتح القدير : ۲۹۲/۱ ، باب صفة الصلاة)

ما في "الفتاوىٰ الولوالجية": المصلي إذا تحرم في الصلاة ورفع يديه لا يرسلهما ثم يضع ، بل يقع لأن هذا قيام فيه ذكر مسنون.

(۹۰/۱ ، كتاب الطهارة، الفصل التاسع، مكتبة دار الإيمان سهارنفور)

قبلہ نما کے استعمال کا حکم

مسئلہ (۳۹): دورِ حاضر میں بالخصوص سفر کی حالت میں تعیینِ قبلہ کے لئے موجودہ دور کا ایک آلہ جسے ہم قبلہ نما کہتے ہیں استعمال کیا جاتا ہے، چونکہ اس سے سمتِ قبلہ کا ظنِ غالب حاصل ہوجاتا ہے، اس لیے شرعاً اس کا استعمال صحیح ہے اور اس کے متعین کردہ سمتِ قبلہ میں رخ کر کے نماز پڑھنا بھی جائز اور صحیح ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية ": فينبغي الاعتماد في أوقات الصلاة وفي قبلة على ما ذكره العلماء الثقات في كتب المواقيت ، وعلى ما وضعوا لها من الآلات كالربع والاصطرلاب فإنها إن لم تفد اليقين تفيد غلبة الظن للعالم بها وغلبة الظن كافية في ذلك.

(۱۰۰/۲، كتاب الصلاة ، مبحث في استقبال القبلة)

ما في "الفتاوى الهندية": وجهة القبلة تعرف بالدليل والدليل في الأمصار والقرى المحاريب التي نصبها الصحابة والتابعون فعلينا اتباعهم فإن لم تكن فالسؤال من أهل ذلك الموضع وأما البحار والمفاوز فدليل القبلة النجوم. (۶۳/۱، الفصل الثالث في استقبال القبلة)

ما في "البحر الرائق": (ومن اشتبهت عليه القبلة تحرى) أي إذا عجز عن تعرف القبلة بغير تحرى لزمه التحري وهو بذل المجهود لنيل المقصود..... ..... إذا كان في المفاوز والسماء مصحية وله علم بالاستدلال النجوم على القبلة لايجوز له التحري لأن ذلك فوقه.

(۴۹۹/۱ ، باب شروط الصلاة ، بدائع الصنائع : ۵۴۹/۱ ، في بيان شرائط الأركان)

ما في "جمهرة القواعد الفقهية": بقاعدة فقهية :" العمل بغالب الرأي وأكبر الظن في الأحكام واجب ". (۷۹۱/۲ ، بدائع الصنائع : ۱۶۹/۱ ، شرائط ركن التيمم)

نمازی کے آگے بیٹھا ہوا شخص سترہ کے قائم مقام ہے

مسئلہ (۴۰): اگر کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہو اور اس کے آگے کی صف میں بالکل اس کی سیدھ میں کوئی شخص قبلہ رخ ہو کر محض بیٹھا ہوا ہے، نماز نہیں پڑھ رہا ہے، تو یہ بیٹھنے والا شخص اس نماز پڑھنے والے کے لیے سترہ ہو جائے گا، اور گزرنے والوں کے لیے اس بیٹھے ہوئے شخص کے سامنے سے گزرنا جائز ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الموسوعة الفقهية: ذهب جمهور الفقهاء الحنفية والمالكية والحنابلة وهو قول عند الشافعية إلى صحة الاستتار بالآدمي في الصلاة، وذلك في الجملة لكنهم اختلفوا في التفاصل، فقال الحنفية والمالكية: يصح أن يستتر بظهر كل رجل قائم أو قاعد لا بوجهه ولا بنائم.

(۲۴/۱۷۹، سترة)

وما في "البحر الرائق": وإن استتر بظهر إنسان جالس كان سترة وإن كان قائماً اختلفوا فيه.

(۲/۳۰، ما يفسد الصلاة وما يكره)

ما في "الدر المختار مع الشامية": واستظهره في الحلية بأن القاعد يكون سترة للمصلي بحيث لا يكره المرور وراءه. (۲/۳۵۵، مطلب إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة)

وما في "حلبي كبير": ويكره المرور بين يدي المصلي إذا لم يكن عنده حائل نحو السترة أي العصا المركوزة أمامه الأسطوانة ونحوهما من شجرة أو آدمي أو دابة أو غير ذلك.

(ص۳۶۷، فروع في الخلاصة، سهيل اكيدمي لاهور، الفتاوى الهندية: ۱/۱۰۴، ما يفسد الصلاة وما يكره)

بعد میں آنے والا صف میں کہاں کھڑا ہو؟

مسئلہ (۴۱): بعض لوگ جماعت کھڑی ہونے کے بعد مسجد میں آتے ہیں اور رکعت پانے کے لیے مسجد میں جہاں جگہ مل جاتی ہے وہیں کھڑے ہوکر امام کی اقتدا کر لیتے ہیں، جب کہ حکم شرعی یہ ہے کہ اگر صف میں جگہ ہو تو اس کو پُر کر لیا جائے[1]، اور اگر صف بھر چکی ہو تو کسی اور شخص کی آمد کا انتظار کرے، پھر دونوں امام کے پیچھے کھڑے ہو جائیں، اور اگر امام کے رکوع میں جانے تک کوئی اور شخص نہیں آیا تو اگلی صف سے مسئلہ سے واقف شخص کو پیچھے کھینچ لیں، اور دونوں امام کے پیچھے کھڑے ہوں، اور اگر ایسا شخص موجود نہ ہو تو ضرورتاً صف کے پیچھے امام کی سیدھ میں کھڑا ہو۔[2]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": قال رسول الله ﷺ: " وسطوا الإمام وسدوا الخلل ".

(السنن لأبي داود: ص ۹۹)

(۲) ما في " الشامية ": متى استوى جانباه يقوم عن يمين الإمام إن أمكنه وإن وجد في الصف فرجة سدها وإلا انتظر حتى يجيء آخر فيقفان خلفه وإن لم يجئ حتى ركع الإمام يختار أعلم الناس بهذه المسألة فيجذبه ويقفان خلفه ولو لم يجد عالماً يقف خلف الصلاة بحذاء الإمام للضرورة.

(۲/۲۶۶، باب الإمامة، مطلب هل الإساءة دون الكراهة أو أفحش منها)

ما في "الفتاوى التاتارخانية": ولو جاء والصفوف متصلة انتظر حتى يجيء آخر فإن خاف فوت الركعة جذب واحداً من الصف أو من على يمين الإمام إن علم أنه لا يؤذيه ..... وإذا قاموا في الصفوف تراصوا وسووا بين مناكبهم ، وفي " جامع الجوامع " : ويسدون الخلل وينبغي أن يجيء إلى الصلاة بالسكينة والوقار، وفي الخلاصة : وإن خاف الفوت. "جامع الجوامع": وينبغي أن يحاذي الإمام أفضلهم .

(۱/۳۹۰، الفصل السابع في بيان مقام الإمام والماموم، الفتاوى الهندية : ۱/۸۹، الفصل الخامس) (فتاوی دار العلوم: ۳/۳۳۵)

تعظیماً کسی کو اگلی صف میں جگہ دینا

مسئلہ (۴۲): کسی عالمِ دین یا بزرگ کو تعظیماً اگلی صف میں اپنی جگہ دینا بلا کراہت درست ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ويؤثرون على أنفسهم ولو كان بهم خصاصة﴾ . (سورة الحشر: ۹) ما في "منحة الخالق على البحر الرائق": وإن سبق أحد بالدخول إلى المسجد مكانه في الصف الأول فدخل رجل أكبر منه سنّاً أو أهل علم ينبغي أن يتأخّر ويقدمه تعظيماً له قالوا هذا مفيد لجواز الإيثار في القرب عملا بعموم قوله تعالى: ﴿ويؤثرون على أنفسهم ولو كان بهم خصاصة﴾ . (۲۱۹/۱)

وما في " الدر المختار مع الشامية " : وإن سبق أحد إلى الصف الأول فدخل رجل أكبر منه سناً أو أهل علم ينبغي أن يتأخر ويقدمه تعظيماً له فبهذا يفيد جواز الإيثار بالقرب بلا كراهة، وقال في الأشباه : لم أره لأصحابنا ونقل العلامة البيري فروعاً تدل على عدم الكراهة ويدل عليه قوله تعالى: ﴿ويؤثرون على أنفسهم ولو كان بهم خصاصة﴾. أقول: وينبغي تقييد المسألة بما إذا عارض تلك القربة ما هو أفضل منها كاحترام أهل العلم والأشياخ كما أفاده الفرع السابق فيكون الإيثار بالقربة انتقالا من القربة إلى ما هو أفضل منها وهو الاحترام المذكورة.

(۲۶۷/۲، مطلب في جواز الإيثار بالقرب) (فتاوی رحیمیہ:۱۴۶/۴)

فصل في القراءة

(فصل قرأت کے بیان میں)

نماز میں مکمل سورت پڑھنی چاہیے

مسئلہ (۴۳): ہر رکعت میں مکمل سورت کا پڑھنا بہتر ہے، اگر چہ کسی سورت کا جزء پڑھنا بھی بلا کراہت درست ہے، پیغمبر علیہ السلام سے ثابت ہے، لیکن کسی سورت کا جزء پڑھتے وقت بطورِ خاص مضمونِ آیات کی تکمیل کی رعایت کرنی چاہیے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": عن عائشة رضي الله عنها أن رسول الله ﷺ قرأ في صلاة المغرب بسورة الأعراف فرقها في ركعتين. (السنن للنسائي: ۱/۱۱۴، القراءة في المغرب بـ" الٓمٓصٓ")

ما في "حلبي كبير": والأفضل أن يقرأ في كل ركعة سورة تامة ولو قرأ بعض السورة في ركعة ويأتيها في ركعة قيل يكره والصحيح أنه لا يكره.

(ص ۴۹۳، تتمات فيما يكره من القرآن في الصلاة وما لا يكره)

ما في "الفتاوى التاتارخانية": الأفضل أن يقرأ في كل ركعة بفاتحة الكتاب وسورة تامة ولو قرأ بعض السورة في ركعة والبعض في ركعة بعض مشايخنا رحمهم الله قالوا يكره لأنه خلاف ما جاء به الأثر.

(۱/۲۸۰، كتاب الصلاة، نوع آخر، الشامية: ۲/۲۳۱، كتاب الصلاة، مطلب السنة تكون سنة عين وسنة كفاية)

ما في "الفتاوى الهندية": الأفضل أن يقرأ في كل ركعة الفاتحة وسورة كاملة في المكتوب، ولو قرأ بعض السورة في ركعة والبعض في ركعة قيل يكره وقيل لا يكره وهو الصحيح.

(۱/۷۸، الفصل الرابع في القراءة) (فتاوی محمودیہ: ۷/۹۸، کتاب الفتاوی: ۱/۳۲۲)

درمیان یا آخر سورت سے قراءت کا حکم

مسئلہ (۴۴): اگر امام یا منفرد نماز کی پہلی رکعت میں کسی سورت کے درمیان سے یا اس کے آخر سے کچھ حصہ پڑھے اور دوسری رکعت میں کسی اور سورۃ کے درمیان سے یا اس کے آخر سے کچھ حصہ پڑھے، تو اس کا یہ عمل ظاہرِ روایت کے مطابق خلافِ اولیٰ ہے، البتہ اگر ایک ہی سورت کے آخری حصہ کو دونوں رکعتوں میں اس طرح پڑھے، کہ بعض آیتیں پہلی رکعت میں اور بعض دوسری میں تو یہ مکروہ نہیں ہے، مگر ہر مصلی کے لئے خواہ امام ہو یا منفرد، مسنون طریقہ سے قراءت کرنا مسنون ہے، لیکن کبھی اس کے خلاف کر دیا جائے تو اس پر کراہت کا حکم نہیں ہوگا۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الفتاوى الهندية": ولو قرأ في ركعة من وسط سورة أو من آخر سورة وقرأ في الركعة الأخرى من وسط سورة أخرى أو من آخر سورة أخرى لا ينبغي له أن يفعل ذلك على ما هو ظاهر الرواية ولكن لو فعل ذلك لا بأس به. (۱/۷۸، الفصل الرابع القراءة)

ما في "الموسوعة الفقهية": يكره عند الأكثر من الحنفية أن يقرأ آخر سورة في كل ركعة ويجوز أن يقرأ في الركعتين آخر سورة واحد. (۳۳/۴۹، قراءة)

ما في "الخلاصة الفتاوى": لو قرأ وسط السورة أو آخر سورة واحدة في الركعة الأولى وقرأ في الركعة الثانية وسط السورة الأخرى أو آخر سورة أخرى لا ينبغي أن يفعل، ولو فعل لا بأس به وفي نسخة شمس الأئمة حلواني قال بعضهم يكره. (۱/۹۶)

ما في "الخلاصة الفتاوى": ولا ينبغي أن يقرأ في كل ركعة آخر سورة عليحدة فإنه مكروه عند الأكثر. (۱/۹۷)

ما في "السعاية": وإن قرأ آخر سورة في ركعة يكره إن قرأ آخر سورة أخرى في الركعة الثانية وقال بعضهم: لا يكره. (۲/۲۰۸)

اورمسنون طریقہ یہ ہے کہ فجر اورظہر میں طِوالِ مفصل یعنی ''سورۂ حجرات'' سے لیکر ''سورۂ بروج'' تک، عصر وعشاء میں اوساطِ مفصل یعنی ''سورۂ بروج'' سے لیکر ''سورۂ لم یکن'' تک اورمغرب میں قِصارِ مفصل یعنی ''سورۂ لم یکن'' سے آخرقرآن (سورۂ ناس) تک۔[1]

---

(۱) ما في "حلبي كبير": أما الطوال فمن سورة الحجرات إلى سورة البروج ، وأما الأوساط فمن سورة البروج إلى سورة لم يكن ، وأما القصار فمن سورة لم يكن إلى آخر القرآن.

(ص ۳۱۲ ، سهيل اكيڈمي لاهور، كذا في الموسوعة الفقهية :۴۸/۳۳)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": ويسن في الحضر لإمام ومنفرد ذكره الحلبي ، والناس عنه غافلون طوال المفصل من الحجرات إلى البروج في الفجر والظهر ومنها إلى آخر لم يكن أوساطه في العصر والعشاء وباقيه قصاره في المغرب .

(۲/ ۲۳۱ ، كتاب الصلاة ، مطلب السنة تكون عين وسنة كفاية)

باب الجماعة

(جماعت کا بیان)

جماعتِ ثانیہ کا حکم

مسئلہ (۴۵): اگر کوئی جماعت اپنے متعین مقام پر اس وقت پہنچی کہ وہاں اس وقت کی نماز باجماعت ختم ہوچکی ہو، تو ان کے لئے بہتر یہی ہے کہ وہ اکیلے اکیلے نماز پڑھ لیں، یہی ظاہر روایت ہے، اس لیے کہ بلا اذان واقامت صحنِ مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا مکروہِ تنزیہی ہے اور اذان واقامت کے ساتھ مکروہِ تحریمی ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "المبسوط للسرخسي": وإذا دخل القوم مسجداً قد صلى فيه أهله كرهت لهم أن يصلوا جماعة بأذان وإقامة ولكنهم يصلون وحداناً بغير أذان ولا إقامة. (۱/۱۳۵)

ما في "الدر المختار مع الشامية": لو دخل جماعة المسجد بعدما صلى فيه أهله يصلون وحدانا، هو ظاهر الرواية. (۲/۲۴۶، مطلب في تكرار الجماعة في المسجد)

ما في "البحر الرائق": ومنها حكم تكرارها في مسجد واحد ففي المجمع: ولا نكررها في مسجد محلة بأذان ثان. وفي المجتبى: ويكره تكرارها في مسجد بأذان وإقامة وعن أبي يوسف إنما يكره تكرارها بقوم كثير. وعن محمد إنما يكره تكرارها على سبيل التداعي. (۱/۶۰۵)

ما في "منحة الخالق على هامش البحر الرائق": قال قاضيخان في شرح الجامع الصغير: رجل دخل مسجداً قد صلى فيه أهله فإنه يصلي بغير أذان وإقامة لأن تكرار الجماعة تقليلها..... .... وهكذا روي عن أصحاب النبي ﷺ أنهم إذا فاتتهم الجماعة صلوا وحداناً وعن أبي يوسف رحمه الله تعالىٰ قال: إنما يكره تكرار الجماعة إذا كثر القوم.

(منحة الخالق على البحر الرائق: ۱/۶۰۵، الفتاوى الهندية: ۱/۸۳) (فتاویٰ محمودیہ: ۶/۴۳۵)

صلاۃ المعاداۃ (لوٹائی جانے والی نماز) میں شرکت کا حکم

مسئلہ (۴۶): اگر فرائض میں سے کوئی فرض چھوٹ گیا جس کی وجہ سے دوبارہ اس فرض کا اعادہ کیا جارہا ہو، تو دوسری جماعت میں وہ لوگ شامل ہوسکتے ہیں جو پہلی جماعت میں شامل نہیں تھے، کیونکہ پہلی نماز سے فرض ذمہ سے ساقط نہیں ہوا تو دوسری نماز مستقل فرض نماز ہے۔

اور اگر واجباتِ نماز میں سے کوئی واجب چھوٹ گیا اور سجدۂ سہو نہیں کیا گیا اس لئے نماز کا اعادہ کیا جارہا ہو، تو اس صورت میں وہ لوگ جو پہلی جماعت میں شامل نہیں تھے شریک ہو سکتے ہیں یا نہیں اس میں اختلاف ہے، شرکت کی صورت میں صحتِ صلاۃ کا قول راجح واوسع ہے اور عدمِ صحت کا قول احوط ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " التنوير مع شرحه": (لها واجبات) لا تفسد بتركها وتعاد وجوباً في العمد والسهو إن لم يسجد له، وإن لم يعدها يكون فاسقاً آثماً، وكذا كل صلاة أديت مع كراهة التحريم تجب إعادتها، والمختار أنه جابر للأول لأن الفرض لا يتكرر. (۱۴۶/۲، مطلب واجبات الصلاة)

ما في "فتح القدير": ولا إشكال في وجوب الإعادة إذ هو الحكم في كل صلاة أديت مع كراهة التحريم ويكون جابراً للأول لأن الفرض لا يتكرر وجعله الثاني يقتضي عدم سقوطه بالأول وهو لازم ترك الركن لا الواجب. (۳۰۸/۱، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة)

ما في "البحر الرائق": وعن السرخسي: من ترك الاعتدال تلزمه الإعادة، ومن المشايخ من قال تلزمه ويكون الفرض هو الثاني ولا إشكال في وجوب الإعادة إذ هو الحكم في كل صلاة أديت مع كراهة التحريم يكون جابراً للأول لأن الفرض لا يتكرر وجعله الثاني يقتضي عدم سقوطه بالأول وهو لازم ترك الركن لا الواجب.

(۵۲۳/۱، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة)

ما في "حاشية الطحطاوي": وإن تركه الواجب عمداً آثم ووجب عليه إعادة الصلاة تغليظاً عليه لجبر نقصها فتكون مكملة وسقط الفرض بالأولى وقيل تكون الثانية فرضاً فهي المسقطة.

(ص ۴۶۲، باب سجود السهو)

باب صفة الصلاة

(نماز کے طریقہ کا بیان)

مقتدی کے تشہد مکمل کر لینے سے پہلے امام کھڑا ہو جائے تو مقتدی کیا کرے؟

مسئلہ (۴۷): اگر امام مقتدی کے تشہد مکمل کر لینے سے پہلے ہی کھڑا ہو جائے تو مقتدی کو اپنی تشہد مکمل کر لینے کے بعد کھڑا ہونا چاہئے۔[۱]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "كتاب الآثار لأبي عبد الله محمد بن الحسن الشيباني": قال محمد: أخبرنا أبو حنيفة عن حماد عن إبراهيم في رجل سبقه الإمام بشيء في صلاته أيتشهد كلما جلس الإمام؟ قال: نعم؛ قال: فيرد السلام إذا سلّم الإمام؟ قال: إذا فرغ من صلاته رد السلام، قال محمد: وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رحمه الله تعالى.

(۱/۱۹۳، رقم الحديث: ۱۳۲، كتاب الصلاة، باب من سبق بشيء من صلاته)

ما في "الدر المختار مع الشامية": إن متابعة الإمام في الفرائض والواجبات من غير تأخير واجبة فإن عارضها واجب لا ينبغي أن يفوته بل يتأتى به ثم يتابع كما لو قام الإمام قبل أن يتمّ المقتدي التشهد فإنه يتمّه ثم يقوم لأن الإتيان به لا يفوت المتابعة بالكلية وإنما يؤخرّها.

(۲/۱۴۶، كتاب الصلوة، مطلب مهم في تحقيق متابعة الإمام)

ما في "الفتاوى الهندية": إذا أدرك الإمام في التشهد وقام الإمام قبل أن يتم المقتدي أو سلّم الإمام في آخر الصلاة قبل أن يتمّ المقتدي التشهد فالمختار أن يتمّ التشهد كذا في العتابية، وإن لم يتم أجزاه.

(۱/۹۰، الفصل السادس فيما يتابع الإمام وفيما لا يتابعه، مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: ص ۳۰۹) (فتاوی محمودیہ: ۶/۵۶۰)

قالین یا گدوں پر سجدہ کا حکم

مسئلہ (۴۸): نماز میں زمین پر سجدہ کرنا ضروری ہے یعنی زمین کی صلابت اور سختی کا ادراک ضروری ہے، آج کل قالین کا ریپٹ اور دری وغیرہ مسجدوں میں بچھائی جاتی ہیں ان میں زمین کی سختی کا ادراک ہوتا ہے، اس لئے ان پر نماز پڑھنا جائز ہے البتہ موٹے اور لچکدار فوم کے گدے پر نماز جائز نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية ": السجود هو لغة الخضوع وفسره في المغرب بوضع الجبهة في الأرض، وفي البحر: حقيقة السجود وضع بعض الوجه على الأرض مما لا سخرية فيه فدخل الأنف وخرج الخد والذقن. (۱۱۹/۲)

ما في "مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي": ويفترض السجود على ما يجد الساجد حجمه بحيث لو بالغ لا يتسفل رأسه أبلغ فما كان حال الوضع فلا يصح السجود على النطق والثلج والتبن والأرز والذرة . (ص: ۲۳۱)

ما في " الدرالمختار مع الشامية ": لا يصح لعدم السجود على محله وبشرط طهارة المكان وأن يجد حجم الأرض. "در مختار".

قو له : (أن يجد حجم الأرض) تفسيره أن الساجد لو بالغ لا يتسفل رأ سه أبلغ من ذلک فصح على طنفسة وحصير وحنطة وشعير وسرير وعجلة وإن كانت على الأرض ..... ولا على أرز أو ذرة إلا في جوالق ..... أو حشيش إلا أن وجد حجمه، ومن هنا يعلم الجواز على طراحة القطن فإن وجد الحجم جاز وإلا فلا . (۱۸۲/۲، مطلب في إطالة الركوع للجائي)

ما في "التبيين الحقائق": قوله : وإن سجد على شيء يلقى حجمه لا يجوز ... الخ .... يجوز السجود على الحشيش والتبن والقطن والطنفسة إن وجد حجم الأرض وكذا الثلج الملبد فإن كان بحال يغيب فيه وجهه ولا يجد حجم أو على العجلة على الأرض يجوز كالسرير..... .....والحنطة والشعير يجوز لا على الدخن والأرز لعدم الاستقرار. (۳۰۵/۱) =

قنوتِ نازلہ کا حکم

مسئلہ (۴۹): جب کافروں کی طرف سے عام مسلمانوں پر ظلم وزیادتی اور تشدد ہورہا ہو اور مسلمان پریشان ہوں، ابتلاء وآزمائش کا سلسلہ جاری ہو، تو امام کے لئے فجر کی دوسری رکعت میں رکوع کے بعد اس قدر بلند آواز سے قنوتِ نازلہ پڑھنا جو آوازِ قرا ت سے کم تر ہو، مستحب ہے اور مقتدی امام کے ہر سکتہ پر آہستہ سے آمین کہے۔[1]

= ما في "الفتاوى الهندية": ولو سجد على الحشيش أو التبن أو على القطن أو الطنفسة أو الثلج إن استقرت جبهته وأنفه ويجد حجمه يجوز وإن لم تستقر لا ..... إذا سجد على الحنطة أو الشعير جاز . وإن سجد على الذرة أو الجاروس أو الدخن أو الأرز لا يجوز. (۱/۷۰)

ما في "الفتاوى الولوالجية": إذا صلى على الثلج إن لبده جاز لأنه صار بمنزلة الأرض وإن لم يلبده وكان يغيب وجهه فيه ولا يجد حجمه لم يجز ، لأنه بمنزلة الساجد في الهوى ، وعلى هذا إذا ألقى في المسجد حشيش كثير إن وجد حجمه جاز أن يسجد وإن لم يجد لا .

(۱/۸۷ ،كتاب الطهارة ، الفصل التاسع)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": عن سعيد بن جبير قال : أشهد أني سمعت ابن عباس رضي الله عنهما يقول :" إن القنوت في صلاة الفجر بدعة إلا إذا نزل بالمسلمين نازلة".

(أوجز المسالک :۳/۳۱۵)

عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله ﷺ لايقنت في صلاة الصبح إلا أن يدعو القوم أو على قوم . (نصب الراية للزيلعي : ۲/۱۳۰) =

جہر وسر کی حالت میں مقتدی کا ثناء پڑھنا

مسئلہ(۵۰): نماز میں ثناء کا پڑھنا ہر مقتدی کے لئے سنت ہے، لیکن اگر کوئی شخص جہری نماز میں امام کی اقتداء اس وقت کرے جب وہ قراءت میں مشغول ہو چکا ہو تو وہ ثناء نہ پڑھے، کیوں کہ ثناء پڑھنا سنت ہے اور قراءتِ قرآن کا سننا واجب ہے اور ادائے سنت=

= وما "في الموسوعة الفقهية": إن كان إماماً يجهر بالقنوت لكن دون الجهر بالقراءة في الصلاة والقوم يتابعونه. قال أبو يوسف : يسن أن يقرأ المقتدي أيضاً وهو المختار. وقال محمد: لا يقرأ بل يؤمن لأن له شبهة القرآن احتياطاً . (۶۳/۳۴)

ما في "الموسوعة الفقهية": لا خلاف بين المذاهب الأربعة أن الصلاة إن كانت سرية فالإسرار بالتامين سنة في حق الإمام والمأموم والمنفرد وأما إن كانت جهرية فقد اختلفوا في الإسرار به وعدمه على ثلاثة مذاهب ؛ الأول: ندب الإسرار وإليه ذهب الحنفية والمالكية .

(۱۱۳/۱، آمين)

ما في "الموسوعة الفقهية": وقال الحنفية والحنابلة : لا قنوت في صلاة الفجر إلا في النوازل.

(۳۲۲/۲۷)

وما في "مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي": وقال الإمام أبو جعفر الطحاوي رحمةالله تعالى : إنما لا يقنت عندنا في صلاة الفجر من غير بلية فإن وقعت فتنة أو بلية فلا بأس به فعله رسول الله ﷺ أي بعد الركوع. (ص:۳۷۷، تبيين الحقائق: ۴۲۶/۱، البحر الرائق: ۷۸/۲، منحة الخالق على البحر الرائق: ۷۸/۲، الهداية، ۱۲۵/۱)

= کے لئے ترکِ واجب درست نہیں، لیکن اگر کوئی شخص سری نماز میں اس وقت امام کی اقتداء کرے جب وہ قراءت میں مشغول ہو چکا ہو تو وہ ثناء پڑھے گا، کیونکہ سری نماز میں قراءت کا سننا فرض نہیں ہے، مقتدی کا خاموشی کے ساتھ کھڑا رہنا محض تعظیمِ قراءت کی وجہ سے مسنون ہے۔[1]

الحجه على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " :﴿وإذا قرئ القرآن فاستموا له وأنصتوا لعلكم ترحمون﴾ .

(سورة الأنفال :۲۰۴)

وما في "روح المعاني": والآية دليل لأبي حنيفة رضي الله عنه في أن المأموم لا يقرأ في سرية ولا جهرية لأنها تقتضي وجوب الاستماع عند قراءة القرآن في الصلاة وغيرها . (۲۱۸/۲)

وما في "الدر المختار مع الشامية ": ولو أدرك الإمام بعد ما اشتغل بالقراءة قال ابن الفضل: لا يثني وقال غيره: يثني، وينبغي التفصيل إن كان الإمام يجهر لا يثني وإن كان يسر يثني وهو مختار شيخ الإسلام خواهر زاده وعلله في الذخيرة بما حاصله أن الاستماع في غير حالة الجهر ليس بفرض بل يسن تعظيماً للقراءة فكان سنة غير مقصودة لذاتها وعدم قراءة المؤتم في غير حالة الجهر لا لوجوب الإنصات بل لأن قراءة الإمام له قراءة، وأما الثناء فهو سنة مقصودة لذاتها وليس ثناء الإمام ثناء للمؤتم فإذا تركه يلزم ترك سنة مقصودة لذاتها للإنصات الذي هو سنة تبعاً بخلاف تركه حالة الجهر.(۱۶۷/۲، ۱۶۸، مطلب في بيان المتواتر والشاذ)

وما في "البحر الرائق": يأتي به كل مصل إماماً كان أو مأموماً أو منفرداً لكن قالوا : المسبوق لا يأتي به إذا كان الإمام يجهر بالقراءة للاستماع وصححه في الذخيرة.

(۵۴۰/۱ ، باب صفة الصلاة) =

گھٹنوں یا قدموں میں تکلیف کی وجہ سے قیام کو ترک کر دینا

مسئلہ (۵۱): اگر کسی شخص کے گھٹنوں یا قدموں میں معمولی تکلیف ہے تو اس معمولی تکلیف کی وجہ سے فرض نماز میں قیام کو ترک کر دینا اور بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز نہیں ہے، کیونکہ قیام فرض ہے معمولی عذر کی وجہ سے قیام کو ترک کرنا جائز نہیں ہے، ہاں اگر تکلیف اس حد تک پہونچ چکی ہو کہ آدمی کھڑے ہوتے ہی گر جاتا ہے یا مرض کے بڑھ جانے یا شفایابی میں دیر لگ جانے کا ظن غالب ہو یا ناقابلِ برداشت تکلیف پہونچتی ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز ہے، لیکن اگر تھوڑی دیر کیلئے بھی کھڑے ہونے کی طاقت ہو تو جتنی دیر کھڑا رہ سکتا ہے اتنی دیر کھڑا رہنا فرض ہے۔[1]

= وما في "حاشية الشلبي على تبيين الحقائق": المقتدي هل يأتي بالثناء إذا أدرک الإمام في القيام والركوع ذكر الكرخي أني لا أحفظ فيه رواية عن أصحابنا إلا إني أثني ما لم يبدأ الإمام بالقراءة. وقال بعضهم: إذا كانت الصلاة لا يجهر فيها أثنى وإن كان الإمام يقرأ بخلاف صلاة الجهر. وقال عيسى بن النضر: الصحيح عندي أنه يثني وإن كان الإمام في القراءة أو في الركوع ما لم يخف فوت الركوع. (۱/۲۸۹)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الجوهرة النيرة": إذا تعذر على المريض القيام صلّى قاعداً يركع ويسجد ..... وإذا كان قادراً على بعض القيام دون تمامه أمر بأن يقوم مقدار ما يقدر فإذا عجز قعد حتى لو قدر أن يكبر قائماً للتحريمة ولم يقدر على القيام يعني للقراءة أو كان يقدر على القيام لبعض القراءة دون تمامها فإنه يؤمر أن يكبر قائماً ويقرأ ما يقدر عليه قائماً ثم يقعد إذا عجز.

(۱/۲۰۴، باب صلاة المريض) =

.....

.....

.....

.....

= ما في "فتح القدير": ولو قدر على بعض القيام لا كله لزمه ذلك القدر حتى لو كان إنما يقدر على التحريمة لزمه أن يتحرم قائماً ثم يقعد. (۲/۳، باب صلاة المريض، حلبي كبير: ص ۲۶۲، الثاني القيام، الفتاوى الهندية: ۱/۱۳۶، الباب الرابع عشر في صلاة المريض)

ما في "المبسوط": المريض إذا كان قادراً على القيام يصلي قائماً فإذا عجز عن القيام يصلي قاعداً فإن كان قادراً على القيام في أول الصلاة وعجز عن القيام فإنه يقعد.

(۱۳/۳۷۵، باب صلاة المريض)

ما في "المراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي": إذا تعذر على المريض كل القيام أو تعسر بوجود ألم شديد أو خاف زيادة المرض أو بطأه به صلى قائماً بركوع وسجود ويقعد كيف ما شاء في الأصح وإلا بأن قدر على بعض القيام قام بقدر ما يمكنه بلا زيادة مشقّة ولو بالتحريمة وقراءة آية. (ص ۴۳۰، باب صلاة المريض)

وما في "الحديث": قال عليه السلام لعمران بن حصين: " صلّ قائماً فإن لم تستطع فقاعداً فإن لم تستطع فعلى الجنب تؤمي إيماء". أخرجه الجماعة إلا مسلما.

عن عمران بن حصين قال: كانت بي بواسير فسألت النبي ﷺ عن الصلاة فقال: " صل قائماً فإن لم تستطع فعلى الجنب".

(صحيح البخاري: تقصير الصلاة، باب ۱۹، السنن لإبن ماجة في الإقامة، باب ۱۳۹ بحوالة نصب الراية: ۲/۱۷۸، السنن لأبي داود: رقم الحديث: ۹۵۲ السنن للترمذي في الصلاة، باب: ۱۵۷)

زاد النسائي: فإن لم تستطع مستلقيا لا يكلف الله نفسا إلا وسعها.

(السنن الكبرى للنسائي في قيام الليل: باب ۲۲)

جو مریض رکوع وسجود پر قادر نہ ہو تو کیا کرے؟

مسئلہ (۵۲): اگر کوئی شخص قیام پر قادر ہے مگر رکوع وسجدہ پر قادر نہیں تو اس کے حق میں قیام ساقط ہوگا[۱]، وہ بیٹھ کر اپنے سر سے رکوع وسجدہ کیلئے اشارہ کرکے نماز پڑھے اور یہی اس کے لئے افضل ہے[۲]، کیونکہ یہ حالت اشبہ بالسجود ہے، لیکن اگر وہ کھڑے ہوکر اشارہ سے رکوع وسجدہ کرکے نماز پڑھے تو یہ بھی جائز ہے[۳]، البتہ اشارۂ سجود کو اشارۂ رکوع سے بہر صورت ذرا پست رکھے۔[۴]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": قال عليه الصلاة والسلام: " إن قدرت أن تسجد على الأرض وإلا أومي برأسك". (نصب الراية: ۱۷۸/۲، السنن الكبرى للبيهقي: رقم الحديث: ۳۶۶۹)

ما في "المبسوط": وإنما إذا كان قادراً على القيام وعاجزاً عن الركوع والسجود فإنه يصلي قاعداً بإيماء وسقط عنه القيام. (۲۰۵/۱، باب صلاة المريض)

(۲) ما في "البحر الرائق": وإن تعذر الركوع والسجود لا القيام أومأ قاعداً ..... والأفضل هو الإيماء قاعداً لأنه أشبه بالسجود. (۲۰۵/۲)

وما في "فتح القدير": وإن قدر على القيام ولم يقدر على الركوع والسجود لم يلزمه القيام ويصلي قاعداً يؤمي إيماء والأفضل هو الإيماء قاعداً لأنه أشبه بالسجود.

(۶/۲، باب صلاة المريض)

(۳) ما في "الجوهرة النيرة": فإن قدر على القيام ولم يقدر على الركوع والسجود لم يلزمه القيام ويصلي قاعداً يومي إيماء فإن أومأ قائماً جاز. (۲۰۵/۱، باب صلاة المريض)

(۴) ما في "الحديث": عن جابر أن النبي ﷺ عاد مريضاً فرآه يصلي على وسادة فأخذها فرمى بها فأخذ عوداً ليصلي عليه فأخذه فرمى به وقال: "صلّ على الأرض إن استطعت وإلا فأومي إيماءً واجعل سجودك أخفض من ركوعك".

(مجمع الزوائد: ۱۴۸/۲، بحواله نصب الراية: ۱۷۸/۲) =

مریض قیام پر قادر نہ ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھے

مسئلہ(۵۳) اگر مریض قیام پر قادر نہیں مگر بیٹھ کر رکوع وسجدہ پر قادر ہے، تو اُس کے لیے ضروری ہے کہ زمین پر بیٹھ کر رکوع وسجدہ کے ساتھ نماز پڑھے، خواہ وہ جس طرح بھی بیٹھے۔[1]

= ما في "مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي": وإن تعذر الركوع والسجود وقدر على القعود ولو مستنداً صلى قاعداً بالإيماء للركوع والسجود برأسه وجعل إيمائه للسجود أخفض من إيمائه للركوع . (ص: ۴۳۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": عن علي بن أبي طالب كرم الله وجهه عن النبي ﷺ قال: " يصلي المريض قائماً فإن لم يستطع صلى قاعداً فإن لم يستطع أن يسجد أومأ وجعل سجوده أخفض من ركوعه فإن لم يستطع أن يصلي قاعداً صلى على جنبه الأيمن مستقبلة القبلة فإن لم يستطع صلى مستلقيا رجلاه مما يلي القبلة". (نصب الراية: ۲/۱۷۹)

ما في " الجوهرة النيرة ": إذا تعذر على المريض القيام صلّى قاعداً يركع ويسجد، قوله: صلى قاعداً يعني يقعد كيف تيسّر عليه . (۱/۲۰۴)

ما في " خلاصة الفتاوى": المريض إذا عجز عن القيام وقدر على القعود بركوع وسجود فإنه يصلي قاعداً بركوع وسجود ولا يجزيه غير ذلك . (۱/۱۹۶)

ما في " الفتاوى الهندية ": إذا صلى المريض قاعداً كيف يقعد الأصح أن يقعد كيف تيسّر عليه . (۱/ ۱۳۶، الباب الرابع عشر في صلاة المريض)

حالتِ نماز میں دعا کا حکم

مسئلہ (۵۴): منفرد شخص کے لئے نفل نماز میں آیتِ رحمت پر طلبِ رحمت وسوالِ جنت اور آیتِ عذاب پر استغفار وتعوذ من النار کی دعا کرنا جائز ہے اور فرض نماز میں مکروہ ہے، اور امام ومقتدی کے لیے فرض ونفل دونوں میں طلبِ رحمت وسوالِ جنت اور استغفار وتعوذ من النار کی دعا کرنا مکروہ ہے[۱]، کیونکہ امام کے دعا کرنے کی وجہ سے مقتدیوں پر نماز لمبی ہوجائے گی اور مقتدی کی دعاء کرنے کی وجہ سے انصات فی الصلاۃ (نماز میں خاموش رہنا) میں خلل واقع ہوگا۔[۲]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "حلبي كبير": روى مسلم عن حذيفة بن اليمان قال: صليت مع النبي ﷺ ذات ليلة فافتتح البقرة فقلت يركع عند المائة ثم مضى فقلت يصلي بها في ركعة الحديث إلى أن قال إذا مر بآية فيها تسبيح سبح وإذا مر بسؤال سأل الله وإذا مر بتعوذ تعوذ فهذا في التهجد ..... أما الإمام فلئلا يطول على المقتدين وأما المقتدي فلئلا يفوت الإنصات الواجب عليه بالنص. (ص ۳۵۸، سهيل ايكڈمى لاهور)

ما في "الهداية": ولا بأس للمتطوع المنفرد أن يتعوذ من النار ويسأل الرحمة عند آية الرحمة أو يستغفر وإن كان من الفرض يكره وأما الإمام والمقتدي فلا يفعل ذلك في الفرض ولا في النفل. (۱/۱۹۸، كتاب الصلوة، الفصل الثاني فيما يكره من الصلوة وما لا يكره، منية المصلي: ص۱۰۷، فصل فيما يكره في الصلوة و ما لا يكره)

(۲) ما في "القرآن الكريم": ﴿وإذا قرئ القرآن فاستمعوا له وأنصتوا لعلكم ترحمون﴾. (الأعراف:۲۰۴)

ما في "الحديث": عن أبي هريرة رضي الله عنه أن النبي ﷺ قال: "إذا صلى أحدكم للناس فليخفف فإن فيهم الضعيف والسقيم والكبير وإذا صلى لنفسه فليطول ما شاء".

مسئلہ (۹۳): آج کل حج کی فلم بنائی جاتی ہے اور حج سے پہلے حاجیوں کو کیمپ میں جمع کر کے انہیں یہ فلم دکھائی جاتی ہے، تاکہ حج کا شوق پیدا ہو، حج کی ادائیگی کا طریقہ معلوم ہو اور حاجی کیلئے ادائیگیٔ حج میں سہولت وآسانی ہو، اس طرح سے مناسکِ حج کو فلما کر اسے بتانا اور کمائی کا ذریعہ بنانا شرعاً ناجائز ہے، کیوں کہ اس میں ذی روح کی تصویریں لی جاتی ہے، جو شرعاً ممنوع وحرام ہے، حج فلم کے جو فوائد بتلائے جاتے ہیں وہ دیگر طریقوں سے بھی حاصل کئے جاسکتے ہیں، اس لیے اس طرح کی فلمیں بنانے، دیکھنے اور دکھانے سے کلی اجتناب ضروری ہے۔[1]

= ما في "الدر المنتقى في شرح الملتقى": قوله: وقدره زاد وراحلة مختصة به أو شق محمل في حق الآفاقي فلا تجب بإباحة ولا بمال حرام لكن لو حج به جاز لأن المعاصي لا تمنع الطاعات فإذا أتى بها لايقال انها غير مقبولة.

(۱/۳۸۵، الفتاوى الهندية: ۱/۲۲۰) (فتاوی محمودیہ: ۱۰/۳۱۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ":﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾. (المائدة: ۳)

وقوله تعالى: ﴿ومن يعظم شعائر الله فإنها من تقوى القلوب﴾ . (سورة الحج: ۳۲)

ما في " الصحيح البخاري": " إن أشد الناس عذاباً عند الله المصورون". (۲/۸۸۰)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية ": قال في التنوير: لا تمثال إنسان أو طير. "درمختار". قال الشامي: قوله: أو طير لحرمة تصوير ذي الروح . (۹/۴۴۰، الحظر والإباحة)

ما في " قواعد الفقه": "إذا اجتمع الحلال والحرام أو المحرم والمبيح غلب الحرام والمحرم ".

(ص ۵۵)

اجرت پر حج کرنے کا حکم

مسئلہ (۹۴): اجرت پر حج کرنا درست نہیں، کیونکہ حج ایک عبادت ہے جس میں اللہ کی رضا اور خوشنودی مطلوب ہے، اور اجرت کی وجہ سے جو کام کیا جائے وہ اللہ تعالی کیلئے خالص باقی نہ رہا، اس لیے نہ حج کرنے پر اجرت لینا جائز ہے اور نہ اجرت پر حج کرانا جائز ہے، البتہ جس شخص سے حج کرایا جائے اس کے سفر کے اخراجات اور سفر سے واپسی تک اگر ضرورت مند ہو تو اس کے اہلِ خاندان کی ضروریات حجِ بدل کرانے والے پر ہے۔[1]

حجِ بدل کی رقم لے کر کسی اور کو کم رقم دیکر حج کرانا

مسئلہ (۹۵): بعض لوگ بہت سے لوگوں سے حجِ بدل کی رقمیں لیتے ہیں اور ہر کسی کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ وہ بذاتِ خود ان کی جانب سے حجِ بدل کرینگے،=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ما أسئلكم عليه من أجر، إن أجري إلا على رب العلمين﴾ .

(سورة الشعراء: ۱۰۹)

ما في "المبسوط للسرخسي": وقال في المبسوط: رجل استأجر رجلا ليحج عنه لم تجز الإجارة عندنا . (۱۷۵/۴، الدر المختار مع الشامية : ۶۵/۹)

ما في " موسوعة القواعد الفقهية ": بقاعدة فقهية : " كل طاعة يختص بها المسلم لما يجوز الاستئجار عندنا . (۱۰۹/۱، الفقه الحنفي وأدلته : ۸۴/۲)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": ولا يجوز الاستئجار على الطاعات .

(۸۱/۴، مطلب في الاستئجار على الحج، نعمانيه)

= لیکن وہ ایسا نہیں کرتے بلکہ رقم کی جو مقدار انہوں نے مؤکلین سے وصول کی، اس سے کم مقدار کسی اور کو دیکر حجِ بدل کراتے ہیں اور باقی رقم خود رکھ لیتے ہیں، شرعاً یہ عمل ناجائز اور غلط طریقے سے لوگوں کے مال کھانے میں داخل ہے، کیونکہ مؤکلین کی اس پر رضامندی نہیں ہوتی۔ (۱)

ایک شخص کا کئی لوگوں کی طرف سے حج بدل کرنا

مسئلہ (۹۶): بعض لوگ متعدد لوگوں سے حجِ بدل کی رقم وصول کرتے ہیں اور سب کی طرف سے ایک ہی حج بدل کرتے ہیں، کسی ایک کی جانب سے حج کی نیت نہیں کرتے، اس صورت میں امام ابو یوسفؒ یہ فرماتے ہیں کہ یہ حج خود اس کی طرف سے ہوگا اور تمام موکلین کی رقم واپس کرنا لازم ہوگا، اور طرفین کا قول ہے کہ اگر افعالِ حج کی ادائیگی شروع کرنے سے پہلے کسی ایک کی نیت کرلے تو یہ حج اسی کی طرف سے ہوگا، اور بقیہ مؤکلین کی رقم واپس کرنی ہوگی اور طرفین کا قول ہی مفتی بہ ہے۔=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿يا أيها الذين آمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ . (النساء: ۲۹)

ما في "جمع الجوامع": لقوله عليه السلام: " لا يحل لإمرئ مسلم من مال أخيه شيء إلا بطيب نفس منه ". (۹/۷، رقم الحديث: ۲۶۷۶۰)

ما في "الصحيح البخاري": لقوله عليه السلام: "آية المنافق ثلاث؛ إذا حدث كذب وإذا وعد أخلف وإذا اؤتمن خان". (۱/۱۰)

ما في "المبسوط للسرخسي": ليس لهذا الوكيل أن يؤكل بها غيره .

(۱۹/۳۶، كتاب الوكالة، فتاوى معاصرة: ص۶۵)

ما في "درر الحكام شرح مجلة الأحكام": بقاعدة فقهية: "لايجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي" . (۱/۹۸)

= اگر کسی کی بھی طرف سے نیت نہیں کی تو خود اسکی طرف سے ادا ہوگا اور تمام مؤکلین کو ان کی رقم واپس کرنا واجب ہوگا۔ (۱)

حجِ بدل کرنے والا قران اور تمتع کرسکتا ہے یا نہیں؟

مسئلہ (۹۷): حجِ بدل کرنے والا اِفراد کی نیت کرے قران اور تمتع کی اجازت نہیں ہے، ہاں جس کی طرف سے حج کرے اس نے قران یا تمتع کی اجازت دی ہو تو اس کے مطابق عمل کرسکتا ہے، مگر تمتع وقران کی صورت میں قربانی کا خرچہ خود ہی برداشت کرے، خلاصہ یہ ہے کہ بلا اجازت قران وتمتع نہیں کرسکتا ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "المبسوط للسرخسي": رجل أمره رجلان أن يحج عن كل واحد منهما فأهل بحجة عن أحدهما لا ينوي عن واحد منهما، قال له أن يصرفه إلى أيهما شاء في قول أبي حنيفة ومحمد رحمهما الله، وقال أبو يوسف رحمه الله: أرى ذلك عن نفسه وهو ضامن لنفقتهما .

(۴/۱۷۷، كتاب المناسك، مجمع الأنهر في ملتقى الأبحر: ۱/۴۵۷، الفتاوى الهندية: ۱/۲۵۷، مجمع البحرين وملتقى النيرين: ص ۲۳۳، في الحج عن الغير، ردالمحتار على الدرالمختار: ۴/۲۷) ما في "شرح عقود رسم المفتي": قال العلامة ابن عابدين في شرح عقود رسم المفتي: قال الإمام قاضيخان: وإن كانت المسئلة مختلفا فيها بين أصحابنا فإن كان مع أبي حنيفة أحد صاحبيه يأخذ بقولهما أي بقول الإمام ومن وافقه لوفور الشرط واستجماع أدلة الصواب فيها . (ص ۲۵)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ فمن تمتع بالعمرة إلى الحج فما استيسر من الهدي﴾. (البقرة: ۹۶) ما في " المصنف لإبن أبي شيبة ": روي أن رسول اللهﷺ قارناً فنحر البدن . =

بچوں کی شادی کی وجہ سے حج میں تاخیر کرنا

مسئلہ (۹۸): بعض لوگوں پر حج فرض ہو چکا ہوتا ہے مگر وہ اس لیے حج نہیں کرتے کہ گھر میں لڑکے لڑکیاں شادی کے قابل ہو چکی ہیں، ان کی شادیاں وغیرہ سے فارغ ہو جائیں گے پھر حج کرینگے، انکا یہ عمل شرعاً درست نہیں ہے، کیونکہ بچوں کی شادی کرنا ایسا عذر نہیں ہے جس کی وجہ سے فرض حج میں تاخیر یا التواء جائز ہو۔ (۱)

= وقال جابر رضي الله عنه : " كنا نتمتع مع رسول الله ﷺ فنذبح البقرة عن سبعة ".

وقال ابن عباس رضي الله عنهما: " يجزي المتمتع أن يشارك في دم".

(۸/۲۰، رقم الحديث: ۱۲۹۴۰، ۱۲۹۴۱، كتاب المناسك، باب يجزي أن يشارك في دم)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": ودم القران والتمتع والجناية على الحاج إن أذن له الآمر بالقران والتمتع وإلا فيصير مخالفاً فيضمن . (۴/۳۰، باب الحج عن الغير، مطلب العمل على القياس دون الاستحسان، مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر: ۱/۴۵۷، مجمع البحرين في ملتقى النيرين: ص ۲۳۳) (فتاوی محمودیہ: ۱۰/۴۱۷، فتاوی رحیمیہ: ۸/۱۱۸، کتاب المناسک)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا، ومن كفر فإن الله غني عن العالمين﴾. (آل عمران: ۹۷)

ما في "الجامع لأحكام القرآن": قال الحسن البصري: إن من ترك الحج وهو قادر عليه فهو كافر . (۴/۱۵۳)

ما في "السنن للدارمي": لقوله عليه السلام : "من مات ولم يحج فليمت إن شاء يهوديا وإن شاء نصرانيا ". (۲/۴۵، كتاب الحج، باب من مات ولم يحج)

خواجہ اجمیری کی درگاہ کا چکر لگانے سے حج ساقط نہیں ہوتا

مسئلہ (۹۹): بعض جاہل لوگ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کے مزار کی سات برس تک زیارت کر لینے سے حج ساقط ہو جاتا ہے، یہ سراسر باطل اور خطرناک گمراہی ہے، کیونکہ حج پوری دنیا میں صرف ایک ہی جگہ مکہ مکرمہ میں=

ما في "السنن للترمذي وإعلاء السنن": لقوله عليه السلام : " من ملک زاداً و راحلة تبلغه إلى بيت الله ولم يحج فلا عليه أن يموت يهوديا ولا نصرانيا ". وذلک ان الله يقول في كتابه : ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾.

(۵/۲، كتاب المناسک ، باب ما جاء في التغليظ في ترک الحج ، ۵/۱۰، كتاب الحج)

ما في "الفتاوى التاتارخانية": إن كان له مقدار ما يحج به وعزم على التزوج ذكر ابن شجاع عن أبي حنيفة رحمه الله أنه يحج ولا يتزوج.

(۱۴۸/۲ ، كتاب المناسک، الفصل الأول في شرائط الوجوب)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": وفي الأشباه: معه ألف وخاف العزوبة إن كان قبل خروج أهل بلده فله التزوج ولو وقته لزم الحج .

(۴۰۸/۳، باب مطلب فيمن حج بمال حرام، فتاوى محموديه: ۲۹۱/۱۰)

ما في "الفتاوى الهندية": إن أريد النكاح حال التوقان فهو مقدم على الحج اتفاقا لأن في تركه أمرين: ترک الفرض ووقوع في الزنا.

(مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر: ۳۸۳/۱، كتاب المناسک)

ما في "الفتاوى الهندية": وإذا وجد ما يحج به قد قصد التزوج يحج به ولا يتزوج لأن فريضة أوجبها الله تعالى على عبده كذا في التبيين . (۲۱۷/۱ ، الفصل الأول)

=سال میں ایک ہی مقررہ وقت پر ماہِ ذی الحجہ میں ادا کیا جاتا ہے، کسی دوسری جگہ اصل حج تو درکنار اس کی نقل کرنا بھی حرام ہے، حضرت خواجہ صاحب کے مزار کی زیارت کو حج کے قائمِ مقام سمجھنا بالکل لادینی اور مشرکانہ ذہنیت وخیالات کی پیداوار ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية ": الحج هو زيارة مكان مخصوص في زمن مخصوص بفعل مخصوص فرض في العمر مرة على الفور . (۳/۴۰۰، مجمع الأنهر: ص۳۸۲)

ما في " القرآن الكريم ": ﴿إن الدين عند الله الإسلام، ومن يبتغ غير الإسلام ديناً فلن يقبل منه، وهو في الآخرة من الخاسرين﴾ . (آل عمران:۸۵)

ما في "الصحيح المسلم": لقوله عليه السلام: " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد". متفق عليه . (۲/۷۷، كتاب الأقضية)

ما في "الصحيح البخاري": لقوله عليه السلام: " لعن الله اليهود اتخذوا قبور أنبيائهم مساجد". ولقوله عليه السلام:" أولئك قوم إذا مات فيهم العبد الصالح أو الرجل الصالح بنوا على قبره مسجدا وصوروا فيها تلك الصور، أولئك شرار الخلق عند الله ".

(۱/۶۲، باب الصلوة في البيعة)

ما في "التفسير المظهري": قال القاضي ثناء الله العثماني الحنفي: لا يجوز ما يفعله الجهال بقبور الأولياء والشهداء من السجود والطواف حولها . (تفسير المظهري: ۲/۶۵)

ما في "حجة الله البالغة ": قال العلامة المحدث الشاه ولي الله الدهلوي: كان أهل الجاهلية يقصدون مواضع معظمة بزعمهم يزورونها ويتبركون بها وفيه من التحريف والفساد ما لا يخفى فسد النبي ﷺ باب الفساد لئلا يلتحق غير الشعائر بالشعائر ولئلا يصير ذريعة لعبادة غير الله .

(۱/۴۸۰)

حج کی وصیت کئے بغیر مرجائے تو کیا حکم ہے؟

مسئلہ (۱۰۰): ایک شخص پر حج فرض ہوگیا لیکن اس نے حج نہیں کیا یہاں تک کہ وہ مرگیا اور وصیت بھی نہیں کی، تو اگر کوئی وارث اس میت کی جانب سے حجِ بدل کر لے تو امید ہے کہ اس سے مواخذہ نہیں ہوگا، ہاں اگر حج کی وصیت کر گیا ہو اور اتنا مال بھی چھوڑا ہو کہ اس کے ثلث مال سے فریضۂ حج ادا کیا جا سکتا ہو، تو ایسی صورت میں اس کی وصیت کے مطابق اس کی طرف سے حج کرنا ضروری ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "السنن الترمذي": " جاءت امرأة إلى النبي ﷺ فقالت: إن أمي ماتت ولم تحج، أفأحج عنها؟ قال: نعم حجي عنها".

(۲/۷۴، كتاب الحج، باب ماجاء في الحج عن الشيخ الكبير والميت)

ما في "السنن الدارقطني": أن رجلا سأل رسول الله ﷺ عن الحج عن أبيه، قال: " احجج عنه، ألا ترى أنه لو كان عليه دين فقضيته عنه ان ذلك يجزي عنه؟ قال: بلى؛ قال: فحق الله أحق".

(۲/۲۲۹، كتاب المناسك، رقم الحديث: ۲۵۸۹)

ما في "الفتاوى التاتارخانية": من مات وعليه فرض الحج ولم يوص به لم يلزم الوارث أن يحج عنه وإن أحب أن يحج عنه حج، وأرجو أن يجزئه إن شاء الله تعالى.

(۲/۲۳۳، كتاب الحج، الوصية بالحج، بدائع الصنائع: ۲/۴۲۹، الشامية: ۴/۱۱۶، ۱۷، باب الحج عن الغير) (فتاوی محمودیہ: ۱۰/۴۲۱، أحسن الفتاوی: ۲۵۸۹)

مقروض شخص حج کرسکتا ہے یا نہیں؟

مسئلہ (۱۰۱): اگر کوئی شخص مقروض ہو اور قرض خواہ اپنے قرض کا مطالبہ نہ کر رہا ہو تو اس کے لیے حج کرنا صحیح ہے، لیکن بہتر یہ ہے کہ پہلے قرض ادا کرے پھر حج ادا کرے، کیونکہ قرض حقوق العباد میں سے ہے جس کی بڑی اہمیت ہے، انتظام ہوتے ہوئے قرض ادا نہ کرنا سنگین گناہ ہے۔[1]

اپنا حج خود ادا کرے

مسئلہ (۱۰۲): اگر کسی شخص پر حج فرض ہو چکا ہو تو یہ فریضہ اس وقت تک اس کے ذمہ سے ساقط نہ ہوگا جب تک کہ خود حج نہ کرے، یا زندگی بھر معذور و مجبور رہنے کی وجہ سے دوسرے سے حجِ بدل کروائے، یا حجِ بدل کروانے کی وصیت کر جائے، حج کے =

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾.

(سورة آل عمران: ۹۷)

ما في "الجامع لأحكام القرآن للقرطبي": وإذا وجدت الاستطاعة وتوجه فرض الحج معرض مانع كالغريم يمنعه عن الخروج حتى يؤدي الدين ولا خلاف في ذلك. (۴/۱۴۹)

ما في "الفتاوى الهندية": ويكره الخروج إلى الغزو و الحج لمن عليه الدين وإن لم يكن عنده مال ما لم يقض دينه إلا بإذن الغرماء. (۱/۲۲۱، كتاب المناسك، الفصل الأول)

ما في "البحر الرائق": ويكره الخروج للغزو أو الحج لمديون وإن لم يكن له مال يقضي به إلا أن يأذن الغريم. (۲/۵۴۰، دار الكتاب ديوبند) (فتاوی محمودیہ: ۱۰/۳۹۱)

=اخراجات صدقہ خیرات کرنے یا کسی غریب کی مدد کرنے سے صدقہ خیرات کا ثواب تو مل جائیگا مگر فریضہ حج ساقط نہیں ہوگا۔ (۱)

عمرہ کا ویزہ لیکر حج کرنا

مسئلہ (۱۰۳): بعض لوگ عمرہ کا ویزہ لیکر عمرہ کیلئے جاتے ہیں اور وہیں رک جاتے ہیں، پھر حج کر کے واپس آتے ہیں، اس طرح کرنے سے حج تو ادا ہو جائیگا لیکن قانون کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے گنہگار ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ .
(سورة آل عمران: ۹۷)

ما في "الجامع لأحكام القرآن للقرطبي": اللام في قوله: "ولله" لام الإيجاب والإلزام ثم أكده بقوله تعالى: "على" التي هي من أوكد ألفاظ الوجوب عند العرب فإذا قال العربي لفلان عليّ كذا فقد وكده وأوجبه فذكر الله الحج بأوكد ألفاظ الوجوب تاكيدا لحقه وتعظيما لحرمته ولا خلاف في فرضيته وهو أحد قواعد الإسلام وليس يجب إلا مرة في العمر. (۱۴۲/۴)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": والحاصل أن من قدر على الحج وهو صحيح ثم عجز لزمه الاحجاج اتفاقا . (۱۵/۴)

ما في "الفتاوى الهندية ": من عليه الحج إذا مات قبل أدائه فإن مات عن غير وصية يأثم بلا خلاف . (۲۵۸/۱)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في " القرآن الكريم ": ﴿وأوفوا بالعهد إن العهد كان مسئولا﴾ . (بنى اسرائيل:۳۷)
ما في "الجامع لأحكام القرآن للقرطبي": قال الزجاج: كل ما أمر الله به ونهى عنه فهو في العهد .
(۲۵۶/۱۰) =

حجاجِ کرام کی دعوت کرنا

مسئلہ (۱۰۴): اگر کوئی شخص حج کے مبارک سفر کی نسبت پر سیدھے سادے طریقے سے حجاجِ کرام کی دعوت کرے، تو یہ فی نفسہ مباح ہے اور انشاء اللہ باعثِ اجر بھی ہے، بشرطیکہ اس میں ریاء ونمود، بدلہ چکانے یا آئندہ وصول کرنے کی نیت نہ ہو، اور دعوت نہ کرنے پر حاجیوں کی طرف سے کوئی شکوہ شکایت نہ ہو۔[1]

= ما في "الجامع لأحكام القرآن للقرطبي": لقوله عليه السلام: "المؤمنون عند شروطهم". وقال: كل شرط ليس بكتاب الله فهو باطل، فبين أن الشرط أو العقد الذي يجب به الوفاء ما وافق كتاب الله أي دين الله فإن ظهر فيها ما يخالف رد. (٦/٣٣)

ما في "السنن الترمذي": لقوله عليه السلام: "المسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالا أو أحل حراما". (١/٢٥١)

ما في "السنن لأبي داود": لقوله عليه السلام: "الصلح جائز بين المسلمين زاد أحمد إلا صلحا حرم حلالا أو أحل حراما". زاد سليمان بن داود: وقال رسول اللهﷺ: "المسلمون على شروطهم". (ص ٥٠٦، كتاب القضاء، باب في الصلح)

الحجة على ما قلنا

(١) ما في "كنز العمال": لقوله عليه السلام: "خيار أمتي من يطعم الطعام وليس فيه رياء وسمعة، ومن أطعم طعاما فيه رياء وسمعة جعله الله تعالى نارا في بطنه يوم القيامة حتى يفرغ الحساب". (٩/١٠٨، كتاب الضيافة، رقم الحديث: ٢٥٨٣٥)

ما في "مشكوة المصابيح": عن أبي سعيد الخدري عن النبيﷺ قال: "أطعموا طعامكم الأتقياء وأولوا معروفكم المؤمنين". رواه البيهقي في شعب الإيمان.

(ص ٣٢٩، باب الضيافة، الفصل الثاني) =

.....

.....

.....

= ما في " صحيح البخاري": لقوله عليه السلام:"من سمع سمع الله له ومن يرائي يرائي الله به ".
(۲/۹۶۲، كتاب الرقاق، باب الرياء والسمعة)

ما في " القرآن الكريم ": ﴿والذين ينفقون أموالهم رياء الناس﴾ . (سورة النساء :۳۸)

مـا فـي "الجامع لأحكام القرآن للقرطبي": القاصد بنفقة الرياء غير مثاب كالكافر لأنه لم يقصد به وجه الله تعالى . (۳/۳۱۲)

مـا في "التفسير القرطبي": قوله: "يراءون الناس" والرياء إظهار الجميل ليراه الناس ولا لاتباع أمر الله . (۵/۴۲۲)

كتاب الأضحية

(قربانی کا بیان)

قربانی کس پر فرض ہے؟

مسئلہ (۱۰۵): جس شخص پر زکوۃ فرض ہو یا جس کے پاس ساڑھے باون تولہ چاندی یا اس کی قیمت ہو یا اتنی قیمت کا مالِ تجارت ہو تو اس پر قربانی اور صدقۂ فطر واجب ہوجاتا ہے، شریعتِ اسلامیہ میں قربانی کی بڑی فضیلت ہے اور قربانی واجب ہونے کے باوجود نہ کرنے پر سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "كنز العمال": لقوله عليه السلام: "الأضاحي سنة أبيكم إبراهيم، بكل شعرة حسنة وبكل شعرة من الصوف حسنة". (۳۹/۵، رقم الحديث: ۱۲۲۲۹، ابن ماجه: ص ۲۲۶)

ما في "السنن الترمذي": لقوله عليه السلام: "في الأضحية لصاحبها بكل شعرة حسنة".

(۲۷۵/۱، باب ماجاء في فضل الأضاحي)

ما في "الترغيب والترهيب": لقوله عليه السلام: "من وجد سعة فلم يضح فلا يحضر مصلانا".

(۱۰۳/۲)

ما في "مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر": الأضحية هي واجبة على حر مسلم مقيم موسر عن نفسه لا عن طفله.

(مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر: ۱۶۶/۴، البحر الرائق: ۳۱۸/۸، كتاب الأضحية)

ما في "الدر المختار مع الشامية": ذبح حيوان مخصوص بنية القربة في وقت مخصوص وشرائطها الإسلام واليسار الذي يتعلق به صدقة الفطر. (۳۷۸/۹، كتاب الأضحية)

نصاب کے مقدار زائد از ضرورت مال میں قربانی واجب ہوگی

مسئلہ (۱۰۶): اگر کسی شخص کے پاس ضرورت سے زائد کپڑے، موبائل فون، گھریلو برتن، ٹیپ ریکارڈ، ٹیلی ویژن اور وی سی آر وغیرہ جن کی مالیت نصاب (ساڑھے باون تولہ چاندی) کے برابر ہو تو اس پر بھی قربانی واجب ہوگی، کیوں کہ وجوبِ قربانی کے لیے نصاب کا نامی ہونا اور اس پر سال گذرنا شرط نہیں ہے۔ (۱)

دوسرے کی طرف سے قربانی کا حکم

مسئلہ (۱۰۷): دوسرے کی طرف سے واجب قربانی کی اجازت لینا ضروری ہے، ورنہ دوسرے کی واجب قربانی ادا نہ ہوگی، اگر کسی علاقے میں اپنے متعلقین کی طرف سے قربانی کرنے کی عادت اور رواج ہو تو اپنے متعلقین کی طرف سے انکی اجازت کے بغیر واجب قربانی درست ہو جائیگی۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿فصل لربك وانحر﴾ . (الكوثر: ۲)

ما في "السنن لإبن ماجة ": قوله عليه السلام: "من وجد سعة فلم يضح فلا يقربن مصلانا ". (ص۲۲۶)

ما في "الفتاوى الهندية": قال في الهندية: وأما شروط الوجوب منها اليسار وهو ما يتعلق به وجوب صدقة الفطر دون ما يتعلق به وجوب الزكاة . (۲۹۲/۵)

ما في " بدائع الصنائع": فلابد من اعتبار الغني وهو أن يكون في ملكه مائتا درهم أوعشرون ديناراً أو شيء تبلغ قيمته ذلك سوى مسكنه وكسوتة وما لا يستغنى عنه .

(۱۹۶/۴، الدر المختار مع الشامية : ۳۷۹/۹)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في " بدائع الصنائع": ومنها إذن صاحب الأضحية بالذبح إما نصاً أو دلالة إذا كان الذابح غيره، فإن لم يوجد لا يجوز لأن الأصل فيما يعمله الإنسان أن يقع للعامل وإنما يقع لغيره بإذنه فإذا لم يوجد لا يقع له . (۲۱۱/۴، كتاب الأضحية، البحر الرائق : ۳۲۶/۸، كتاب الأضحية) =

نابالغ اولاد کی طرف سے قربانی کرنا

مسئلہ (۱۰۸): امیر باپ پر نابالغ اولاد کی طرف سے قربانی کرنا واجب نہیں، مستحب ہے، اگر قربانی کرے گا تو ثواب ملے گا نہیں کریگا تو گناہ نہیں ہوگا۔ (۱)

خنزیر کے دودھ سے پروردہ جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۰۹): اگر کسی جانور کے بچے کی پرورش سور کے دودھ سے ہوئی ہو تو وہ بچہ حلال ہے، اس کی قربانی درست ہے، لیکن قربانی کرنے سے پہلے چند روز تک یعنی کم سے کم دس دن دوسرا چارہ دینا چاہیے۔ (۲)

= ما في " الدر المختار مع الشامية ": قال في الذخيرة : ولعله ذهب إلى أن العادة إذا جرت من الأب في كل سنة صار كالإذن منهم . (۳۸۲/۹ ، كتا ب الأضحية)

ما في "الأشباه والنظائر": بقاعدة فقهية: " إنما تعتبر العادة إذا اطردت أو غلبت". " العادة محكمة". (ص:۳۳۳)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر": قوله: لا عن طفله أي أولاده الصغار في ظاهر الرواية لكونها قربة محضة فلا تجب على لغير بسبب الغير . (۱۶۷/۴)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": قوله: لا عن طفله: أي من مال الأب، وفي ظاهر الرواية أنه يستحب ولا يجب . (۳۸۲/۹ ، بدائع الصنائع: ۱۹۷/۴ ، تبيين الحقائق: ۴۷۵/۶)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "البحر الرائق": يحل أكل جذع تغذى بلبن خنزير لأن لحمه لا يتغير وما تغذى به يصير مستهلكا لا يبقى له أثر . (۳۳۵/۸) =

قربانی سے پہلے نہ کھانا مستحب ہے

مسئلہ (۱۱۰): بروز عید قرباں بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ جب تک قربانی نہ ہو روزے سے رہے، یعنی نہ کچھ کھائے اور نہ پیئے، شریعتِ اسلامیہ میں اس قول کی کوئی اصل وحقیقت نہیں ہے، البتہ جو شخص قربانی کرے اس کے لیے یہ مستحب ہے کہ عید الاضحیٰ کی نماز سے فارغ ہونے تک کچھ نہ کھائے، تاکہ اس دن اس کا اولِ طعام اس کی قربانی کا گوشت ہو۔[1]

= ما في " الدر المختار مع الشامية ": وكره لحمهما أي لحم الجلالة والرمكة وتحبس الجلالة حتى يذهب نتن لحمها وقدر بثلاثة أيام لدجاجة وأربعة لشاة وعشرة لإبل وبقر على الأظهر .
(۴۱۴/۹)

ما في "بدائع الصنائع": لا يحل الانتفاع بها من العمل وغيره إلا أن تحبس أياما وتعلف فحينئذ تحل وقيل إنما لا يكره لأنه لا ينتن كما لا ينتن الإبل والحكم متعلق بالنتن، ولهذا قال أصحابنا في جدى ارتضع بلبن خنزير حتى كبر أنه لا يكره أكله لأن لحمه لا يتغير ولا ينتن . (۱۵۴/۴)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "إعلاء السنن": وروي أنه ﷺ كان لا يخرج يوم الفطر حتى يطعم وكان لا يأكل يوم النحر شيئا حتى يرجع فيأكل من أضحيته . (۱۷/۲۵۰، كتاب الأضاحي)

ما في "حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح": وأحكام الأضحى كالفطر لكنه في الأضحى يؤخر الأكل عن الصلاة استحبابا فإن قدمه لا يكره في المختار، وفيه رمز إلى أن هذا الإمساك ليس بصوم ولذا لم يشترط له النية وإلى أنه مندوب في حق المصريين فقط.

(ص ۵۳۶، مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر: ۲۵۸/۱)

ما في " تبيين الحقائق": قال رحمه الله: (لكن هنا يؤخر الأكل عنها) لما روي أنه عليه الصلاة والسلام كان لا يطعم في يوم الأضحى حتى يرجع فيأكل من أضحيته، وقيل هذا في حق من يضحي ليأكل من أضحيته أولا أما في حق غيره فلا، ثم قيل الأكل قبل الصلاة مكروه، والمختار أنه ليس بمكروه ولكن يستحب أن لا يأكل . (۵۴۳/۱)

سودخور کے ساتھ قربانی میں شرکت کا حکم

مسئلہ (۱۱۱): جان بوجھ کر سودخور کے ساتھ قربانی میں شرکت نہیں کرنی چاہیے، کیوں کہ حرام رقم سے شرکت کرنے کی صورت میں کسی کی بھی قربانی درست نہیں ہوگی، ہاں اگر ایسا آدمی کسی سے حلال رقم لے کر قربانی میں حصہ لے تو اس کو اجتماعی قربانی میں شامل کرنا جائز ہوگا۔ (۱)

خنثیٰ مشکل کی قربانی جائز نہیں

مسئلہ (۱۱۲): خنثیٰ مشکل بکرے کی قربانی کرنا جائز نہیں ہے، کیوں کہ اس کا گوشت اچھی طرح پکتا نہیں، لیکن اگر کسی نے اتفاقاً اس کی قربانی کر لی اور اس کا گوشت اچھی طرح پک گیا تو قربانی صحیح ہوگی، کیوں کہ عدمِ جواز کی علت گوشت کا اچھی طرح نہ پکنا تھا، اب جب پک گیا تو یہ ظاہر ہوا کہ عدمِ جواز کی علت نہیں پائی گئی، اور یہ اصول بھی ہے کہ ارتفاعِ علت ارتفاعِ حکم کو مستلزم ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "ردالمحتار على الدرالمختار": وإن كان شريک الستة نصرانيا أو مريد اللحم لم يجز عن واحد، وكذا إذا كان عبدا أو مدبرا يريد الأضحية لأن نيته باطلة لأنه ليس من أهل هذه القربة فكان نصيبه لحما فمنع الجواز أصلا . (۹/۳۹۵، كتاب الأضحية ، البحرالرائق:۸/۳۲۵)

ما في " بدائع الصنائع": وهكذا قال أبو يوسف رحمه الله: ولو كان أحد الشركاء ذميا، كتابيا أو غير كتابي وهو يريد اللحم أو أراد القربة في دينه لم يجز عندنا. (۴/۲۰۹)

(جامع الفتاوی:۴/۷۷، احسن الفتاوی:۷/۵۰۳، کفایت المفتی:۸/۲۰۵)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "الفتاوى الهندية":لا تجوز التضحية بالشاة الخنثى لأن لحمها لا ينضج. (۵/۲۹۹) =

قربانی کا گوشت قصاب کی اجرت میں دینا جائز نہیں

مسئلہ (۱۱۳): قربانی کے جانور کے کسی جزء مثلاً کھال یا گوشت وغیرہ سے قصاب کی اجرت دینا یا قیمت میں وضع کرنا جائز نہیں، اگر کسی نے ایسا کیا تو قربانی ہوجائے گی لیکن کھال کی قیمت یا جتنا گوشت دیا ہے اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہوگا، قصاب کی اجرت الگ رقم سے دی جائے، قربانی کے جانور کے کسی جزء سے نہیں۔ (۱)

= ما في " الدر المختار مع الشامية ": قال العلامة ابن عابدين: و بهذا التعليل اندفع ما أورده ابن وهبان من أنها لا تخلوا إما أن تكون ذكرا أو أنثى وعلى كل تجوز. (۹/۳۹۴)

ما في "موسوعة مصطلحات أصول الفقه عند المسلمين": وبقاعدة فقهية: " متى لم تكن العلة لم يكن الحكم". " انتفاء العلة لانتفاء الحكم" . (۱/۹۵۸، ۹۷۶، باب العلة)

(فتاوی محمودیہ:۱۷/۴/۳۷۴، جامع الفتاوی:۴/۴۰۵)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " صحيح البخاري": وروي أن عليا رضي الله عنه أخبره أن النبي ﷺ أمره أن يقوم على بدنه كلها، وان يقسم بُدنه كلها لحومها وجلودها وجلالها ولا يعطى في جزارتها شيئا.

(۱/۲۳۲، كتاب المناسک ، باب يتصدق بجلود الهدي)

ما في " الشامية ": ولايعطى أجر الجزار منها لأنه كبيع وكره جز صوفها قبل الذبح لينتفع به فإن جزه تصدق به . (۹/۳۹۸ ، البحر الرائق:۸/۳۲۷ ، كتاب الأضحية)

ما في "الفتاوى الهندية": ولا أن يعطى أجر الجزار والذابح منها فإن باع شيئا من ذلک بما ذكرنا نفذ عند أبي حنيفة ومحمد رحمهما الله تعالى وعند أبي يوسف رحمه الله تعالى لاينفذ ويتصدق بثمنه كذا في البدائع .

(۵/۳۰۱ ، الباب السادس في بيان ما يستحب في الأضحية والانتفاع بها) (إمداد الفتاوی:۳/۵۶۳)

طالب علم کا نفلی قربانی کرنا

مسئلہ (۱۱۴): طالبِ علم کے لیے قربانی کرنے سے کتابیں خریدنا بہتر ہے۔[۱]

نیل گائے کی قربانی درست نہیں

مسئلہ (۱۱۵): نیل گائے کی قربانی درست نہیں، قربانی کے جانوروں کی تعیین شرعی سماعی ہے، قیاس کو اس میں دخل نہیں، اور شریعتِ مقدسہ میں صرف تین قسم کے جانوروں کی قربانی درست ہے:

پہلی قسم:.....اونٹ نر و مادہ۔

دوسری قسم:.....بکرا بکری، مینڈھا (دنبہ) بھیڑ، نر و مادہ۔

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الصحيح لمسلم": لقوله عليه السلام : " إذا مات الإنسان انقطع عنه عمله إلا من ثلاثة؛ إلا من صدقة جارية أو علم ينتفع به أو ولد صالح يدعو له ".

(۲/ ۴۱، باب ما يلحق الإنسان من الثواب بعد وفاته)

ما في "التعليق الصبيح على مشكوة المصابيح": المعنى أن الإنسان إذا مات لا يُكتب له بعده أجر أعماله لأنه جزاء العمل وهو ينقطع بموته إلا فعلا دائم الخير مستمر النفع مثل وقف الأرض أو تصنيف كتاب أو تعليم مسألة يعمل بها وولد صالح وكل منها يلحق أجره إليه.

(۱/ ۲۲۲، مكتبه رشيديه كوئٹه)

ما في "الدر المختار مع الشامية": والحق التفصيل: فما كانت الحاجة فيه أكثر والمنفعة فيه أشمل فهو الأفضل . (۴/ ۴۶، مطلب في تفضيل الحج على الصدقة)

(فتاوی محمودیہ: ۱۷/ ۵۰۶، جامع الفتاوی: ۴/ ۴۸۰)

تیسری قسم:.....گائے، بھینس نر و مادہ۔

ان کے علاوہ کسی بھی جانور کی قربانی کرنا درست نہیں ہے، اور ان جانوروں کے لیے شرط یہ ہے کہ وہ وحشی نہ ہوں بلکہ پالتو اور انسانوں سے مانوس ہوں۔ (۱)

چرم قربانی کی قیمت کا صدقہ کرنا

مسئلہ (۱۱۶): قربانی کی کھال فروخت کرنے کے بعد جو رقم قیمت کے طور پر ملتی ہے وہ صدقہ کر دینا واجب ہے اور صدقہ کی حقیقت یہ ہے کہ جس کو دیا جائے وہ مالک بن جائے، چونکہ مسجد میں تملیک نہیں پائی جاتی اس لیے قربانی کی کھال کی رقم مسجد کی تعمیر اور امام و موذن اور خادم وغیرہ کی تنخواہ، اسی طرح قبرستان یا مسجد کی چہار دیواری بنانے میں صرف کرنا جائز نہیں۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الفتاوى الهندية": وإن ضحى بظبية وحشية أنست أو ببقرة وحشية أنست لم تجز. (۵/۲۹۷، كتاب الأضحية، في بيان محل إقامة الواجب)

ما في "تبيين الحقائق": والوحشي إن كانت الأم أهلية جاز لأن جواز التضحية بهذه الأشياء عرفت شرعا بالنص على خلاف القياس..... أما جنسه فهو أن يكون من الأجناس الثلاثة والغنم والإبل والبقرة في كل جنس نوعه والذكر والأنثى منه والجاموس نوع البقر. (۶/۴۸۳، البحر الرائق: ۴/۳۲۴، فتاوى قاضيخان: ۴/۳۳۱) (كفايت المفتي: ۸/۱۹۱/۱۹۲)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "القرآن الكريم": ﴿إنما الصدقات للفقراء والمساكين والعاملين عليها والمؤلفة قلوبهم وفي الرقاب والغارمين وفي سبيل الله وابن السبيل﴾. (التوبة: ۶۰) =

وکیل بن کر قربانی کرنا

مسئلہ (۱۱۷): اگر کوئی شخص وکیل بن کر لوگوں کی قربانی کرنے کی ذمہ داری لیتا ہے تو ہر شخص کا حساب الگ رکھنا ضروری ہوگا، اگر کسی کی رقم بچ جائے تو بقیہ رقم واپس کرنا لازم ہوگا، لیکن اگر موکل بچی ہوئی رقم کو کسی اور مصرف میں خرچ کرنیکی اجازت دے تو اس کا خرچ کرنا جائز ہوگا۔[1]

= ما في "أحكام القرآن للجصاص": وقال الإمام الجصاص: فإن الصدقة تقتضي تمليكا وقال: إذ شرط الصدقة وقوع الملك للمتصدق عليه. (۳/۱۶۱)

ما في "نتائج الأفكار تكملة فتح القدير": وقال ابن همام: الصدقة كالهبة لا تصح إلا بالقبض. (۹/۵۷)

ما في "المغني والشرح الكبير": وروي عن ابن عمر رضي الله عنه أنه يبيع الجلد ويتصدق بثمنه. (۱۱/۱۱۲)

ما في "الدر المختار مع الشامية": ولا يعطى أجر الجزار منها لأنه كبيع لأن كلا منهما معاوضة لأنه إنما يعطى الجزار بمقابلة جزره. (۹/۳۹۸) (فتاوی محمودیہ: ۱۷/۴۵۸)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "القرآن الكريم": ﴿إن الله يأمركم أن تودوا الأمانات إلى أهلها﴾. (النساء: ۵۸)

ما في "حاشية ابن التمجيد مع حاشية القونوي على تفسير البيضاوي": أمر المؤمنين في هذه الآية بأداء الأمانات في جميع الأمور سواء كانت تلك الأمور في باب المذاهب والديانات أو من باب الدنيا والمعاملات. (۷/۲۰۲)

ما في "حاشية القونوي": الأمانات جمع أمانة وهي ما يقع في يد الإنسان ولو بغير قصد. (۷/۲۰۱)

ما في "تفسير المظهري": لكن الآية بعموم لفظها يفيد وجوب أداء كل أمانة إلى أهلها، عن أنس قال: قلماخطبنا رسول الله ﷺ إلا قال: "لا إيمان لمن لا أمانة له ولا دين لمن لا عهد له". رواه البيهقي في شعب الإيمان.

.....

.....

فائدة: ليس أداء الأمانة منحصرا في مال الوديعة ونحو ذلك بل كل حق لأحد على أحد أمانة يجب أدائه لأهله كما يدل عليه سبب نزول هذه الآية . (۲/۳۶۳/۳۶۴)

ما في "البحر المحيط لأبي حيان الغرناطي": والظاهر في يأمركم أن الخطاب لكل أحد في كل أمانة ، ..... قال ابن عباس رضي الله عنهما: " لم يرخص الله لموسر ولا معسر أن يمسك الأمانة ". (۳/۳۹۴)

ما في "روح المعاني للآلوسي" : ان الأمانات وهي جمع أمانة مصدر سمى به المفعول .نعم الحقوق المتعلقة بذممهم من حقوق الله تعالى وحقوق العباد سواء كانت فعلية أو قولية أو اعتقادية، وعموم الحكم لا ينافي خصوص السبب ..... أخرجه البيهقي في الشعب عن ابن عمر عن النبيﷺ قال: " أربع إذا كن فيك فلا عليك فيما فاتك من الدنيا حفظ أمانة وصدق حديث وحسن خليقة وعفة طعمة ". (۴/۹۴)

ما في "فتح القدير للشوكاني": الظاهر أن الخطاب يشمل جميع الناس في جميع الأمانات. (۱/۳۹۲)

ما في "تفسير المنير": الأمانات جمع أمانة وهي ما يؤتمن الشخص عليه، وفي عرف الناس هي كل ما أخذته بإذن صاحبه وتعم جميع الحقوق المتعلقة بالذمة لله أو للناس أو لنفسه، ورعاية الأمانة في حق الآخرين رد الودائع والعواري وعدم الغش في المعاملات والجهاد والنصيحة وعدم إفشاء أسرار الناس وعيوبهم، أداء الأمانات واجب ولا سيما عند طلبها من صاحبها ومن لم يؤدها في الدنيا أخذ منه ذلك يوم القيامة . (۳/۱۲۷/۱۲۹)

ما في "الجامع لأحكام القرآن للقرطبي": وأجمعوا على أن الأمانات مردودة إلى أربابها الأبرار منهم والفجار . (۵/۲۵۶)

ما في "السنن لأبي داود": لقوله عليه السلام: " أد الأمانة إلى من ائتمنك" .

(ص۴۹۸، كتاب البيوع، باب في الرجل يأخذ حقه من تحت يده)

ما في "الفقه الإسلامي وأدلته": اتفق الفقهاء على أن المقبوض في يد الوكيل يعتبر أمانة بمنزلة الوديعة .

(۵/۴۰۱۹، كتاب الوكالة)

ما في "قواعد الفقه": بقاعدة فقهية: "لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير بغير إذنه".

(ص۱۱۰، رقم المادة: ۲۷۰)

قربانی کی کھال سے خود فائدہ اٹھانا

مسئلہ (۱۱۸): قربانی کی کھال سے خود فائدہ اٹھانا یا کسی کو دے دینا دونوں جائز ہے، خواہ وہ شخص جس کو یہ کھال دی جارہی ہے مالدار ہو یا فقیر، ہاشمی ہو یا غیر ہاشمی، اپنے اصول وفروع ہوں یا اجنبی، نیز اس میں تملیک بھی واجب نہیں ہے، اسی لیے خود اپنے لیے اس کا مصلیٰ اور ڈول وغیرہ بنالینا یا کسی اور کام میں لانا جائز ہے۔[۱]

ہرن کی قربانی کرسکتے ہیں یا نہیں؟

مسئلہ (۱۱۹): ہرن حلال ہے اس کا گوشت کھانا جائز ہے، لیکن چونکہ وحشی جانوروں میں سے ہے، اور وحشی جانوروں کی قربانی جائز نہیں ہے، لہٰذا ہرن یا ہرنی کی قربانی جائز نہیں، اس کے مانوس ہونے یا نہ ہونے سے حکم میں کوئی فرق نہیں آتا۔[۲]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ فكلوا منها وأطعموا البائس الفقير﴾. (الحج :۲۸)

ما في "أحكام القرآن للجصاص": ولما جاز الأكل منها دل على جواز الانتفاع بجلودها من غير جهة البيع ، ولذلك قال أصحابنا: يجوز الانتفاع بجلد الأضحيّة ، وقال الشعبي: كان مسروق يتخذ مَسك أضحيته مصلّى فيصلي عليه . (۳/۳۱۰)

ما في "مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر": ويتصدق بجلدها أو يعمله آلة كجراب أو خف أو فرو . (مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر : ۴/۱۷۴ ، الدر المختار مع الشامية : ۹/۳۹۸، البحر الرائق : ۸/۳۲۷) (فتاوی محمودیہ:۱۷/۴۶۹)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في " الهندية ": وإن ضحى بظبية وحشية أنست أو ببقرة وحشية انست لم يجز.(۵/۲۹۷)=

شادی کی دعوت نمٹانے کی غرض سے قربانی کرنا

مسئلہ (۱۲۰): اگر کسی نے شادی کی دعوت نمٹانے کی نیت سے قربانی کی، ثواب اور واجب ادا کرنے کی نیت سے نہیں کی تو اس صورت میں قربانی صحیح نہیں ہوگی، دوبارہ ایک حصہ کرنا لازم ہوگا۔[1]

= ما في "بدائع الصنائع": وإن ضحى بظبية وحشية ألفت أو ببقرة وحشية ألفت لم يجز وحشية في الأصل والجوهر فلا يبطل حكم الأصل بعارض نادر .

(۲۰۵/۴، البحر الرائق: ۳۲۴/۸)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ":﴿وما أمروا إلا ليعبدوا الله مخلصين له الدين﴾ . (البينة :۵)

ما في "الصحيح البخاري": لقوله عليه السلام: " إنما الأعمال بالنيات ".

(۲/۱، باب بدء الوحي)

ما في " بدائع الصنائع": أما الذي يرجع من عليه التضحية فمنها نية الأضحية لا تجزى الأضحية بدونها لأن الذبح قد يكون للحم وقد يكون للقربة والفعل لا يقع قربة بدون النية .

(۲۰۸/۴)

ما في " البحر الرائق": وإن مات أحد السبعة وقال الورثة : إذبحوا عنه وعنكم صح ، وإن كان شريك الستة نصرانيا أو مريد اللحم لم تجز عن واحد منهم ، ووجه الفرق أن البقرة تجوز عن سبعة بشرط قصد الكل القربة . (۳۲۵/۸)

ما في "الأشباه والنظائر": بقاعدة فقهية: " الأمور بمقاصدها". (۱۱۳/۱)

قصائی کا ذبیحہ

مسئلہ (۱۲۱): اگر قصائی مسلمان ہو اگرچہ وہ فاسق ہو تو بھی اس کا ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے، اس کا گوشت کھانا جائز ہے۔ (۱)

ذبیحہ ٹھنڈا ہونے سے پہلے اس کا سر الگ کرنا

مسئلہ (۱۲۲): جانور ذبح کرنے کے بعد ٹھنڈا ہونے سے پہلے اس کا سر الگ کرنا یا کھال اتارنا مکروہ ہے، مگر اس ذبح کئے ہوئے جانور کا گوشت حلال ہے اور اس کا کھانا جائز ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿فكلوا مما ذكر اسم الله عليه إن كنتم بآياته مؤمنين﴾. (الأنعام: ۱۱۹)
ما في "مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر": وتحل ذبيحة مسلم وكتابي ذمي أو حربي ولو امرأة أوصبيا أو مجنونا يعقلان. (۱۵۳/۴، تبيين الحقائق: ۴۴۹/۶، البحر الرائق: ۳۰۵/۸، التنوير وشرحه مع الشامية: ۳۵۸/۹) (فتاوی محمودیہ: ۲۲۵/۱۷)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في " القرآن الكريم ": ﴿وأحسنوا إن الله يحب المحسنين﴾. (البقرة: ۱۹۵)
ما في "السنن لأبي داود": لقوله عليه السلام: " إن الله كتب الإحسان على كل شيء فإذا قتلتم فأحسنوا القتلة وإذا ذبحتم فأحسنوا الذبح وليحد أحدكم شفرته وليرح ذبيحته" .
(ص ۳۸۹، كتاب الضحايا، باب في الرفق بالذبيحة)
ما في " الدر المختار مع الشامية ": وكره كل تعذيب بلا فائدة مثل قطع الرأس والسلخ قبل أن تبرد أي تسكن عن الاضطراب . (۳۵۸/۹، مختصر الوقاية: ۲۱/۲، كتاب الذبائح)

قربانی کا جانور پستول کے ذریعے بیہوش کرنا

مسئلہ (۱۲۳): جانور کو بے ہوش کرکے ذبح کرنا یعنی ذبح سے پہلے پستول سے دماغ میں نشانہ لگا کر گولی مارنا پھر ذبح کرنا، یہ طریقہ سنت اور اسلامی تعلیم کے خلاف ہے ،اس میں جانور حرام ہونے کا ظن غالب ہے، نیز یہ کہ اگر اس ضرب اور چوٹ کی وجہ سے جانور کی ہلاکت یقینی ہوجائے تو پھر اس کے گلے پر چھری پھیرنا بیکار ہوگا اور جانور حرام ہوگا۔[1]

قربانی کرنے والے کے لیے مستحب

مسئلہ (۱۲۴): جس آدمی کا قربانی کرنے کا ارادہ ہو اس کے لیے مستحب ہے کہ ماہِ ذی الحجہ کے آغاز سے جب تک قربانی کا جانور ذبح نہ کرے، اپنے بال وناخن صاف=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما أهل لغير الله به والمنخنقة والموقوذة والمتردية... الخ﴾. (المائدة: ۳)

وقوله تعالى: ﴿ويحل لهم الطيبات ويحرم عليهم الخبائث﴾ . (الأعراف:۱۵۷)

ما في "السنن الكبرى للبيهقي ": قوله عليه السلام:" الذكاة في الحلق واللبة " .

(۹/۴۶۷، رقم الحديث :۱۹۱۲۳)

ما في "البدائع الصنائع": لا بد من أحد شيئين أما التحرك وأما خروج الدم فإن لم يوجد لا يحل كأنه جعل وجود أحدهما بعد الذبح علامة الحياة وقت الذبح . (۴/۱۷۵)

ما في "الفتاوى الهندية ": فإذا لم يوجد لم تعلم حياته وقت الذبح فلا تحل .

(۵/۲۶۷، الدر المختار مع الشامية :۹/۱۵۷)

= نہ کرے، لیکن یہ عمل مستحب ہے اور مستحب کا حکم یہ ہے کہ کرنے والا مستحقِ ثواب اور نہ کرنے کی صورت میں کوئی گناہ لازم نہیں آتا اور نہ قربانی کی صحت میں کوئی خلل واقع ہوتا ہے۔[۱]

قربانی کا گوشت غیر مسلم کو دینا

مسئلہ (۱۲۵): قربانی کا گوشت غیر مسلم کو بھی دینا جائز ہے بشرطیکہ معاوضہ کے طور پر نہ ہو، البتہ غریب مسلمانوں کو دینے کا ثواب زیادہ ہے کیوں کہ یہ مستحب ہے، اس لیے قربانی کا گوشت مسلمانوں کو دینے کی کوشش کرنی چاہئے۔[۲]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الصحيح لمسلم": لقوله عليه السلام: "إذا رأيتم هلال ذي الحجة وأراد أحدكم أن يضحي فليمسك عن شعره وأظفاره". (۲/۱۶۰، كتاب الأضحية)

ما في "إعلاء السنن": والنهي محمول عندنا خلاف الأولى. (۱۷/۲۰۸)

ما في "الفقه الإسلامي وأدلته": المستحب لمريد التضحية إذا دخل عليه عشر ذي الحجة لا يحلق شعره ولا يقلم أظفاره حتى يضحي بل يكره له ذلك.

(۴/۲۷۳۵، الموسوعة الفقهية: ۵/ ۹۵) (فتاوی محمودیہ: ۱۷/۴۸۶)

ما في "موسوعة مصطلحات الفقه عند المسلمين": "المندوب ما يتعلق بفعله ولا يتعلق العقاب بتركه". (۲/۱۵۷۳)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "القرآن الكريم": ﴿فكلوا منها وأطعموا البائس الفقير﴾. (الحج: ۳۶)

ما في "صحيح البخاري": لقوله عليه السلام: "إذا ضحى أحدكم فليأكل من أضحيته ويطعم منه غيره". (رقم الحديث: ۵۵۶۹، كتاب الأضاحي، باب مايؤكل في لحوم الأضاحي، الصحيح لمسلم: رقم الحديث: ۲۹۷۴، كتاب الأضاحي، باب بيان ماكان النهي عن لحوم الأضاحي)=

جانور کو بجلی کا شاک لگانا

مسئلہ (۱۲۶): بعض مقامات پر قربانی کے جانور کو ذبح کرنے سے پہلے بجلی کا شاک لگایا جاتا ہے، اگر یہ شاک اتنا تیز ہے کہ اس سے جانور کا خون بڑی مقدار میں خشک ہوجاتا ہے، تو یہ طریقہ سنتِ متواترہ کے خلاف ہونے کی وجہ سے مکروہِ تحریمی ہے، شرعِ اسلامی میں جانور کو اس طرح اذیت دینے کی قطعی اجازت نہیں ہے۔ تاہم اگر جانور میں زندگی باقی تھی اور ذبح کرنے پر جانور کا خون جوش کے ساتھ نکلا تو ذبیحہ حلال ہے اور اس کا گوشت بھی حلال ہے، لیکن اگر بجلی کا شاک ہلکا اور معمولی ہو جس سے جانور کو تکلیف نہ پہونچتی ہو اور اس کا مقصود یہ ہو کہ جانور کو ذبح کی تکلیف کم سے کم پہونچے اور قوتِ مدافعت میں کمی آجائے تو اس مصلحت کی وجہ سے اس میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے۔[1]

= ما في "الفتاوى الهندية": ويهب منها ما شاء للغني والفقير والمسلم والذمي.
(٥/٣٠٠، الباب الخامس)

ما في "إعلاء السنن": وللمضحي أن يهب كل ذلك أو يتصدق أو يهديه لغني أو فقير.... أو مسلم. (١٧/٢٨٦، بدائع الصنائع: ٤/٢٢٤)

الحجة على ما قلنا

(١) ما في "القرآن الكريم": ﴿حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما أهل لغير الله به والمنخنقة والموقوذة﴾. (المائدة: ٣)

ما في "السنن لأبي داود": لقوله عليه السلام: "إن الله كتب الإحسان على كل شيء فإذا قتلتم فأحسنوا القتلة وإذا ذبحتم فأحسنوا الذبح". (ص ٣٨٩، باب الذبح من الرفق)

ما في "بدائع الصنائع": لا بد من أحد شيئين أما التحرك وأما خروج الدم فإن لم يوجد لا يحل كأنه جعل وجود أحدهما بعد الذبح علامة الحياة وقت الذبح. (٤/١٧٥)

ما في "الفتاوى الهندية": فإذا لم يوجد لم تعلم حياته وقت الذبح فلا تحل. (٥/٢٧٦)

کھال کی رقم کو مستقل آمدنی کا ذریعہ بنانا

مسئلہ (۱۲۷): کسی جماعت یا تنظیم کا قربانی کی کھال کی رقم کو مستقل آمدنی کا ذریعہ بنانا، مثلاً اس رقم سے کوئی ایسی جائیداد اور پراپرٹی خریدنا کہ اس سے مستقل آمدنی ہوتی رہے، جس سے غریبوں، مسکینوں اور ضرورتمندوں کی مدد کی جاسکے، شرعاً جائز نہیں ہے، بلکہ کھال جمع کرنے والی جماعت یا برادری پر لازم ہے کہ وہ جلد از جلد اس رقم کا کسی مستحقِ صدقہ کو مالک بنادے ورنہ گنہگار ہوگا، اس لیے کہ اس رقم کا تصدق واجب ہے اور تصدق کی حقیقت بھی یہی ہے کہ کسی مستحقِ صدقہ کو اس کا مالک بنادے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿إنما الصدقات للفقراء والمساكين والعاملين عليها والمؤلفة قلوبهم وفي الرقاب والغارمين وفي سبيل الله وابن السبيل﴾ . (التوبه: ٦٠)

ما في "أحكام القرآن للجصاص": وقال العلامة الجصاص: الصدقة تقتضي تمليكا وشرط الصدقة وقوع الملك للمتصدق عليه . (٣/١٦١)

ما في "المسند للإمام أحمد بن حنبل": لقوله عليه السلام: "لا تبيعوا اللحوم الهدي والأضاحي فكلوا وتصدقوا واستمتعوا بجلودها ولا تبيعوها". (١٢/٤٩٤)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": فإن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلك أو بدراهم تصدق بثمنه ومفاده صحة البيع مع الكراهة وهو قول أبي حنيفة ومحمد رحمهما الله لقيام الملك والقدرة على التسليم .

(٩/٣٩٨، البحر الرائق: ٨/٣٢٧، تبيين الحقائق: ٦/٤٨٦، إعلاء السنن: ١٧/٢٨٠)

سودی قرض کی رقم سے خریدے ہوئے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۸): سودی قرض سے خریدے ہوئے جانور کی قربانی کرنا جائز ہے، البتہ سودی قرض لینا اور دینا دونوں حرام ہے، کیوں کہ سود اور اس کی ہر شکل وصورت نصوصِ حرمت کے تحت داخل ہے۔ (۱)

میت کی طرف سے قربانی کرنا

مسئلہ (۱۲۹): میت کی طرف سے قربانی کرنا جائز ہے اور میت کو ثواب ملے گا، حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک دنبہ اپنی طرف سے اور ایک دنبہ حضور ﷺ کی طرف سے قربانی کیا کرتے تھے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿الذين يأكلون الربا لا يقومون إلا كما يقوم الذي يتخبطه الشيطان من المس ذلك بأنهم قالوا إنما البيع مثل الربوا وأحل الله البيع وحرم الربوا﴾ . (البقرة: ۲۷۸)

ما في "التفسير المنير": ومن عاد إلى أخذ الربوا بعد تحريمه فقد استوجب العقوبة . (۱/۲۷۵)

ما في " الصحيح المسلم " : عن جابر قال : " لعن رسول الله ﷺ آكل الربا وموكله وكاتبه وشاهديه وقال : هم سواء " . (۲/۲۷، باب الربوا)

ما في "المقاصد الشرعية للخادمي": بقاعدة فقهية سدا للذرائع: " إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما وتكون واجبة أذا كان المقصد واجباً" . (ص:۴۶)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "إعلاء السنن": روي عن علي رضي الله عنه قال: " أمرني رسول الله ﷺ أن أضحيّ عنه فأنا أضحِي عنه أبدا ". (۱۷/۲۹۶، باب ما جاء الأضحية عن الميت، السنن لأبي داود : ص: ۳۸۵، باب الأضحية عن الميت) =

چوری کردہ جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۳۰): کسی شخص نے کوئی جانور چوری کر کے اس کی قربانی کر دی تو قربانی جائز نہ ہوگی، کیوں کہ وہ اس جانور کا مالک نہیں اور نہ ہی اصلِ مالک کی طرف سے جائز ہوگی، کیوں کہ اس کی طرف سے اس کی اجازت نہیں ہے، البتہ ذبیحہ حلال ہے، لیکن مالک کی اجازت حاصل کیے بغیر اس گوشت کا استعمال جائز نہیں۔[1]

= ما في "بدائع الصنائع": إن الموت لا يمنع التقرب عن الميت بدليل أنه يجوز أن يتصدق عنه ويحج عنه وقد صح أن رسول الله ﷺ ضحى بكبشين أحدهما عن نفسه والآخر عمن لا يذبح من أمته فدل ان الميت يجوز أن يتقرب عنه، فإذا ذبح عنه صار نصيبه للقربة فلا يمنع جواز ذبح الباقين.

(۴/۲۱۰، مجمع الأنهر في ملتقى الأبحر: ۴/۱۷۳، فتاوى قاضيخان: ۴/۳۳۳، باب فيما يجوز الضحايا وما لا يجوز، مكتبه حقانيه) (فتاوی محمودیہ: ۱۷/۲۲۶)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الدر المختار مع الشامية": قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالى: قال في البدائع: غصب شاة فضحى بها عن نفسه لا تجزئه لعدم الملك ولا عن صاحبها لعدم الإذن.

(۹/۴۰۱، الاختيار لتعليل المختار: ۲/۴۷۱، حاشية الشلبي على تبيين الحقائق: ۶/۴۸۸)

(احسن الفتاوی: ۷/۵۰۵)

قربانی کے جانور کے پیٹ سے بچہ نکلے تو کیا کرے؟

مسئلہ (۱۳۱): اگر قربانی کا جانور ذبح کرنے کے بعد پیٹ سے زندہ بچہ نکل آئے تو اس کو ذبح کر دیا جائے اور اگر مردہ نکلے تو اس کو استعمال میں لانا جائز نہیں ہے۔ (۱)

ایامِ اضحیہ میں فساد ہو جائے تو قربانی کب کرے؟

مسئلہ (۱۳۲): اگر کسی علاقے میں ایامِ قربانی میں فساد ہو جائے جس کی بنا پر نمازِ عید ادا کرنا ممکن نہ ہو تو ایسی صورت میں طلوع کے بعد ہی سے قربانی کر سکتے ہیں۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الفتاوى الهندية": فإن خرج من بطنها حيا فالعامة أنه يفعل به ما يفعل بالأم فإن لم يذبحه حتى مضت أيام النحر يتصدق به حيا فإن ضاع أو ذبحه أو أكله يتصدق بقيمته .

(۵/۳۰۱ ، بدائع الصنائع:۵/۸۷ ، الشامية :۹/۳۹۱)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "الدر المختار مع الشامية": وفي البزازية: بلدة فيها فتنة فلم يصلوا وضحوا بعد طلوع الفجر جاز لأن البلدة صارت في هذا الحكم كالسواد . وفي "التاتارخانية": وعليه الفتوى . (۹/۳۸۷ ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية:۶/۲۸۸)

ما في "المحيط البرهاني": وفي الواقعات: لو أن بلدة وقعت فيها فتن ولم يبق فيها وال يصلي بهم صلاة العيد فضحوا بعد طلوع الفجر جاز لأن البلدة في هذا الحكم صارت كالسواد. وفي الأضاحي للزعفراني: إذا وقعت فتنة في المصر ولم يكن فيها إمام من قبل السلطان يصلي بهم صلاة العيد القياس أن يكون وقت الأضحية لهم بعد طلوع الفجر. وفي الاستحسان بعد زوال الشمس .

(۶/۴۷۵، بدائع الصنائع :۴/۲۱۳، كتاب التضحيه،حكم الذبح والإمام في خلال الصلاة لا تجوز)

ولیمہ یا عقیقہ کی نیت سے قربانی میں حصہ لینا

مسئلہ (۱۳۳): بعض نے قربانی کیلئے اور بعض نے ولیمہ یا عقیقہ کے واسطے ایک ہی بڑے جانور میں حصہ خریدا ہو تو یہ جائز ہے، شرعاً اس میں کوئی قباحت نہیں اور کسی کی قربانی باطل بھی نہیں ہوگی۔ (۱)

تکبیرِ تشریق

مسئلہ (۱۳۴): تکبیرِ تشریق نویں ذی الحجہ کی فجر سے لے کر تیرھویں ذی الحجہ کی عصر تک، فرض نماز کے فوراً بعد ایک مرتبہ پڑھنا واجب ہے، یہاں تک کہ اگر جان بوجھ کر وضو توڑ ڈالا تو تکبیرِ تشریق ساقط ہو جائیگی، تکبیرِ تشریق کہنا مقیم، مسافر، مرد، عورت، امام، مقتدی سب پر واجب ہے، اگر تکبیرِ تشریق کہنا بھول گیا تو پھر بعد میں اس کی قضا=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "تبيين الحقائق": إن أراد بعضهم العقيقة عن ولد ولد له من قبل لأن ذلك جهة التقرب إلى الله تبارك وتعالى بالشكر على ما أنعم عليه من الولد ..... إذا أراد أحدهم الوليمة وهي ضيافة التزوج وينبغي أن يجوز لأنها إنما تقام شكر الله تعالى على نعمة النكاح.

(٦/٤٨٥ ، بدائع الصنائع: ٤/٢٠٩ ، شرط جواز إقامة الواجب)

ما في "البحر المحيط": والبقر والبعير كل واحد منهما يجزي عن سبعة إذا كانوا يريدون بها وجه الله اتفقت جهات القربة أو اختلفت . (٦/٤٨٥ ، الفصل الثامن)

= نہیں ہے، توبہ کرنا لازم ہوگا تا کہ گناہ معاف ہوجائے۔[۲]

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "الفتاوى الهندية": وأما وقته فأوله عقب صلوة الفجر من يوم عرفة وأخره في قول أبي يوسف ومحمد رحمهما الله عقيب صلوة العصر من آخر أيام التشريق هكذا في التبيين والفتوى والعمل في عامة الأمصار وكانة الأعصار على قولهما كذا في الزاهدي.

(۱/۱۵۲، بدائع الصنائع: ۱/۲۱۹، كتاب الصلاة، فصل: وأما بيان وقت أدائها، دار الكتاب ديوبند، البحر الرائق: ۲/۱۶۵، الشامية: ۲/۱۷۸، سعيديه)

ما في "التنوير وشرحه مع الشامية": (وقالا بوجوبه فور كل فرض مطلقا) ولو منفردا أو مسافرا أو امرأة لأنه تبع للمكتوبة.

(۲/۱۸۰، سعيديه، بدائع الصنائع: ۱/۱۹۷، البحر ائق ۲/۱۶۶، الفتاوى الهندية: ۱/۱۵۲)

ما في "الفتاوى الهندية": وينبغي أن يكبر متصلا بالسلام حتى لو تكلم أو أحدث متعمداً سقط، كذا في التهذيب. (۱/۱۵۲، البحر الرائق: ۲/۱۶۵)

ما في "التنوير وشرحه مع الشامية": (ويجب تكبير التشريق) في الأصح للأمر به مرة وإن زاد عليها يكون فضلا. (۲/۱۷۷، سعيديه، الفتاوى الهندية: ۱/۱۵۲، البحر الرائق: ۲/۱۶۴)

ما في "البحر الرائق": قال في البحر: وأما محل أدائه فدبر الصلاة وفورها من غير أن يتخلل ما يقطع يقطع حرمة الصلاة حتى لو ضحك ..... أو تكلم عائدا أو ساهياً أو خرج لا يكبر لأن تكبير من خصائص الصلاة حيث لا يوتى بها إلا عقب الصلاة فيراعى لإتيانه حرمتها وهذه العوارض تقطع حرمتها. (۲/۲۸۸، بدائع الصنائع: ۱/۱۹۶، أما محل أدائه)

ایامِ اضحیہ میں قربانی نہ کرسکا تو قربانی کی قیمت صدقہ کردے

مسئلہ (۱۳۵): اگر قربانی کے دن گزر گئے اور ناواقفیت یا غفلت یا کسی عذر کی بنا پر قربانی نہیں کرسکا تو قربانی کی قیمت فقراء ومساکین پر صدقہ کرنا واجب ہے، لیکن قربانی کے دنوں میں جانور کی قیمت صدقہ کردینے سے واجب قربانی ادا نہیں ہوگی اور وہ آدمی گنہگار رہوگا، کیوں کہ قربانی ایک مستقل عبادت ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "ردالمحتار على الدرالمختار": ولو تركت التضحية ومضت أيامها تصدق بها حيّة وإن لم يشتر مثلها حتى مضت أيامها تصدق بقيمتها لأن الإراقة إنما عرفت قربة في زمان مخصوص. (۹/۳۸۸، الفتاوى الهندية: ۱/۲۹۴، كتاب الأضحية، الباب الأول، بدائع الصنائع: ۵/۶۸، أما كيفية الوجوب)

ما في "المحيط البرهاني": وفي الأضاحي للزعفراني: إذا اشترى أضحية فأوجبها ثم باعها ولم يضح ببدلها حتى مضى أيام النحر تصدق بقيمتها التي باع فإن لم يبعها حتى مضت أيام النحر تصدق بها حية فإن ذبحها وتصدق بلحمها جاز فإن كان قيمتها حية أكثر تصدق بالفضل ولو أكل منها شيئا غرم قيمته لأنه فوت المبدل فيجب عليه البدل. (۶/۴۷۷، الفصل الرابع فيما يتعلق بالمكان والزمان)

کتاب النکاح

(نکاح کا بیان)

عاقل بالغ مرد وعورت بذاتِ خود نکاح کر سکتے ہیں

مسئلہ (۱۳۶): ہر عاقل، بالغ کو خواہ مرد ہو یا عورت خود اپنا نکاح کرنے کا حق حاصل ہے، اور جو بالغ نہیں یا جس کا دماغی توازن صحیح نہ ہو تو ان کے نکاح کا اختیار ان کے اولیاء کو حاصل ہے، اس سلسلے میں لڑکی اور لڑکے کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "فتح باب العناية": نفذ نكاح حرة مكلفة سواء كانت ثيباً أو بكراً وسواء زوجت نفسها أو غيرها.

(۲/۳۰، فصل في الأولياء والأكفاء، الاختيار لتعليل المختار: ۲/۱۱۱، فصل في الأولياء والأكفاء)

ما في "مجمع البحرين": ونجيزه بعبارة النساء فلو زوجت نفسها وهي حرة عاقلة أو وكلت غيرها أو توكلت به جاز من غير ولي.

(ص۵۱۷، فصل في الأولياء ولأكفاء، الفتاوى الهندية: ۱/۲۸۴، فصل في الأولياء والأكفاء، ملتقى الأبحر مع مجمع الأنهر: ۱/۴۸۸، باب الأولياء والأكفاء، الدر المنتقى في شرح الملتقى مع المجمع: ۱/۴۸۹)

عاقلہ بالغہ لڑکی کا اولیاء کی رضامندی سے نکاح کرنا بہتر ہے

مسئلہ (۱۳۷): عاقلہ بالغہ لڑکی کو ولی کی مرضی کے بغیر نکاح کرنے کا حق حاصل ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ نکاح اولیاء اور لڑکی کی رضامندی سے ہو۔[۱]

غیر کفو میں نکاح کی صورت میں اولیاء کو طلبِ فسخ کا حق حاصل ہے

مسئلہ (۱۳۸): عاقلہ بالغہ لڑکی اپنے نکاح میں کفائت (برابری) یا مہر کے مطلوبہ معیار کا لحاظ نہ کرے تو بچہ پیدا ہونے سے پہلے تک اولیاء کو قاضی کے ذریعے تفریق کا حق حاصل ہوگا۔[۲]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الدر المختار مع الشامية": والولاية تنفيذ القول على الغير تثبت بأربع : قرابة وملك وولاء وإمامة شاء أو أبى، وهي نوعان: ولاية ندب على المكلفة ولو بكراً وولاية إجبار على الصغيرة ولو ثيباً ومعتوهة ومرقوقة . قال الشامي : ولاية ندب أي يستحب للمرأة تفويض أمرها إلى وليها كي لا تنسب إلى الوقاحة . (۴/۱۱۳، باب الولي)

ما في "الهداية": وينعقد نكاح الحرة العاقلة البالغة برضائها وإن لم يعقد عليها ولي بكراً كانت أو ثيباً. (۱/۳۱۳، كتاب النكاح ، فصل في الأولياء والأكفاء ، فتح باب العناية : ۲/۳۰ ، كتاب النكاح ، فصل في الأولياء والأكفاء ، مجمع البحرين في ملتقى النيرين : ص۵۱۷، فصل في الأولياء والأكفاء)

ما في "الاختيار لتعليل المختار": وعبارة النساء معتبرة في النكاح حتى لو زوجت الحرة العاقلة البالغة نفسها جاز.(۲/۱۱۱، فصل في الأولياء والأكفاء)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "فتاوى قاضيخان على هامش الهندية": إذا زوجت المرأة نفسها من غير كفء كان للأولياء حق الفسخ ما لم تلد منه. (۱/۳۵۱، فصل في كفاءة ، الفتاوى الهندية : ۱/۲۹۳، فصل في الأكفاء، الفتاوى البزازية على هامش الهندية :۴/۱۱۶) =

عاقل بالغ لڑکا یا لڑکی کو کسی رشتہ پر مجبور نہیں کیا جاسکتا

مسئلہ (۱۳۹): اولیاء کی جانب سے بالغ لڑکے یا لڑکی کو ان کی خواہش اور رضا کا خیال کیے بغیر کسی رشتہ پر مجبور کرنا قطعاً جائز نہیں ہے، لہذا اولیاء کا اپنی رائے پر اصرار اور اس پر مجبور کرنے کے لیے طرح طرح کی دھمکیاں دینا اسلام کے دیئے ہوئے حقوق سے محروم کرنے کی ناروا کوشش ہے، جو کسی طرح درست نہیں ہے۔[1]

= ما في "ملتقى الأبحر مع مجمع الأنهر": نفذ نكاح حرة مكلفة بلا ولي وله الاعتراض في غير الكفؤ، ..... (وله) أي لكل من الأولياء إذا لم يرض واحد منهم (الاعتراض) أي ولاية المرافعة إلى القاضي ليفسخ . (۱/۴۸۹ ، باب الأولياء والأكفاء)

وما في " الدر المنتقى": (الاعتراض في غير الكفؤ) بأن يطلب من الحاكم التفريق ما لم تلد منه لئلا يضيع الولد . (۱/۴۸۹، باب الأولياء والأكفاء ، العناية شرح الهداية مع فتح القدير:۳/۳۸۴ ، فصل في الكفاءة)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الدر المنتقى في شرح الملتقى": ولا يجبر ولي بالغة على النكاح ولو بكراً لانقطاع الولاية بالبلوغ فلا يجبر حر بالغ بالأولى.

(۱/۴۹۰ ، فصل في الأولياء والأكفاء ، الدر المختار مع الشامية :۴/۱۱۸ ، باب الولي، مجمع الأنهر : ۱/۴۹۰ ، مختصر الوقاية: ۱/۳۵۵)

ما في "الفتاوى الهندية": لا يجوز نكاح أحد على بالغة صحيحة العقل من أب أوسلطان بغير إذنها بكراً كانت أوثيباً فإن فعل ذلك فالنكاح موقوف على إجازتها فإن أجازته جاز وإن ردّته بطل . (۱/۲۸۷)

ما في "الاختيار لتعليل المختار": ولا إجبار على البكر البالغة في النكاح والسنة للولي أن يستأمر البكر قبل النكاح . (۲/۱۱۴ ، فصل في الأولياء والأكفاء)

لڑکے والوں کا غلط نسب ظاہر کر کے نکاح کرنا

مسئلہ (۱۴۰): کسی لڑکے اور اس کے گھر والوں نے رشتۂ نکاح طے کرتے وقت غلط بیانی سے کام لیا اور اپنے نسب وخاندان یا معاشی وسماجی حالت کے بارے میں خلافِ واقعہ باتیں بیان کر کے نکاح کر لیا، لیکن بعد میں دھوکہ دہی اور غلط بیانی ظاہر ہوئی، تو نکاح منعقد ہوگا، مگر لڑکی یا اس کے اولیاء کو قاضی کے پاس فسخِ نکاح کے لیے مقدمہ دائر کرنے کا حق حاصل ہوگا۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "المبسوط للسرخسي": (وإذا تسمى الرجل لإمرأة بغير إسمه وانتسب لها إلى غير نسبه فتزوجته) فالمسئلة على ثلاثة أوجه: ..... (والثاني) : إذا كان نسبه المكتوم دون ما أظهره ولكنه في النسب المكتوم غير كفؤ لها بأن تزوج قرشية على أنه من قريش ثم تبين أنه من العرب أو من الموالي ، وفى هذا لها الخيار وإن رضيت هي فللأولياء أن يفرقوا بينهما لعدم الكفاءة . (۲۸/۵، كتاب النكاح ، باب الأكفاء)

ما في "فتاوى قاضيخان على هامش الهندية": رجل تزوج امرأة وانتسب إلى قبيلة ثم ظهر أنه من غيرهم ..... بأن تزوج عربية على أنه عربي فإذا هو عجمي كان لها حق الفسخ ، وإن رضيت كان للأولياء حق الفسخ .

(۳۵۳/۱ ، فصل في الأكفاء ، فتح القدير : ۲۸۵/۳ ، فصل في الكفاءة ، الفتاوى البزازية على هامش الفتاوى الهندية: ۱۱۶/۴)

تبلیغی اجتماعات میں نکاح کرنا

مسئلہ (۱۴۱): آج کل تبلیغی اجتماعات وغیرہ میں نکاحوں کا انعقاد عام ہوتا جارہا ہے، یہ نہ صرف جائز بلکہ مستحسن ہے، کیوں کہ اس سے معاشرہ فضول خرچی سے محفوظ رہتا ہے اور نکاح کی خوب شہرت بھی ہوتی ہے، جو نکاح میں مندوب ومستحب ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": قال النبي ﷺ: " إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة ".

(شعب الإيمان للبيهقي: ۵/۲۵۴، باب الاقتصاد في النفقة، رقم الحديث: ۶۵۶۲)

ما في "السنن الترمذي": عن عائشة رضي الله عنها قالت: قال رسول الله ﷺ: " أعلنوا هذا النكاح واجعلوه في المساجد واضربوا عليه بالدفوف ".

(۱/۲۰۷، كتاب النكاح، باب ما جاء في إعلان النكاح، رقم الحديث: ۱۰۸۹)

ما في "مرقاة المفاتيح": أي بالبينة، فالأمر للوجوب أو بالإظهار أو الاشتهار فالأمر للاستحباب كما في قوله: "واجعلوه في المساجد" وهو أما لأنه ادعى إلى الإعلان أو الحصول بركة المكان وينبغي أن يراعي فيه أيضاً فضيلة الزمان ليكون نوراً على نور وسروراً على سرور، قال ابن الهمام: ويستحب مباشرة عقد النكاح في المسجد لكونه عبادة وكونه في يوم الجمعة، وهو إما تفاؤلاً للاجتماع أو توقع زيادة الثواب أو لأنه يحصل به كمال الإعلان.

(۶/۲۸۵، كتاب النكاح، باب إعلان النكاح، رقم الحديث: ۳۰۱۵۲)

ما في "إعلاء السنن": فإن العلة إنما هي الإعلان والمسجد أولى له لكونه جامعاً للمسلمين من غير حاجة إلى الاهتمام بالتداعي ولذا استحب له يوم الجمعة لهذه العلة بعينها.

(۱۱/۹، كتاب النكاح، باب استحباب الإعلان بالنكاح والخطبة لكونه مسجداً، رقم الحديث: ۳۰۶۶، الشامية: ۴/۵۷، فتح القدير: ۲/۱۹۲، الفقه الإسلامي وأدلته: ۹/۶۵۶۲)

شادی کے موقعہ پر چھوہارے لٹانا سنت ہے

(۱۴۲) شادی کے موقعہ پر چھوہارے، مصری، اخروٹ وغیرہ لٹانا سنت ہے نہ کہ ان کو تقسیم کرنا[۱]، اگر یہ عمل مسجد میں ہو تو مسجد کے ادب واحترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے ہونا چاہئے، کیونکہ احترامِ مسجد واجب ہے۔[۲]

چھوہارے وغیرہ لٹاتے وقت اگر وہ کسی کی گود یا آستین میں گرے تو وہی اس کا مالک ہے کسی اور کو اس کی گود سے لینا جائز نہیں ہے، بشرطیکہ اس نے دامن یا آستین کو اس لئے پھیلا یا ہو اور اگر دامن یا آستین کو اس لئے نہیں پھیلایا تو دوسرے کے لئے لینا جائز ہے، اور اگر کسی کے سر پر گرے تو دوسرے شخص کو لینا جائز ہے اور اگر کسی نے چھوارے کو ہاتھ میں=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": عن معاذ بن جبل رضي الله عنه أن النبي ﷺ حضر في أملاك (أي نكاح) فأتي بطباق عليها جوز ولوز وثمر فنثرت فقبضنا أيدينا، فقال: ما بالكم لا تأخذون؟ فقالوا: لأنك نهيت عن النهبى، فقال: "ما نهيتكم عن نهبى العساكر خذوا على إسم الله فجازينا وجازيناه". (إعلاء السنن ۱۱/۱۷ كتاب النكاح باب جواز الوليمة)

(۲) ما في "القرآن الكريم": ﴿وأن المساجد لله فلا تدعوا مع الله أحدا﴾. (سورة الجن: ۱۸)

ما في "الجامع لأحكام القرآن للقرطبي": أفردوا المساجد لذكر الله ولا تتخذوها هزواً ومتجراً و مجلساً و لا طرقاً ولا تجعلوا لغيرها فيها نصيباً. (۱۹/۲۲)

ما في "موسوعة القواعد الفقهية": بقاعدة فقهية: "الواجب لا يترك لسنة". (۱۲/۱۳۸)

= لے لیا اور پھر اس کے ہاتھ سے گر گیا اور دوسرے شخص نے اسے لے لیا تو یہ اس کے لئے جائز نہیں، بلکہ پہلا شخص ہی اس کا مستحق ہے۔[1]

---

(۱) وما في "الملتقط في فتاوىٰ الحنفية": وإذا وضع سكرا بين يدي قوم وقال: خذوه فمن أخذه فهو له وإن نثر السكر أو الدراهم أو اللوز فوقع من حجر رجل أو كمه فهو له، وإن وقع على رأسه فأخذه آخر جاز وإن أخذه رجل فسقط من يده فأخذه آخر فهو للأول.

(ص ۳۱۰، كتاب الهبة والصدقة، فتاوى حقانيه: ۳/ ۳۲۱، خير الفتاوى: ۴/ ۵۸۵)

ما في "الفتاوى الهندية": ولا بأس بنثر السكر والدراهم في الضيافة وعقد النكاح كذا في السراجية. (۵/ ۳۴۵، كتاب الكراهية، الباب الثالث عشر في النهبة و نثر الدراهم)

ما في "الفتاوى الهندية": قال: إن كان بسط ذيله أو كمه ليقع عليه السكر لا يكون لأحد أخذه ولو أخذه كان لصاحب الذيل والكم أن يسترده منه. وإن لم يبسط ذيله أو كمه لذلك فالسكر للآخذ وليس لصاحب الذيل والكم أن يسترده منه كذا في المحيط.

(۵/ ۳۴۵، ۳۴۶، كتاب الكراهية، المحيط البرهاني: ۶/ ۹۳، كتاب الاستحسان والكراهية، الفصل الثالث عشر في النهبة ونثر الدراهم)

کتاب البیوع

(خرید وفروخت کا بیان)

ووٹ کی خرید وفروخت کا حکم شرعی

مسئلہ (۱۴۳): شرعاً ووٹ کی حیثیت شہادت، شفاعت اور وکالت کی سی ہے، گویا کہ جس شخص کو ووٹ دیا جاتا ہے اس کے حق میں ملک وملت کے خیر خواہ ہونیکی شہادت دی جاتی ہے، متعلقہ وکیل اور نمائندہ بنایا جاتا ہے اور ان تینوں حیثیتوں کے اعتبار سے ووٹ مالِ متقوم نہیں یعنی ایسا مال نہیں ہے جس سے شرعاً نفع اٹھانا ممکن ہو، جبکہ شرعاً کسی بھی چیز کی خرید وفروخت جائز ہونے کیلئے اس کا مالِ متقوم ہونا ضروری ہے، اس لیے ووٹ کی خرید وفروخت شرعاً جائز نہیں ہے۔[1]

الحجة على ماقلنا

(۱) ما في " الشامية ": الشهادة إخبار صدق لإثبات حق . (۱۱/۷۰)

ما في " الموسوعة الفقهية ": الشفاعة هي التوسط بالقول في وصول شخص إلى منفعة دنيوية أو أخروية أو إلى خلاص من مضرة كذلك. (۱۳۱/۲۶)

ما في " حاشية الجوهرة النيرة ": الوكالة عقد تفويض ينيب فيه شخص شخصاً آخر عن نفسه في التصرف . (۱/۶۳۶، كتاب الوكالة)

ما في " معجم لغة الفقهاء ": المال المتقوم المال الذي يمكن الانتفاع به .

things with commercial value . (ص۳۹۷)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته ": اتفق الفقهاء على صحة البيع إذا كان المعقود عليه مالاً متقوماً محرزاً موجوداً مقدوراً على تسليمه معلوماً للعاقدين لم يتعلق به حق الغير .

(۵/۳۴۹۶، البيوع الممنوعة لسبب المعقود عليه)

مبیع پر پانی چھڑک کر فروخت کرنا

مسئلہ (۱۴۴): بعض لوگ روئی کا کاروبار کرتے ہیں، کاشتکاروں سے روئی خرید کر بڑے بازاروں میں اسے فروخت کرتے ہیں، جب یہ لوگ روئی کو بڑی لاری میں بھر کر مارکیٹ لیجاتے ہیں تو اس پر پانی چھڑکتے ہیں، تاکہ اس کا وزن بڑھ جائے، شرعاً یہ عمل درست نہیں ہے، کیوں کہ یہ خریدار کو دھوکہ دینا ہے، جب کہ اسلام ہمیں دھوکہ دینے سے منع کرتا ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين آمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾.

(سورة النساء: ۲۹)

ما في " الحديث ": عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله ﷺ مر على صبرة من طعام فأدخل يده فيها فنالت أصابعه بللاً فقال : " يا صاحب الطعام ! ما هذا " ؟ قال : أصابته السماء يا رسول الله ، قال : " أفلا جعلته فوق الطعام حتى يراه الناس" ثم قال :" من غش فليس منا " .

(السنن للترمذي : ۱/۲۴۵، أبواب البيوع ، ما جاء في كراهية الغش)

ما في" الموسوعة الفقهية ": اتفق الفقهاء على أن الغش حرام سواء أكان بالقول أم بالفعل وسواء أكان بكتمان العيب في المعقود عليه أو الثمن أم بالكذب والخديعة وسواء أكان في المعاملات أم في غيرها من المشورة والنصيحة . (۳۱/۲۱۹)

ما في " البدائع الصنائع": " ما أدى إلى الحرام فهو حرام". (۱/۲۶۸)

مالکِ زمین کا بلڈر سے فلیٹس خریدنا

مسئلہ (۱۴۵) آج کل ملک کے بڑے بڑے شہروں میں بلڈنگ ڈیولپمنٹ کا کام اس طرح ہوتا ہے کہ ایک شخص کی زمین ہوتی ہے، دوسرا شخص (بلڈر) اس پر بلڈنگ بناتا ہے، دونوں کے درمیان یہ معاملہ طے پاتا ہے کہ تعمیر کے بعد مثلاً سو (۱۰۰) فلیٹس ہیں تو ان میں سے چالیس (۴۰) فلیٹس مالکِ زمین کے اور ساٹھ (۶۰) فلیٹس بلڈر یعنی بلڈنگ بنانے والے کے ہونگے، اور بعد از تقسیم دونوں اپنے فلیٹس فروخت کرنے یا کرایہ پر دینے کے مُجاز ہوتے ہیں، شرعاً یہ صورت جائز ہے، کیوں کہ مالکِ زمین نے فلیٹس کے بدلہ زمین دی اور بلڈر نے زمین کے بدلہ فلیٹس دیئے اور جس طرح روپیہ سے کوئی چیز خریدی جاسکتی ہے، ایسے ہی سامان کے بدلہ بھی خرید وفروخت ہوسکتی ہے، فقہ کی اصطلاح میں اسے بیعِ مقایضہ کہتے ہیں۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿أحل الله البيع وحرم الربوا﴾ . (سورة البقرة:۲۷۵)

ما في " العناية شرح الهداية ": البيع في الشرع هو مبادلة المال بالمال بالتراضي بطريق الاكتساب . (۴۵۷/۳ ، كتاب البيوع)

ما في " القواعد والضوابط الفقهية للأحكام المبيع في الشريعة الإسلامية ": أنواع البيع باعتبار البدلين يرجع إلى أربعة أقسام : أولاً بيع المقايضة وهو بيع العين بالعين والسلعة بالسلعة وصورة هذا البيع أن يعطي الفلاح التاجر قمحاً ويأخذ بدلاً منه خضاراً أو فاكهة أو أرزاً أو سكراً ونحوها . (ص:۴۸)=

آرڈر دینے والے کا قیمت ادا نہ کرنے کی صورت میں بلڈر کا کسی دوسرے کے ہاتھ فلیٹ فروخت کرنا

مسئلہ (۱۴۶): اگر کسی بلڈر کو کوئی مکان کے بنانے کا آرڈر دیا جائے اور اس میں مکانیت، رقبہ، لمبائی، چوڑائی، اونچائی، دروازوں اور کھڑکیوں وغیرہ کی تفصیلات کی وضاحت بھی کر دی جائے، مکان بن کر تیار ہو جائے اور آرڈر دینے والا اس کی قیمت ادا نہ کرے، تو بلڈر اس مکان کو کسی اور کے ہاتھ فروخت کر سکتا ہے، جب کہ یہ مکان آرڈر دینے والے شخص کو نہ بتایا گیا ہو، کیوں کہ معاملہ کی اس صورت کو استصناع کہتے ہیں، اور اس میں جب تک آرڈر دینے والا آرڈر کردہ شئ کو دیکھ نہیں لیتا وہ متعین نہیں ہوتی ہے، اور صانع یعنی کاریگر کو کسی اور کے ہاتھ فروخت کرنا جائز ہوتا ہے۔[1]

= ما في " بدائع الصنائع": ..... أما الأول فنقول : البيع في حق البدلين ينقسم أربعة أقسام : بيع العين بالعين وهو بيع السلع بالسلع ويسمى بيع المقايضة .

(٥٣٢/٦، كتاب البيوع ، فصل في شروط الركن ، حاشية الهداية: ٢/٢، حاشية القدوري: ص ٧٠)

ما في " شرح المجلة لسليم رستم باز ": بيع المقايضة بيع العين بالعين أي مبادلة مال بمال غير النقدين . (ص ٦٩، المادة: ١٢٢، درر الحكام شرح مجلة الأحكام : ١/١٢٢، المادة: ١٢٢)

ما في " معجم لغة الفقهاء " : بيع المقايضة : أن تبا ع السلعة بسلعة أخرى لا بنقد . (ص ١١٤)

ما في " القاموس الفقهي ": السلعة كل ما يتجر به من البضاعة . (ص ١٨٠)

الحجة على ما قلنا

(١) ما في " الشامية ": الاستصنا ع هو لغة طالب الصنعة وأما شرعاً فهو طالب العمل منه في شيء خاص على وجه مخصوص . (٣٦٥/٧، كتاب البيوع، باب السلم ، مطلب الاستصنا ع)=

قبضہ سے پہلے فلیٹ کی خرید وفروخت

مسئلہ (۱۴۷): اگر کسی شخص نے قسطوں پر فلیٹ خریدا اور وہ قسطوں کے ادا کرنے کے موقف میں نہ ہو اور فلیٹ ابھی بن کر تیار نہ ہوا ہو تو وہ شخص اس فلیٹ کو کسی اور کے ہاتھ فروخت نہیں کرسکتا، کیوں کہ شرعِ اسلامی نے اس چیز کی بیع سے منع کیا ہے جو ابھی=

= ما في " الفقه الإسلامي وأدلته ": وحكم الاستصناع : ثبوت الملك للمستصنع في العين المصنوعة في الذمة وثبوت للصانع في البدل المتفق عليه وإنه عقد غير لازم قبل الصنع وبعد الفراغ من الصنع في حق الصانع والمستصنع معاً فيكون لكل من العاقدين الخيار في إمضاء العقد أو فسخه والعدول عنه قبل رؤية المستصنع الشيء المصنوع . (٥/٣٦٥٠)

ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد ": الاستصناع عقد غير لازم قبل العمل من الجانبين بلا خلاف حتى كان لكل واحد منهما خيار الامتناع عن العمل كالبيع بالخيار للمتابعين فإن لكل منهما الفسخ ..... وإن باعه الصانع قبل أن يراه المستصنع جاز وهذا هو ظاهر الرواية .

(٤/٣٠٢-٣٠٤، الاستصناع)

ما في " المبسوط للسرخسي ": وإذا عمله الصانع فقبل أن يراه المستصنع باعه يجوز بيعه من غيره لأن العقد لم يتعين في هذا . (١٢/١٦٧، كتاب البيوع)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": وإن باعه الصانع قبل يراه جاز بيعه.

(٧/٣٦٧، كتاب البيوع، باب السلم ، مطلب في ترجمة البردعي)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته ": فلو باع الصانع الشيء المصنوع قبل أن يراه المستصنع جاز لأن العقد غير لازم والمعقود عليه ليس هو عين المصنوع وإنما مثله في الذمة .

(٥/٣٦٥٠، ٣٦٥١، درر الحكام شرح مجلة الأحكام : ١/٤٢٥، المادة : ٣٩٢)

= وجود میں نہیں آئی[1]، لیکن اگر فلیٹ تیار ہو چکا ہو تو اس کو فروخت کر سکتا ہے چاہے زیادہ قیمت میں یا کم قیمت میں، خواہ ابھی یہ فلیٹ اس کے قبضہ میں نہ آیا ہو، کیوں کہ اموالِ غیر منقولہ (جن چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہیں کیا جا سکتا) کو قبضہ سے پہلے بھی فروخت کیا جا سکتا ہے[2]۔

قسطیں ادا نہ کرنے پر فلیٹ دوسرے کو فروخت کر دینا

مسئلہ (۱۴۸): اگر کسی شخص نے بلڈر کے پاس فلیٹ کی بکنگ کرائی اور قیمت ادا کرنے کے لیے کوئی مدت متعین کی اور بلڈر نے معاملہ طے کرتے وقت یہ شرط لگائی کہ اگر وقت پر قسطیں ادا نہیں کی گئیں تو مجھے اس معاملہ کو ختم کرنے کا اختیار ہوگا اور بکنگ کرنے =

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية ": للمبيع شروط هي أن يكون المبيع موجوداً حين العقد فلا يصح بيع المعدوم وذلك باتفاق الفقهاء .(۹/۱۴، البيع)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام ": المال هو يميل إليه طبع الإنسان ويمكن ادخاره إلى وقت الحاجة منقولاً أو غير منقولاً ..... ولما كان المعدوم لا يمكن إحرازه ولا ادخاره فليس بمال والبيع بما ليس بمال باطل فبيع المعدوم باطل . (۱/۱۷۷، المادة :۱۹۷)

(۲) وفيه أيضاً : للمشتري أن يبيع المبيع للآخر قبل قبضه إن كان عقاراً وإلا فلا .

(۱/۲۳۷، المادة :۲۵۳)

ما في " الهداية ": ويجوز بيع العقار قبل القبض عند أبي حنيفة وأبي يوسف .

(۲/۷۴، كتاب البيوع ، باب التولية ، مجمع الأنهر :۳/۱۱۳، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية ، البحر الرائق :۶/۱۹۳، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية ، فصل)

=والے شخص نے اس شرط کو تسلیم بھی کر لیا، تو مقررہ مدت میں قسطیں ادا نہ کرنے کی صورت میں بلڈر کو یک طرفہ معاملہ کو ختم کرنے کا اختیار ہوگا، فقہ کی اصطلاح میں اس کو خیارِ نقد سے تعبیر کیا جاتا ہے۔[1]

تاخیر سے قسطیں ادا کرنے پر خریدار سے جرمانہ لینا

مسئلہ (۱۴۹): اگر کوئی شخص قسطوں پر فلیٹ خریدے اور وقت پر اپنی قسطیں ادا نہ کرے تو اس سے نہ صرف بلڈر کو بلکہ دیگر خریداروں کو بھی دقت و دشواری کا سامنا ہوتا ہے، لیکن اس تاخیر پر بلڈر کا خریدار سے زائد رقم لینا شرعاً درست نہیں ہے، کیوں کہ یہ مدت کے عوض زائد رقم لینا ہے اور یہ سود ہے[2]، البتہ خریدار کو چاہیے کہ وہ وقت پر قسطیں ادا=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الهداية ": ولو اشترى شيئًا شخص على أنه إن لم ينقد الثمن إلى ثلاثة أيام فلا بيع بينهما جاز وإلى أربعة أيام لا يجوز عندهما وقال محمد : يجوز إلى أربعة أيام وأكثر .
(۳۰/۲ ، باب خيار الشرط ، الجوهرة النيرة: ۴۴۳/۱ ، الدر المختار مع الشامية : ۸۴/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب خيار النقد، فتح باب العناية : ۳۱۰/۲ ، باب خيار الشرط ، الفتاوى الهندية: ۳۹/۳ ، في خيار الشرط)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في " القرآن الكريم ": ﴿أحل الله البيع وحرم الربوا﴾ . (سورة البقرة:۲۷۵)
ما في " الطبري ": عن قتادة : أن ربا الجاهلية يبيع الرجل البيع إلى أجل مسمى فإذا حل الأجل ولم يكن عند صاحبه قضاء زاده وأخر عنه . (۶۷/۳، الدر المنثور: ۶۴۴/۱)=

= کردے، تاکہ اپنے عمل سے دوسروں کو تکلیف نہ پہونچے جو شرعاً ممنوع ہے۔[۱]

قسطوں کی ادائیگی تاخیر پر خریدار کا بلڈر کو مقررہ قیمت سے زیادہ قیمت دینا

مسئلہ (۱۵۰): اگر کسی شخص نے قسطوں پر فلیٹ خریدا اور مقررہ مدت میں پوری قسط ادا نہ کرسکا اور تاخیر سے قسطوں کی ادائیگی کی وجہ سے بیچنے والے کے مطالبہ کے بغیر قیمت بڑھا کر ادا کرے تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور بیچنے والے کو اس کا لینا بھی جائز ہے۔[۲]

= ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد ": ربا النسيئة وهو ربا التاخير أو الزيادة المشروطة المقابلة للأجل وهو الربا الذي كان معروفاً لأهل الجاهلية من دفعهم المال مؤجلاً إلى مدة على أن يدفع الآخر قدراً معيناً كل شهر مثلاً ويكون رأس المال باقياً ، وعند حلول الأجل يطالب المدين برأس المال فإن تعذر عليه زادوا في القسط والأجل جميعاً . (۲۳۵/۴، الربا)

(۱) ما في " الحديث ": عن عبد الله بن عمرو عن النبي ﷺ قال : " المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده " . (الصحيح البخاري : ۶/۱، كتاب الإيمان)

ما في " مرقاة المفاتيح لملا علي القاري : فيه إشارة إلى أن علامة الإسلام هي السلامة من إيذاء الخلائق كما أن الكذب والخيانة وخلف الوعد وعلامة المنافق . (۱۳۸/۱)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في "البناية في شرح الهداية": ويجوز للمشترى أن يزيد للبائع في الثمن، قال تاج الشريعة: شرط صحة الزيادة في الثمن في ظاهر الرواية بقاء المبيع وكون المبيع محلاً للمقابلة في حق المشترى حقيقةً . (۳۲۹/۷، باب المرابحة والتولية)

ما في " الهداية " : ويجوز للمشترى أن يزيد للبائع في الثمن .

(۷۵/۲، باب المرابحة والتولية، المختصر القدورى: ۸۱)

ما في "خلاصة الفتاوى": في الجامع الكبير: الزيادة في الثمن والمثمن جائز حال قيامهما سواء كانت الزيادة من جنس الثمن أو من غير جنسه ويلتحق بأصل العقد ولو ندم المشترى بعد ما زاد يجبر ان امتنع . (۹۳/۳، كتاب البيوع، جنس آخر)

ما في "المعتصر الضرورى": ويجوز للمشترى أن يزيد للبائع ما دام قيام المبيع في الثمن .

(۳۱۹، باب المرابحة والتولية)

باب الربوا

(سود کا بیان)

ملازمت دلوانے کے لیے رشوت لینا

مسئلہ (۱۵۱): کچھ لوگ ملازمتیں دلوانے کے لیے امیدواروں سے رشوت لیتے ہیں، رشوت لینے والا ہر حال میں جہنمی ہے، البتہ رشوت دینے والا شخص اگر ظلم سے بچنے اور اپنا جائز حق حاصل کرنے کے لیے رشوت دے تو امید ہے کہ اس کا مؤاخذہ نہ ہوگا، رشوت دیکر جو ملازمت حاصل کی گئی اس کا حکم یہ ہے کہ اگر یہ شخص اس نوکری کا اہل ہے اور جو کام اس کے سپرد کیا گیا وہ اسے ٹھیک ٹھاک انجام دیتا ہے تو اس کی تنخواہ حلال ہے، اور اگر وہ اس کام کا اہل ہی نہیں تو تنخواہ بھی حلال نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿سمّٰعون للكذب أكّٰلون للسحت﴾ . (سورة المائدة: ۴۲)

ما في " الحديث ": عن ابن عمر رضي الله عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : " كل لحم نبت من سحت فالنار أولى به . قيل يا رسول الله ! ما السحت؟ قال : الرشوة في الحكم ".

(روح المعاني: ۲۰۵/۴)

ما في " الجامع الصغير " :" لعن الله الراشي والمرتشي الذي يمشي بينهما ".

(ص ۴۴ ، رقم الحديث : ۷۲۵۵)

ما في " السنن للترمذي ":" لعن رسول الله ﷺ الراشي والمرتشي ".

(السنن للترمي : رقم الحديث: ۱۳۳۶ ،كتاب الأحكام ، السنن لأبي داود: رقم الحديث: ۳۵۸۰ ،كتاب الأقضية ، باب كراهية الرشوة ، السنن لإبن ماجه: رقم الحديث: ۲۳۱۳، كتاب الأحكام ، باب التغليظ في الرشوة) =

کسی ادارہ کے اجیرِ خاص یا افسران کا رشوت لینا

مسئلہ (۱۵۲): اگر کسی شعبہ اور ڈپارٹمنٹ کا ملازم جس کی تنخواہ اس ڈپارٹمنٹ کی طرف سے معلوم ومتعین ہے، پھر بھی وہ اپنے کام کے عوض کسی شخص سے کوئی رقم لیتا ہے، مثلاً اسکول کا کلرک، جس کا کام یہ ہے کہ وہ طلباء اور ان کے سرپرستوں کو درکار کاغذات بنوادے، اور اسکول کی طرف سے اس کی تنخواہ بھی دی جاتی ہے، اس کے باوجود=

= ما في " الموسوعة الفقهية ": يجوز للإنسان عند الجمهور أن يدفع رشوة للحصول على حق أو لدفع ظلم أو ضرر ويكون الإثم على المرتشي دون الراشي .

(۲۲/۲۲۲، الرشوة ، الدر المختار مع الشامية :۸/۳۳ ، كتاب القضاء ، مطلب في الكلام على الرشوة والهدية)

ما في"أحكام القرآن للجصاص": ولا خلاف في تحريم الرشا على الأحكام لأنه في السحت الذي حرمه الله في كتابه واتفقت الأمة عليه وهي محرمة على الراشي والمرتشي .....

ووجه آخر من الرشوة وهو الذي يرشوا السلطان لدفع ظلمه منه فهذه الرشوة محرمة على آخذها غير محظورة على معطيها، وروي عن جابر بن زيد والشعبي قالا : لا بأس بأن يصانع الرجل عن نفسه وماله إذا خاف الظلم ، وعن عطاء وإبراهيم مثله .

(۲/۵۴۱ ، سورة المائدة ، باب الرشوة)

ما في " الموسوعة الفقهية ": الرشوة على تقليد القضاء والإمارة وهي حرام على الآخذ والمعطي . (۲۲/۲۲۲، الدر المختار مع الشامية :۸/۳۳ ، كتاب القضاء ، مطلب في الكلام على الرشوة والهدية ، البحر الرائق : ۶/۴۴۱ ، كتاب الفتاوى: ۶/۲۴۷)

ما في" سبل السلام شرح بلوغ المرام لمحمد بن إسماعيل الصنعاني": الرشوة حرام بالإجماع سواء كانت للقاضي أو للعامل على الصدقة أو لغيرهما .

(۴/۱۴۷۱ ، الرشوة للقاضي والهدية ، المال المأخوذ ظلماً : ۱/۴۰۸)

= وہ طلباء یا ان کے سرپرستوں سے کچھ رقم کا مطالبہ کرے یا سرپرست از خود اس کام کے عوض ہی اس کو کچھ دیدیں اور وہ لے لے، تو یہ رشوت ہے، جس کا لینا اور دینا دونوں کام حرام ہیں، اور رشوت لینے اور دینے والا دونوں جہنم میں جائیں گے۔ (۱)

خادم کا قیمت سے زیادہ کا بل بنوانا

مسئلہ (۱۵۳): اگر کسی ادارہ کا خادم ادارہ کے لیے کوئی چیز خرید کر لاتا ہے، اور دوکاندار سے اس کا بل اس کی اصل قیمت سے بڑھوا کر بنواتا ہے، جب کہ اس کا آفیسر اس بات کو جانتا ہے، پھر بھی بل منظوری کے لیے اس پر اپنی دستخط ثبت کر دیتا ہے، تو خادم =

الحجة على ماقلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿يآيها الذين آمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ .

(سورة النساء : ۲۹)

ما في "الحديث ": " لعن رسول الله ﷺ الراشي والمرتشي " .

(السنن الترمذي: ۱/ ۲۴۸، أبواب الأحكام ، باب ما جاء في الراشي والمرتشي)

ما في " سبل السلام شرح بلوغ المرام لمحمد بن إسمعيل الصنعاني " : والرشوة حرام بالإجماع سواء كانت للقاضي أو للعامل على الصدقة أو لغيرهما وقد قال تعالى : ﴿ولا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل وتدلوا بها إلى الحكام لتأكلوا فريقاً من أموال الناس بالإثم وأنتم تعلمون﴾ .[سورة البقرة:۱۸۸] وحاصل ما يأخذه القضاة من الأموال على أربعة أقسام رشوة وهدية وأجرة ورزق ..... وأما الأجرة وهي الثالث فإن كان للحاكم جراية من بيت المال ورزق حرمت بالاتفاق لأنه إنما أجرى له الرزق لأجل الاشتغال بالحكم فلا وجه للأجرة.

(۴/ ۱۴۷۱، ۱۴۷۲، الرشوة للقاضي والهدية ، فتح القدير : ۷/ ۲۵۴، الدر المختار مع الشامية : ۸/ ۳۴، المال المأخوذ ظلماً: ۱/ ۴۰۸) (فتاوی محمودیہ:۱۸/ ۴۶۵،فتاوی حقانیہ:۶/ ۲۶۸)

= کے ساتھ ساتھ آفیسر بھی گنہگار ہوگا، کیوں کہ آفیسر کا یہ عمل گناہ کے کام میں تعاون اور دوسروں کی دنیا کے خاطر اپنی آخرت برباد کرنا ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ يها الذين آمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ .

(سورة النساء : ۲۹)

ما في " روح المعاني ": والمراد بالباطل ما يخالف الشرع كالربا والقمار والبخس والظلم . وعن الحسن هو ما كان بغير استحقاق في طريق الأعواض . (۲۲/۵)

ما في " الحديث ": " من غشنا فليس منا " . (الصحيح لمسلم: ۱/۷۰ ، باب قول النبي ﷺ من غشنا فليس منا، السنن الترمذي: ۱/۲۴۵، أبواب البيوع ، ما جاء في كراهية الغش في البيوع)

ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة:۲)

ما في " روح المعاني ": فيعم النهي كل ما هو من مقولة الظلم والمعاصي ويندرج فيه النهي عن التعاون على الاعتداء والانتقام . (۸۵/۴)

ما في " الحديث ": " كبرت خيانة أن تحدث أخاك هو لك به مصدق وأنت به كاذب " .

(السنن لأبي داود:ص ۶۷۹ ، كتاب الأدب، باب المعاريض)

وما في " القرآن الكريم " : ﴿وإما تخافن من قوم خيانة فانبذ إليهم على سواء إن الله لا يحب الخائنين﴾ . (سورة الأنفال:۵۸)

ما في " الموسوعة الفقهية ": وقد عد الذهبي وابن حجر الهيثمي الخيانة من الكبائر ثم قال : الخيانة قبيحة في كل شيء لكن بعضها أشد وأقبح من بعض .

(۱۸۶/۲ ، الزواجر عن اقتراف الكبائر لإبن حجر الهيثمي:۵۱۳/۲)

ما في " الشامية ": بقاعدة فقهية : " ما كان سبباً لمحظور فهو محظور " .

(۲۳۳/۵ ، مكتبه نعمانيه)

ما في " إعلام الموقعين ": " وسيلة المقصود تابعة للمقصود وكلاهما مقصود ". (۱۷۵/۳)

''جیونا'' کمپنی کا حکمِ شرعی

مسئلہ (۱۵۴): آج کل ''جیونا'' نام سے ایک کمپنی قائم ہے، جس کی اسکیم یہ ہے کہ پینتیس سو (۳۵۰۰) روپے دیکر اس کے ممبر بن جاؤ اور ان ساڑھے تین ہزار کے عوض کمپنی کوئی شئ نہیں دے گی، لیکن اگر یہ ممبر کم سے کم مزید دو ممبر کمپنی کے لئے بنا دیتا ہے، یعنی یوں کہیے کہ کمپنی کو سات ہزار (۷۰۰۰) روپے دوسرے دو فردوں سے لا دیتا ہے، تو کمپنی اسے اس میں سے بطورِ کمیشن چھ سو (۶۰۰) روپئے ادا کرے گی اور اگر ان دو ممبروں میں سے ہر ممبر دو دو ممبر بناتا ہے، تو جہاں ان دو ممبروں کو چھ چھ سو (۶۰۰۔۶۰۰) روپئے بطورِ کمیشن ملیں گے، وہیں پہلے ممبر کو مزید بارہ سو (۱۲۰۰) روپئے ملیں گے، یعنی کل اٹھارہ سو (۱۸۰۰) روپئے ملیں گے اور اگر یہ چار ممبروں میں سے ہر ممبر دو دو ممبر بناتا ہے، تو ان میں سے ہر ایک کو چھ چھ سو (۶۰۰۔۶۰۰) اور پہلے کو گذشتہ کے اٹھارہ سو (۱۸۰۰) میں مزید چوبیس سو (۲۴۰۰) روپئے ملا کر، یعنی کل بیالیس سو (۴۲۰۰) روپئے دیئے جائینگے اور جیسے جیسے یہ سلسلہ آگے بڑھتا رہیگا ویسے ویسے پہلے ممبر کو بھی ہر ممبر پر کمیشن ملتا رہیگا۔

اسکیم کی یہ صورت جوا اور باطل طریقہ سے لوگوں کے اموال کھانے کی حرمتِ صریحہ پر مشتمل ہے، اس لئے اس طرح کی اسکیموں کا ممبر بننا اور بنانا دونوں عمل شرعاً ناجائز وحرام ہے اور اس پر ملنے والا کمیشن بھی حرام ہے، اس لئے اس طرح کی اسکیموں میں شرکت سے کلی اجتناب ضروری ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿يـآيها الـذين آمنوا إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشيطٰن فاجتنبوه لعلكم تفلحون﴾ . (سورة المائدة: ۹۰) =

.....

.....

.....

.....

= ما في " البحر المحيط لأبي حيان الغرناطي ": بين تعالى تحريم الخمر والميسر لأن هذه اللذة يقارنها مفسدة عظيمة . والميسر فيه أخذ المال بالباطل . (۲۰/۴)

وما في " القرآن الكريم ": ﴿يآيها الذين آمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ .

(سورة النساء : ۲۹)

ما في " تفسير الكبير " : لا تأكلوا أموالكم التي جعلتموه بينكم بطريق غير مشروع . (۵۶/۴)

ما في " الموسوعة الفقهية ": ما يكسبه المقامرة هو كسب خبيث وهو من المال الحرام مثل كسب المخادع والمقامر ، والواجب في الكسب خبيث تفريغ الذمة منه برده إلى أربابه إن علموا وإلا إلى الفقراء . (۴۰۷/۳۹ ، الميسر)

وما في " الموسوعة الفقهية ": قال ابن حجر المكي : الميسر القمار بأي نوع كان.....

اتفق الفقهاء على تحريم ميسر القمار . (۴۰۶/۳۹)

ما في " الموسوعة القواعد الفقهية " : " ما أفضى إلى الحرام كان حراماً ". (۴۲/۹)

ما في " الشامية ":" ما كان سبباً لمحظور فهو محظور ". (۲۳۳/۵ ، مكتبه نعمانيه)

كتاب الإجارة

(اجارہ کا بیان)

ٹیوشن پڑھانے کی اجرت لینا جائز ہے

مسئلہ (۱۵۵): بعض لوگ اپنے گھروں پر اسی طرح بعض گھر گھر جا کر بچوں کو قرآن کریم، دینیات کی تعلیم دیتے ہیں، اور ہر بچہ سے ماہانہ یا ہفتہ واری فیس وصول کرتے ہیں، شرعاً اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " المحيط البرهاني ": أما أجرة المعلم فنقول لا بأس بها في زماننا وحكي عن الإمام أبي الليث أنه كان يقول : كنت أفتي أنه لا يحل للمعلم أخذ الأجر على تعليم القرآن، وكنت أفتي أنه لا ينبغي للعالم أن يدخل على السلطان. وكنت أفتي أن لا ينبغي لصاحب العلم أن يخرج إلى القرى فيذكرهم بشيء ليجمعوا له شيئاً فرجعت عن ذلك كله، وإنما رجع تحرزاً عن ضياع القرآن والحقوق والعلم . (۶/۱۱۱، كتاب الاستحسان والكراهية)

وما في " الدر المختار مع الشامية ": قال في الهداية: بعض مشايخنا رحمهم الله تعالى استحسنوا الاستئجار على تعليم القرآن اليوم لظهور التواني في الأمور الدينية ففي الامتناع تضييع حفظ القرآن وعليه الفتوى . (۹/۶۵، ۶۶، كتاب الإجارة، مطلب تحرير مهم في عدم جواز الاستئجار على التلاوة والتهليل، الهداية على صدر فتح القدير: ۹/۱۰۰، باب الإجارات)

وما في " البناية ": وذكر السرخسي مشايخ بلخ اختاروا قول أهل المدينة في جواز استئجار المعلم على تعليم القرآن . (۹/۳۴۲، باب الإجارات)

متعینہ کرایہ سے زیادہ وصول کرنے کی ایک شکل اور اس کا حکم

مسئلہ (۱۵۶): بعض طلباء اپنے طور پر گاڑی کرایہ پر لیتے ہیں پھر دوسرے طلباء سے اتنا کرایہ وصول کرتے ہیں کہ گاڑی کا کرایہ ادا کرنے کے بعد بھی کچھ رقم باقی رہتی ہے جسے وہ رکھ لیتے ہیں شرعاً یہ جائز نہیں ہے، کیونکہ ان کا یہ عمل اجارۂ ثانیہ ہے اور جب اجارۂ اولیٰ وثانیہ دونوں کی اجرت ہم جنس ہو تو اجارۂ ثانیہ میں اجارۂ اولیٰ کی اجرت سے زائد اجرت لینا جائز نہیں ہے، لیکن اگر یہ طلباء اپنے ساتھیوں کی طرف سے وکیل یا دلال بن کر گاڑی کرایہ پر لے لیں اور پہلے سے اپنی محنت کی اجرت متعین کریں تو وہ اپنی متعینہ اجرت کے حقدار ہونگے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الموسوعة الفقهية": وذهب الحنفية إلى جواز الإجارة الثانية إن لم تكن الاجرة فيها من جنس الأجرة الأولىٰ للمعنى السابق أما إن اتحد جنس الأجرتين فإن الزيادة لا تطيب للمستأجر وعليه أن يتصدق وصحت الإجارة الثانية لأن الفضل فيه شبهة. (۲۶۸/۱)

ما في "الفتاوى الهندية": وإذا استأجر دارًا وقبضها ثم أجرها فإنه يجوز إن آجرها بمثل ما استأجرها أو أقل وإن آجرها بأكثر مما استأجرها فهي جائز أيضا إلا أنه إن كانت الأجرة الثانية من جنس الأجرة الأولىٰ فإن الزيادة لا تطيب له ويتصدق بها وإن كانت من خلاف جنسها طابت له الزيادة في إجارة المستأجر. (۴۲۵/۴)

ما في "الفقه الإسلامي وأدلته": تصح الوكالة بأجر وبغير أجر لأن النبي ﷺ كان يبعث عماله لقبض الصدقات ويجعل لهم عمولة ولأن الوكالة عقد جائز لا يجب على الوكيل القيام بها فتجوز أخذ الأجرة فيها. (۴۰۵۸/۵)

پرائیوٹ گاڑیوں میں چھوٹے بڑے بچوں کا یکساں کرایہ لینا

مسئلہ (۱۵۷): بہت سے طلباء تعطیلات کے موقع پر پرائیوٹ گاڑیاں کرایہ پر کرتے ہیں اور چھوٹے بڑے بچوں سے یکساں کرایہ وصول کرتے ہیں، اگر کرایہ کا یہ معاملہ خود صبی ممیّز یا اس کا سرپرست طالب علم کرتا ہے تو جائز ہے، اور اگر صبی غیر ممیّز یا غیر سرپرست طالب علم کرتا ہے تو جائز نہیں ہے۔ (۱)

رحمِ مادر کو کرایہ پر دینے کا حکمِ شرعی

مسئلہ (۱۵۸): اصول وضوابط کی بے قاعدگیوں، سست طبی نگہداشت اور معاشی پریشانیوں کے سبب اپنا رحم کرائے پر دینے والی خواتین کی بآسانی دستیابی کی وجہ سے آج ہمارے ملک ہندوستان میں سروگیٹ پریگینسی یعنی رحمِ مادر کرایہ پر دینے کی تجارت بڑی تیزی سے پھل پھول رہی ہے اور بیرون ہند کے بہت سے لوگ اس تجارت سے فائدہ اٹھانے کے لئے ہندوستان کا رخ کر رہے ہیں، ہمارے ملک ہندوستان میں رحمِ مادر کو تجارتی مقصد کے لئے کرایہ پر دینے کے جواز کو دو ہزار تین (۲۰۰۳) سے قانونی حیثیت حاصل ہے۔

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الموسوعة الفقهية": إجارة الصبي المميز نفسه بأجر لا غبن فيه تصح إن كان ماذونا له من وليه. (۱/۲۵۸)

ما في "الفتاوى الهندية": وإجارة الوكيل نافذة لوجود الولاية وكذلك الإجارة من الأب والوصي والقاضي وأمينه نافذة لوجود الإنابة من الشرع. (۴/۴۱۱، مطلب من أنواع الإجارة)

ہندوستان کے متوسط طبقہ کی خواتین کو کبھی اپنے خاندان کو بہتر معیار زندگی فراہم کرنے کے لیے، کبھی کار خریدنے کے لیے، کبھی مکان بنانے کے لیے، کبھی اپنے گھر کی اندرونی سجاوٹ کے لیے رقم کی ضرورت ہوتی ہے، وہ مجبور و بے بس ہوتی ہیں تو اپنے رحم کو کسی اور مرد کے نطفہ کی نشو ونما کے لیے اپنے رحم کو کرایہ پر دیکر اس سے رقم حاصل کرتی ہیں۔

اسلامی نقطۂ نگاہ سے یہ عمل محرماتِ شرعیہ مثلاً حلق دوسرے کے رحم میں اپنا نطفہ ڈالنا، ڈاکٹر کا بلاضرورت اجنبیہ کے ستر کا دیکھنا، اختلاطِ نسب، بلاضرورت برائے معصیت منافع کا اجارہ اور اس طریقہ کے طبائعِ سلیمہ کے مخالف، مزاجِ شرع وشارع سے متصادم اور انتہائی بے شرمی و بے حمیتی اور حدودِ شرع سے تجاوز کی وجہ سے ناجائز وحرام ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته ": ويحرم الاستمناء لقوله عز وجل ﴿والذين هم لفروجهم حافظونO إلا على أزواجهم أو ما ملكت أيمانهم فإنهم غير ملومين﴾(سورة المؤمنون :٥-٦) ولأنها مباشرة تفضي إلى قطع النسل فإن فعل عزر ولم يحد لأنها مباشرة محرمة من غير إيلاج فأشبهت مباشرة الأجنبية في ما دون الفرج . (٧/٥٣٤٨)

ما في" فتح القدير": لا يحل الاستمناء بالكف ذكر المشايخ فيه أنه عليه الصلاة والسلام قال : " ناكح اليد ملعون ". فإن غلبته الشهوة ففعل إرادة تسكينها به فالرجاء أن لا يعاقب.

(٢/٣٣٤، كتاب الصوم ، باب ما يوجب القضاء والكفارة، الدر المختار مع الشامية : ٣/٣٣٢ ،كتاب الصوم ، مطلب الاستمناء بالكف)

ما في " الحديث ": " من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يسق ماء ه ولد غيره ".

(السنن للترمذي: ١/٢١٤، كتاب النكاح، السنن الكبرى للبيهقي: ٩/١٠٥، رقم الحديث: ١١٨٠١)=

.....

.....

.....

.....

= ما في " الموسوعة الفقهية ": لا يجوز النظر إلى فرج المرأة إلا إذا كان لايتوصل إلى معرفة ذلک إلا برؤيته بنفسه أما لو كان الطبيب يكتفي برؤية النساء لفرج المريضة فلا يجوز له النظر إليه . (۱۲/۱۳۷)

ما في " النتف للسغدي ": الإجاره الفاسدة على أحد عشر وجهاً ؛ أحدها الإجارة على المعاصي ولا أجرة على المعاصي لا المسماة ولا المثل .

(ص۳۴۸، الدر المختار مع الشامية : ۹/۶۴،)

وما في " الهداية ": لا يجوز الاستئجار على الغناء والنوح وكذا سائر الملاهي لأنه استئجار على المعصية والمعصية لا تستحق بالعقد .....قوله: لا تستحق بالعقد لأن عقد الإجارة يستحق به تسليم المعقود عليه شرعاً ولا يجوز أن يستحق على المرء شيء يكون به عاصياً شرعاً كيلا يصير المعصية مضافة إلى الشرع .

(حاشية الهداية :۳/۳۰۲) (نظام الفتاوی:۱/۳۳۹)

کتاب الوقف

(وقف کا بیان)

شئ موقوفہ واپس نہیں لیجا سکتی ہے

مسئلہ (۱۵۹): اگر کوئی شخص اپنی دوکان، مکان یا زمین بنامِ مسجد یا مدرسہ وقف کردے تو بعد از وقف نہ واقف اس کو باطل کرسکتا ہے اور نہ اس کی اولاد۔

اسی طرح واقف یا اس کے وارثین کے لیے اس میں مالکانہ تصرفات کا بھی کوئی حق باقی نہیں رہتا، کیوں کہ صحتِ تصرفات کے لیے ملک شرط ہے، جب کہ موقوف ملک سے خارج ہو چکا ہے، اس لیے موقوف میں مالکانہ تصرفات صحیح نہیں ہوں گے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية ": فإذا تم ولزم لا يملك ولا يُملَّك ولا يعار ولا يرهن .....قوله : (لا يملك) أي لا يكون مملوكاً لصاحبه ولا يملّك أي لا يقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه لاستحالة تمليك الخارج عن ملكه ولا يعار ولا يرهن لاقتضائهما الملك . (۴۲۱/۶ ، كتاب الوقف)

ما في " فتاوى النوازل للإمام الفقيه أبي الليث السمرقندي ": وعندهما الوقف حبس العين على حكم ملك الله تعالى لأن له فيه حق التملك ولا يباع ولا يرهن ولا يورث فصار بمنزلة المسجد أو جعل أرضه مسجداً . (ص۳۳۷ ، كتاب الوقف)

ما في " حاشية فتاوى النوازل ": قال النووي : هذا مذهبنا ومذهب الجمهور ، ويدل عليه أيضاً إجماع المسلمين على صحة وقف المساجد والسقايات وفيه أن الوقف لا يباع ولا يوهب ولا يورث إنما يتبع فيه شرط الواقف . (ص۳۳۷)

وما في " بدائع الصنائع": وقال أبو يوسف وعامة علماء رحمهم الله:....حتى لا يباع ولا يوهب ولا يورث. (۳۲۶/۵ ، كتاب الوقف)

موقوفہ عمارتوں سے شہد کا چھتہ نکالنے کا حکم

مسئلہ (۱۶۰): اگر شہد کی مکھیاں موقوفہ عمارتوں میں اپنا چھتہ بنالیں تو اس سے حاصل ہونے والا شہد وقف کی ملک ہے، متولیٔ وقف اسے بیچ کر اس کی قیمت مصالحِ وقف میں خرچ کرے، عام لوگوں کیلئے اس کو نکال کر استعمال کرنا شرعاً جائز نہیں ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الشامية " : عسل النحل في أرضه ملكه لأنه صار من إنزالها .

(۳۷۸/۷ ،كتاب البيوع ، مسائل شتى ، مطلب في النهرجة والزيوف والستوقة)

ما في " البحر الرائق " : لو دخل صيد داره أو وقع ما نثر من الدراهم في ثيابه بخلاف معسل النحل في أرضه حيث يملكه وإن لم تكن أرضه معدة لذلك لأنه من إنزال الأرض حتى يملكه تبعاً لها كالأشجار النابتة والتراب المجتمع فيها بجريان الماء وإن لم تكن معدة.

(۲۹۲/۶ ، باب المتفرقات، تبيين الحقائق : ۵۴۱/۴ ، باب المتفرقات، النهر الفائق:۵۱۹/۳ ، باب المتفرقات ، فتح القدير:۱۲۵/۷ ، مسائل منثورة)

ما في " الشامية ": ليس للمتولي التصرف في أمور الوقف بدون إذن المشرف واطلاعه .

(۵۳۵/۶، كتاب الوقف ، مطلب ليس للمتولي التصرف)

ما في " تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ": ويتصرف القيم في الوقف بما فيه من النفع للوقف . (۲۰۹/۱)

ما في " الهندية ": الفاضل من وقف المسجد هل يصرف إلى الفقراء قيل لا يصرف وإنه صحيح ولكن يشترى به شغلاً للمسجد . (۴۶۳/۲، كتاب الوقف، باب الحادي العشر، الفصل الثاني)

ما في " الهندية ": مسجد له مستغلات وأوقاف أراد المتولي أن يشتري من غلة الوقف للمسجد دهناً أو حصيراً أو حشيشاً قالوا : إن وسع الواقف ذلك للقيم وقال : تفعل ما ترى من مصلحة المسجد كان له أن يشتري للمسجد ما شاء . (۴۶۱/۲، الباب الحادى العشر، الفصل الثاني)=

وقف کی دواؤں کا مصرف

مسئلہ (۱۶۱) اگر کسی شخص نے ہسپتال میں مریضوں کیلئے دوائیں وقف کی تو ان دواؤں سے فقراء ہی فائدہ اٹھا سکتے ہیں مالداروں کیلئے ان کا استعمال درست نہیں، مگر یہ کہ واقف یوں کہے کہ یہ دوائیں تمام لوگوں کیلئے وقف ہیں یا یہ صراحت کردے کہ ان سے مالدار بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں تو اس صورت میں ان کیلئے فائدہ اٹھانا درست ہے۔ (۱)

= ما في " الدر المختار مع الشامية ": ولو وقف داراً بجميع ما فيها وفيها حمامات يطرن أو بيتاً وفيه كورات عسل يدخل الحمام والنحل تبعاً للدار والعسل كما لو وقف ضيعة وذكر ما فيها من العبيد والدواليب وآلات الحراثة .

(٦/ ٤٣١ ،كتاب الوقف ، مطلب في وقف المنقول تبعاً للعقار، البحر الرائق : ٥/ ٣٣٥ ، الاختيار لتعليل المختار : ٢/ ٥٢، كتاب الوقف ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية: ٦/ ٢٦٥، كتاب الوقف، نوع في ألفاظ جارية الوقف)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام ": بقاعدة فقهية :" التابع لا يفرد بالحكم ".

(درر الحكام : ١/ ٥٢، المادة :٤٨ ، ترتيب اللآلي في سلك الأمالي: ١/ ٤٥٩)

الحجة على ما قلنا

(١) ما في " الدر المختار مع الشامية " : الوقف على ثلاثة أوجه ؛ إما للفقراء أو الأغنياء ثم للفقراء أو يستوي فيه الفريقان كرباط وخان ومقابر وسقايات وقناطر ونحو ذلك كمساجد وطواحين وطست لاحتياج الكل لذلك بخلاف الأدوية فلم يجز لغني بلا تعميم أو تنصيص فيدخل الأغنياء تبعاً للفقراء. درمختار. قوله : (بخلاف الأودية) أي الموقوفة في التيمارخانة .

(٦/ ٤٧٢، مطلب في وقف الراهن والمريض والمديون) =

جن اوقاف کے مصارف معلوم نہ ہوں تو کیا کیا جائے؟

مسئلہ (۱۶۲): جن اوقاف کے مصارف معلوم نہ ہوں تو ان کے متولیان اب تک جن مصارف میں صرف کرتے رہے ہیں انہی میں ان کو صرف کیا جائے، کسی جدید مصرف میں صرف نہیں کیا جائے گا۔ (۱)

= ما في " الجوهرة النيرة " : ويشترك الأغنياء والفقراء في الدفن في المقبرة والصلاة في المسجد والشرب من السقاية لأن ذلك إباحة وما كان إباحة لا يختص به الفقير دون الغني بخلاف غلة الصدقة لأن مقتضاها التمليك . (۳۸/۲، كتاب الوقف)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : يسلك بمنقطع الثبوت المجهولة شرائطه ومصارفه ما كان عليه في دواوين القضاة انتهى . درمختار .

قال الشامي رحمه الله : وبه صرح في الذخيرة حيث قال : سئل شيخ الإسلام عن وقف مشهور اشتبهت مصارفه وقدر ما يصرف إلى مستحقيه قال ينظر إلى المعهود من حاله فيما سبق من الزمان من أن قوّامه كيف يعملون فيه وإلى من يصرفونه فيبني على ذلك .

(۴۸۶/۶ ، مطلب في حكم الوقف القديم المجهولة شرائطه ومصارفه)

أحكام المساجد

(مساجد کے احکام)

مسجد میں جگہ روکنا کیسا ہے؟

مسئلہ (۱۶۳): مسجد میں کسی شخص کا اپنا رومال، ٹوپی یا مصلی رکھ کر جگہ روک لینا مکروہ ہے، اور وہ شخص اس صورت میں اس جگہ کا مستحق نہ ہوگا، بلکہ مسجد میں پہلے پہنچ کر جو شخص جس جگہ بیٹھ جائے وہی اس کا حقدار ہے، ہاں اگر کوئی شخص مسجد میں کسی جگہ کچھ دیر عبادت کرے پھر کسی ضرورت سے تھوڑی دیر کے لیے جانا چاہے اور رومال وغیرہ رکھ کر جگہ روک لے تو یہ جائز ہے اور وہ اس جگہ کا حقدار ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " البحر الرائق ": ويكره تخصيص مكان في المسجد لأنه يخل بالخشوع .

(۲/ ۶۲، ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وتخصيص مكان لنفسه لأنه يخل بالخشوع كذا في القنية، أي لأنه إذا اعتاده ثم صلى في غيره يبقى باله مشغولاً بالأول ..... قال في القنية : له في المسجد موضع معين يواظب عليه وقد شغله غيره قال الأوزاعي : له أن يزعجه وليس له ذلك عندنا أي لأن المسجد ليس ملكاً لأحد .

(۲/ ۳۷۹، كتاب الصلاة ، ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الغرس في المسجد)

(احسن الفتاوی: ۶/ ۴۵۷، فتاوی محمودیہ: ۱۵/ ۳۲۲)

متولی بننے کا مستحق کون؟

مسئلہ (۱۶۴): اگر کوئی شخص مسجد کیلئے زمین وقف کرے اور اسکی تعمیر بھی اپنی ذاتی رقم سے کرے تو وہ خود یا اسکی اولاد متولی بننے کے حقدار ہیں، اور اگر مسجد کی زمین چندے کی رقم سے خریدی گئی اور اسکی تعمیر بھی چندہ کی رقم سے کی گئی تو اکثر مسلمان جس کو لائق تر سمجھیں اس کو متولی بنادیں، چندہ کرنے والا شخص متولی بننے کا حقدار نہیں ہے، مگر یہ کہ تمام مسلمان اس کے لائق تر ہونے کی وجہ سے اس کو متولی بنادیں تو وہ متولی ہوسکتا ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية ": ولاية نصب القيم إلى الواقف ثم لوصيه لقيامه مقامه .....ومادام أحد يصلح للتولية من أقارب الواقف لا يجعل المتولي من الأجانب لأنه أشفق ومن قصده نسبة الوقف إليهم .

(۴۹۶/۶/۴۹۹، مطلب الوصي يصير متولياً بلا نص، مطلب لا يجعل الناظر من الأجانب عن الوقف)

ما في " الشامية " : ثم ذكر عن التاتارخانية حاصله أن أهل المسجد لو اتفقوا على نصب رجل متولياً لمصالح المسجد فعند المتقدمين يصح ولكن الأفضل كونه بإذن القاضي .

(۴۹۶/۶، مطلب الأفضل في زماننا نصب المتولي بلا إعلام القاضي)

ما في "البحر الرائق " : وفي الخلاصة : إذا شرط الواقف أن يكون هو المتولي عند أبي يوسف الوقف والشرط كلاهما صحيحان..... وفي الخلاصة : إذا شرط في الوقف الولاية لنفسه وأولاده في عزل القيم واستبداله لهم وما هو من نوع الولاية وأخرجه من يد المتولي جا ز.

(۳۷۷/۵)

ما في " الإسعاف " : لا يولى إلا أمين قادر بنفسه أو بنائبه لأن الولاية مقيدة بشرط النظر وليس من النظر تولية الخائن لأنه يخل بالمقصود. (۳۷۸/۵) (فتاوی دارالعلوم:۴۲۸/۱۳)

مسجد کے پھول اور پھل توڑنے کا حکم

مسئلہ (۱۶۵): پھل یا پھول کے جو درخت مسجد کے احاطے میں اسی لیے لگائے گئے کہ سب لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں تو نمازی اور غیر نمازی سب کے لیے اس سے انتفاع درست ہے، اور اگر مسجد کے لیے لگائے گئے یا کچھ حال معلوم نہیں تو ان کو فروخت کر کے مسجد کے کاموں میں صرف کرنا چاہیے۔ (۱)

مسجد کے نیچے دوکانیں تعمیر کرنا کیسا ہے؟

مسئلہ (۱۶۶): بالائی منزل کو مسجد قرار دینا اور تحتانی حصہ میں دوکانیں بنالینا کہ اوپر نماز ہوتی رہے اور نیچے خرید وفروحت ہوتی رہے احترامِ مسجد کے خلاف ہے، اوپر نیچے سب جگہ مسجد ہی ہونی چاہئے، مسجد کے کسی حصہ کو آمدنی کا ذریعہ بنالینا درست نہیں۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : غرس في المسجد أشجاراً تثمر إن غرس للسبيل فلكل مسلم الأكل والافتباع لمصالح المسجد . (۶/۵۰۷، مطلب استأجر دارا فيها أشجار) ما في " البحر الرائق ": وما غرس في المساجد من الأشجار المثمرة إن غرس للسبيل وهو وقف على العامة كان لكل من دخل المسجد من المسلمين أن يأكل منها ، وإن غرس للمسجد لا يجوز صرفها إلا إلى مصالح المسجد الأهم فالأهم كسائر الوقف.

(۵/۳۴۱، ۳۴۲) (فتاوی دارالعلوم:۱۳/۱۴۳، فتاوی حقانیہ:۵/۱۲۱)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا يجوز أخذ الأجرة منه ولا أن يجعل شيئا منه مستغلا ولاسكنى ."بزازيه" (۶/۴۲۹، في أحكام المسجد) =

مسجد کے نیچے اوپر دوکان ومکانات کا حکم

مسئلہ (۱۶۷): اس طرح مسجد بنانا کہ اسکے نیچے دکانیں یا مکانات ہوں یا اول مسجد بنا کر اسکی چھت پر دوکانیں یا مکانات بنانا، تاکہ ان کو کرایہ پر دیکر مسجد کے لیے ذریعۂ آمدنی بنایا جاسکے تو شرعاً ایسا کرنا درست نہیں، کیونکہ مسجد اپنے اوپر عنانِ سماء تک اور نیچے تحت الثریٰ تک مسجد ہوتی ہے، اس کے کسی حصے کو کرایہ پر دیکر ذریعۂ آمدنی بنانا درست نہیں ہے۔[1]

= ما في " المحيط البرهاني ": إذا أراد إنسان أن يتخذ تحت المسجد حوانيت غلة يلزمه المسجد أوفوقه ليس له ذلك . (۱۳۰/۷)

ما في " فتاوى قاضيخان على هامش الهندية ": ولو أن قيم المسجد أراد أن يبني حوانيت في حريم المسجد وفنائه قال الفقيه أبو الليث السمرقندي: لا يجوز له أن يجعل شيئا من المسجد مسكنا أو مستغلا . (۲۹۳/۳)

الحجة على ماقلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿وأن المسٰجد لله﴾ . (سورة الجن:۱۸)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا يجوز أخذ الأجرة منه ولا أن يجعل شيئاً منه مستغلاً ولاسكنٰى . (۴۲۹/۶، كتاب الوقف، مطلب في أحكام المسجد)

ما في " فتاوى قاضيخان على هامش الهندية ": ولو إن قيم المسجد أراد أن يبني حوانيت في حريم المسجد وفنائه قال الفقيه أبو الليث رحمه الله : لا يجوز له أن يجعل شيئاً من المسجد مسكناً أو مستغلاً . (۲۹۳/۳، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية ": ولا يجوز للقيم أن يجعل شيئاً من المسجد مسكناً أو مستغلاً ولا أن يبني في فناء المسجد حوانيت . (۲۸۵/۶) =

مسجد کے قرآن دوسری جگہ لے جانا

مسئلہ (۱۶۸): جو قرآنِ کریم یا پنج پارے واقف نے کسی مسجد کے لیے اس شرط کے ساتھ وقف کیے ہو کہ ان سے مسجد ہی میں انتفاع کیا جائے تو انہیں اپنے کمروں اور درسگاہوں، گھروں یا کسی اور جگہ منتقل کرنا شرعاً جائز نہیں ہے۔[1]

= ما في "الدر المختار مع الشامية": وكره تحريماً الوطء فوقه والبول والتغوط لأنه مسجد إلى عنان السماء وكذا إلى تحت الثرى. (۲/۳۷۰، مطلب في أحكام المسجد)

ما في "الفتاوى الهندية": إذا أراد إنسان أن يتخذ تحت المسجد حوانيت غلة لمرمة المسجد أو فوقه ليس له ذلك كذا في الذخيرة.

(۲/۴۵۵، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد وما يتعلق به)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الدر المختار مع الشامية": لو عمم الواقف بأن وقفه على طلبة العلم لكنه شرط أن لا يخرج من المسجد أو المدرسة كما هو العادة. .....لا يبعد وجوب اتباع شرطه لأن شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع وهو مفهوم قولهم: "شرط الواقف كنص الشارع" أي في المفهوم والدلالة وجوب العمل به.....إذا وقف كتبا وعين موضعها فإن وقفها على أهل ذلك الموضع لم يجز نقلها منه لا لهم ولا لغيرهم وظاهره أنه لا يحل لغيرهم الانتفاع بها وإن وقفها على طلبة العلم فلكل طالب الانتفاع بها في محلها. (۶/۴۳۷، مطلب في نقل كتب الوقف في محلها)

ما في "الشامية": ليس للمتولي التصرف في أمور الوقف بدون إذن المشرف واطلاعه.

(۶/۵۳۵، كتاب الوقف، مطلب ليس للمشرف التصرف)

ما في "الهندية": متولي المسجد ليس له أن يحمل سراج المسجد إلى بيته وله أن يحمله من البيت إلى المسجد. (۲/۴۶۲، كتاب الوقف، الباب الثاني عشر)

ما في "البدائع": ولا يجوز أن يصرفه إلى مستحقي الوقف لأن حقهم في المنفعة والغلة لا في العين. (۵/۳۳۰، كتاب الوقف)

مسجد کے چندہ کا مصرف

مسئلہ (۱۶۹): اگر چندہ دہندگان کسی خاص مسجد ہی کی تعمیر کیلئے چندہ کی رقومات دیں تو چندہ جمع کرنے والوں پر لازم ہے کہ وہ اسی مسجد کی تعمیر میں صرف کریں، بدونِ اجازت چندہ دہندگان کسی اور مسجد یا مصرف میں خرچ کرنا درست نہیں، کیوں کہ چندہ کا روپیہ جب تک اس کام میں صرف نہ ہو جس کے لیے وہ دیا گیا، چندہ دہندگان کی ملکیت میں رہتا ہے، پس ان کی اجازت کے بغیر ان کی تعیین کے خلاف دوسرے مصارف میں خرچ کرنا درست نہیں ہے۔[1]

زکوۃ وچرمِ قربانی کی رقم تعمیرِ مسجد کے لیے دینا

مسئلہ (۱۷۰): زکوۃ وچرمِ قربانی کی رقم اسی طرح صدقۂ فطر کا روپیہ تعمیرِ مسجد ومدرسہ میں بدونِ حیلۂ تملیک کے صرف کرنا جائز نہیں ہے، کیوں کہ صدقاتِ واجبہ میں=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الشامية": الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل وقد أمره بالدفع إلى فلان فلا يملك الدفع إلى غيره. (۲/۲۶۹، كتاب الزكاة، سعيديه)

ما في "فتاوى قاضيخان على هامش الهندية": رجل جمع مالاً من الناس لينفقه في بناء المسجد وأنفق من تلك الدراهم في حاجة نفسه ثم رد بدلها في نفقة المسجد لا يسعه أن يفعل ذلك، وإذا فعل إن كان يعرف صاحب المال رد الضمان عليه، أو يسأله ليأذن له بإنفاق الضمان في المسجد. (۳/۲۹۹، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً)

(فتاوی دارالعلوم:۱۳/۵۰۰/۵۰۷، فتاوی محمودیہ:۱۵/۱۵۲، إمداد الفتاوی:۲/۵۷۲)

=تملیک یعنی مستحقِ صدقہ کو مالک بنانا ضروری ہے اور تعمیر میں صرف کرنے سے تملیک نہیں ہوسکتی، اگر مسئلہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے ایسا کرلیا تو صدقاتِ واجبہ کی یہ رقم اپنے پاس سے دوبارہ اس کے مصرف میں خرچ کریں۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿إنما الصدقات للفقراء والمسٰكين﴾ . (سورة التوبة : ٦٠)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : الصدقة تقتضي تمليكاً ..... وشرط الصدقة وقوع الملك للمتصدق عليه . (٣/ ١٦١)

ما في " الفتاوى الولوالجية ": ولا يجوز الحج والعتق وبناء المسجد من زكاة ماله لأنهم مامورون بالإيتاء للفقير وهو عبارة عن التمليك من الفقير ولم يوجد .

(١/ ١٨٠، كتاب الزكاة ، الفصل الثاني)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : ويشترط أن يكون تمليكاً لا إباحة كما مر لا يصرف إلى بناء مسجد ونحوه ..... قال الشامي : قوله : (مسجد ونحوه) كبناء القناطير والسقايات وإصلاح الطرقات وكرى الأنهار وكل ما لا تمليك فيه .

(٣/ ٢٩١، باب المصرف ، الفتاوى الهندية : ١/ ١٨٨، باب المصارف)

ما في " البدائع ": فإذا ظهر بيقين أنه ليس بمحل الصدقة ظهر أنه لم يجز وتجب عليه الإعادة وليس له أن يسترد ما دفع إليه ويقع تطوعاً .

(٢/ ٤٨٤ ، كتاب الزكاة ، فصل في ركن الشرائط) (فتاوی دارالعلوم:۱۳/۵۱۴)

مسجد کی آمدنی سے خطیب وواعظ کو تنخواہ دینا

مسئلہ (۱۷۱): اگر کسی مسجد کی آمدنی اس کے اخراجات سے زائد ہوں تو اس کی آمدنی سے خطیب، واعظ اور مکتب کے معلم کو تنخواہ دینا جائز ہے، گرچہ واقف کی شرط معلوم نہ ہو۔ (۱)

متولی کا مسجد کی آمدنی میں تصرف کرنا

مسئلہ (۱۷۲): متولی کا مسجد کی آمدنی اپنی ضرورت میں خرچ کرنا پھر مسجد کی ضرورت کے وقت اس کو ادا کرنا شرعاً جائز نہیں ہے، البتہ خرچ کرلیا تو اس پر ضمان واجب ہے اور وہ رقم ادا کرنا اس کے ذمہ لازم ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويبدأ من غلته بعمارته ثم ما هو أقرب لعمارته كإمام مسجد ومدرس مدرسة يعطون بقدر كفايتهم ثم السراج والبساط كذلك إلى آخر المصالح . (۴۳۸/۶ ، البحر الرائق : ۳۵۶/۵)

ما في" منحة الخالق على البحر الرائق ": وفي الحاوي القدسي من كتاب الوقف بما لفظه : الذي يبدأ به من ارتفاع الوقف عمارته شرط الواقف أولا، ثم ما هو أقرب الى العمارة وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة يصرف إليهم قدر كفايتهم ثم السراج والبساط كذلك. (۳۵۶/۵) (فتاوی دارالعلوم:۴۴۸/۱۳)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : متولي المسجد ليس له أن يحمل سراج المسجد إلى بيته وله أن يحمله من البيت إلى المسجد .

(۴۶۲/۲ ، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد وما يتعلق به ، فتاوى قاضيخان على هامش الهندية :۲۹۴/۳ ، باب الرجل يجعل داره مسجداً ، البحر الرائق : ۴۲۰/۵ ، دار الكتاب ديوبند) =

مسجد کا مال کسی کو قرض دینا

مسئلہ (۱۷۳): مسجد کے متولیوں، کمیٹیوں کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ وقف کی جائداد کی آمدنی میں سے کسی کو قرض دے، اگر دیدیا اور وہ ضائع ہوا تو ان پر اس کا ضمان یعنی تاوان واجب ہوگا۔[1]

= ما في " البحر الرائق ": إن القيم ليس له إقراض مال المسجد قال في جامع الفصولين : ليس للمتولي إيداع مال الوقف والمسجد إلا ممن في عياله ولا إقراضه فلو أقرضه ضمن ..... وفي القنية : القيم ضمن مال الوقف بالاستهلاک ثم صرف قدر الضمان إلى المصرف بدون إذن القاضي يخرج عن العهدة . (۵/۴۰۱/۴۰۲)

ما في " فتاوى قاضيخان على هامش الهندية " : رجل جمع مالا من الناس لينفقه في بناء المسجد وأنفق من تلک الدراهم في حاجة نفسه ثم رد بدلها في نفقة المسجد ، لا يسعه أن يفعل ذلک ، وإذا فعل إن كان يعرف صاحب المال رد الضمان عليه أو يسأله ليأذن له بإنفاق الضمان في المسجد .

(۳/۲۹۹ ، كتاب الوقف ، باب الرجل يجعل داره مسجداً ، الفتاوى الولوالجية : ۱/۵۴ ، الفصل الرابع في أحكام الحمام وأحكام المسجد) (فتاوی دارالعلوم:۱۳/۲۳۰)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " البحر الرائق " : إن القيم ليس له إقراض مال المسجد . قال في جامع الفصولين : ليس للمتولي إيداع مال الوقف والمسجد إلا ممن في عياله، ولا اقراضه، فلو أقرضه ضمن .

(۵/۴۰۱) (فتاوی دارالعلوم:۱۳/۱۸۳،نظام الفتاوی:۴/۱۶۶)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية ": وإقراضه ما فضل من غلة الوقف يرجى أن يجوز إذا كان أجود للوقف . أما الإنفاق على نفسه ليؤديه إذا احتاج إليه الوقف فلا . ويحترز عنه كل الاحتراز فإن فعل ذلک ثم رده إلى الوقف يبرأ . (۶/۲۷۰)

مقروض متولیٔ مسجد کو قرض سے بری کرنے کا کسی کو حق نہیں

مسئلہ (۱۷۴): اگر متولی کے ذمہ مسجد کی کوئی رقم واجب الاداء ہو اور وہ ادا کرنے کی قدرت نہ رکھنے کی صورت میں عام مسلمانوں یا جدید متولی سے معافی کا خواستگار ہو تو کسی کو معاف کرنے کا کوئی حق نہیں ہے، کیوں کہ یہ وقف کی رقم ہے جو اللہ کی ملک ہے اور بندہ اللہ کی ملک میں تصرف کا مجاز نہیں ہے۔ (۱)

مسجد میں حرام مال لگانا

مسئلہ (۱۷۵): اللہ رب العزت کی ذات طیب ہے اور طیب ہی کو قبول کرتا ہے، اس لیے جس شخص کی آمدنی حرام مال ہو، مثلاً وہ سودی کاروبار کرتا ہو یا اس کا بزنس=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : الوقف هو حبسها على حكم ملك الله تعالى ... . قوله : (على حكم ملك الله تعالى) المراد أنه لم يبق على ملك الواقف ولا انتقل إلى ملك غيره بل صار على حكم ملك الله تعالى الذي لا ملك فيه لأحد سواه .

(۴۰۸/۶ ، كتاب الوقف)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الأصل أن حقوق الله سبحانه وتعالى لاتقبل الإسقاط من أحد من العباد لأنه لا يملك الحق في ذلك ومن حاول إسقاط حق من حقوق الله تعالى فإنه يقاتل كما فعل أبو بكر رضي الله عنه بمانعي الزكاة . (۲۴/۱۸)

وما في " البحر الرائق " : ومنها اكار تناول من مال الوقف فصالحه المتولي على شيء والأكار غني لا يجوز الحط من مال الوقف وإن كان الأكار فقيراً جاز ذلك وهو محمول على ما إذا كان الوقف على الفقراء . (۴۰۶/۵) (فتاوی دارالعلوم:۴۳۳/۱۳)

= ایسی چیزوں کا ہو جو بنگاہِ شرع حرام ہیں اور وہ اپنی اسی حرام آمدنی کو مسجد میں لگانا چاہے، تو شرعاً یہ ناجائز اور مکروہِ تحریمی یعنی بمنزلہ حرام ہے، کیوں کہ اس میں اللہ کے گھر کو ایسے مال سے ملوث کرنا لازم آتا ہی جس کو وہ قبول نہیں کرتا۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الحديث " : قال رسول الله ﷺ : " أيها الناس ! إن الله طيب لا يقبل إلا طيباً ".

(الصحيح لمسلم : ۱/۳۲۶ ، رقم الحديث :۱۰۱۵ ، كتاب الزكاة)

ما في " شرح النووي على المسلم " : قال النووي : فيه الحث على الإنفاق من الحلال والنهي عن الإنفاق من غيره وفيه أن المشروب والمأكول والملبوس ونحو ذلك ينبغي أن يكون حلالاً خالصاً لا شبهة فيه . (۴/۳۳۸ ، كتاب الزكاة ، باب قبول الصدقة من الكسب الطيب..الخ)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من تصدق بمال الحرام ويرجو الثواب كفر .

(۲/۲۷ ، رقم الحديث : ۳۰۱)

وما في " الشامية " : قال تاج الشريعة : أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب فيكره لأن الله تعالى لا يقبل إلا الطيب فيكره تلويث بيته بما لا يقبله .

(۲/۳۷۳ ، كتاب الصلاة ، مطلب كلمة لا بأس دليل على المستحب..الخ)

وما في " الشامية " : رجل دفع إلى فقير من المال الحرام شيئاً يرجو به الثواب يكفر.....

قلت : الدفع إلى الفقير غير قيد بل مثله فيما يظهر لو بنى من الحرام بعينه مسجداً ونحوه مما يرجو به التقرب لأن العلة رجاء الثواب فيما فيه العقاب ولا يكون ذلك إلا باعتقاد حله .

(۳/۲۰۲ ، كتاب الزكاة ، مطلب في التصدق من المال الحرام)

مسجد ویران ہوجائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

مسئلہ (۱۷۶): اگر کسی مسجد کے اردگرد بسنے والے تمام مسلمانوں کے کسی اور جگہ منتقل ہونے کی وجہ سے مسجد ویران ہوجائے، تو اس کے ویران ہونے کی وجہ سے وہ مسجدیت سے خارج نہیں ہوگی، کیوں کہ جب کوئی جگہ مسجد بن جاتی ہے تو وہ ابدالآباد یعنی ہمیشہ ہمیش تک مسجد ہی باقی رہتی ہے، خواہ وہ ویران ہوجائے، مسلمانوں پر اس کا احترام اور اس کی حفاظت لازم ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولو خرب ما حوله واستغنى عنه يبقى مسجداً عند الإمام . والثاني أبداً إلى قيام الساعة وبه يفتى .

(۴۲۹/۶، مطلب فيما لو خرب المسجد أو غيره)

ما في " البحر الرائق " : قال محمد : إذا خرب وليس له ما يعمر به وقد استغنى الناس عنه فإنه يعود إلى ملك الواقف أو ورثته قال أبو يوسف : هو مسجد أبداً إلى قيام الساعة لا يعود ميراثاً ولا يجوز نقله ونقل ماله إلى مسجد آخر سواء كانوا يصلون فيه أو لا ، وهو الفتوى كذا في الحاوي القدسي، وفي المجتبى: وأكثر المشايخ على قول أبي يوسف ورجح في فتح القدير قول أبي يوسف . (۴۲۱/۵ ، دار الكتاب ديوبند)

ما في " فتح القدير " : ولو خرب ما حول المسجد واستغنى عنه أي استغنى عن الصلاة فيه أهل تلك المحلة أو القرية بأن كان في قرية فخربت وحولت مزارع يبقى مسجداً على حاله عند أبي يوسف وهو قول أبي حنيفة ومالك والشافعي . (۲۱۹/۶ ، كتاب الوقف)

(فتاوی دارالعلوم: ۱۳/ ۳۳۹)

بستی ویران ہونے پر مسجد اور سامانِ مسجد کا حکم

مسئلہ (۱۷۷): اگر کسی علاقے کے لوگ اپنے علاقے کو چھوڑ کر دوسرے علاقے میں منتقل ہو رہے ہوں، تو اس صورت میں مسجد کی ضرورت باقی نہ رہنے کی بناء پر مسجد کے سامان کو فروخت کر کے کسی دوسری مسجد کی ضروریات میں صرف کرنا جائز ہے، تاکہ مسجد کا سامان ضائع نہ ہو، البتہ مسجد کی زمین ابدالآباد تک مسجد ہی باقی رہے گی، اس کو کسی اور مصرف میں خرچ کرنا جائز نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية ": عن الحلواني رحمه الله في المسجد والحوض إذا خرب وتفرق الناس يصرف أوقافه إلى حوض ومسجد آخر . (۲۷۱/۶)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : سئل شيخ الإسلام عن أهل قرية رحلوا وتداعى مسجدها إلى الخراب ..... هل لواحد لأهل المحلة أن يبيع الخشب بأمر القاضي ويمسك الثمن ليصرفه إلى بعض المساجد أو إلى هذا المسجد ؟ قال: نعم ؛.

(۴۳۰/۶، مطلب في نقل انقاض المسجد)

ما في " فتاوى قاضيخان على هامش الهندية " : رباط في طريق بعيد استغنى عنه المارة وبجنبه رباط آخر قال السيد الإمام أبو شجاع رحمه الله تعالى : يصرف غلته إلى الرباط الثاني كالمسجد إذا خرب واستغنى عنه أهل القرية فرفع ذلك إلى القاضي فباع الخشب وصرف الثمن إلى مسجد آخر جاز . (۳۱۵/۳ ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية :۲۷۰/۶)

مسجد کی شکستہ کتابیں کسی کو دینا

مسئلہ(۱۷۸): مسجد یا مدرسہ کا موقوفہ قرآنِ کریم اور کتبِ دینیہ شکستہ ہوجائیں، ان میں کوئی شخص شوق ورغبت سے نہ پڑھتا ہوتو ان کو پڑھنے اور درست کرنے کے لیے کسی شخص کو دیا جاسکتا ہے، اس کو ان کا مالک نہیں بنایا جاسکتا۔[1]

کسی حصہ مسجد کو تعمیر سے خارج کرنا

مسئلہ(۱۷۹): جب پرانی مسجد کو شہید کر کے اسکی نئی تعمیر کی جارہی ہوتو نئی تعمیر میں پرانی مسجد کے کسی حصہ کو تعمیر سے خارج کرنا جائز نہیں، اور اگر کسی حصہ کو خارج کر بھی دیا گیا تو وہ مسجد ہی رہیگی، جنبی، حائضہ وغیرہ کو اس میں داخل ہونا جائز نہیں ہے اور نہ=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار " : فإذا تم ولزم لا يملك ولا يُملَّك ولا يعار ولا يرهن. درمختار. قوله : لا يملك أي لا يكون مملوكاً لصاحبه ، ولا يُملَّك أي لا يقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه لاستحالة تمليك الخارج عن ملك . (۴۲۱/۶، كتاب الوقف)

ما في " فتاوى النوازل للإمام الفقيه أبي الليث السمرقندي ": وعندهما الوقف حبس العين على حكم ملك الله تعالى لان له فيه حق التمليك ولا يباع ولا يرهن ولا يورث فصار بمنزلة المسجد أو جعل أرضه مسجداً ..... وفي حاشية فتاوى النوازل: قال النووي : وهذا مذهبنا ومذهب الجمهور ويدل عليه أيضاً إجماع المسلمين على صحة وقف المساجد والسقايات وفيه أن الوقف لا يباع ولا يوهب ولا يورث إنما يتبع فيه شرط الواقف. (ص:۳۳۷)

(فتاوی دارالعلوم:۱۳/۴۰۴)

=ہی اس حصہ میں امام ومؤذن یا جماعتوں کے رکنے کے لیے حجرہ یا مسافر خانہ بنانا جائز ہے، کیونکہ جو زمین ایک دفعہ مسجد ہو جاتی ہے وہ ابدالآباد یعنی ہمیشہ ہمیشہ تک مسجد رہتی ہے۔[1]

مسجد میں چھوٹے بچوں کو لانا

مسئلہ (۱۸۰): مسجد میں چھوٹے بچوں کو لانے کی اجازت نہیں، کیوں کہ اس سے مسجد کا احترام باقی نہ رہے گا، اور لانے والوں کو اطمینانِ قلب نہ رہے گا، نماز میں=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولو خرب ما حوله واستغنى عنه يبقى مسجداً عند الإمام والثاني أبدا إلى قيام الساعة وبه يفتى. (۴۲۹/۶)

ما في " الهندية " : قيم المسجد لا يجوز له أن يبني حوانيت في حد المسجد أو في فنائه لأن المسجد إذا جعل حانوتاً ومسكناً تسقط حرمته وهذا لا يجوز . (۴۶۲/۲)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية ": ولا يجوز للقيم أن يجعل شيئاً من المسجد مسكناً أو مستغلاً ولا أن يبنى في فناء المسجد حوانيت . (۲۸۵/۶)

ما في " فتاوى قاضيخان على هامش الهندية " : ولو إن قيم المسجد أراد أن يبني حوانيت في حريم المسجد وفنائه قال الفقيه أبو الليث رحمه الله تعالىٰ :لا يجوز له أن يجعل شيئاً من المسجد مسكناً أو مستغلاً . (۲۹۳/۳)

ما في " البحر الرائق " : يمنع الحيض دخول المسجد وكذا الجنابة... ..... وحرمة الدخول للجنب ، وفناء المسجد له حكم المسجد في حق جواز الاقتداء بالإمام وإن لم تكن الصفوف متصلة ولا المسجد ملآناً . (۳۳۸/۱، كتاب الطهارة، الفصل الرابع)

= کھڑے ہوں گے مگر خشوع وخضوع نہ ہوگا، بچوں کی طرف دل لگا رہے گا، ہاں اگر بچہ سمجھدار ہو نماز پڑھتا ہو، مسجد کے ادب واحترام کا پاس ولحاظ رکھتا ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وعهدنا إلى إبراهيم وإسمعيل أن طهرا بيتي للطائفين والعاكفين والركع السجود﴾ . (سورة البقرة: ۱۲۵)

ما في " التفسير المنير": وهذا البيت طاهر مطهر وصينا إبراهيم وإسماعيل بتطهيره من الأوثان وعبادة الأصنام وتطهير من كل رجس حسي أو دنس معنوي كاللغو والرفث والتنازع فيه .

(۳۳۱/۱)

ما في " الحديث ": عن واثلة بن الأسقع أن النبي ﷺ قال: "جنبوا مساجدكم صبيانكم ومجانينكم وشرائكم وبيعكم وخصوماتكم " .

(السنن لإبن ماجه: ص ۵۴، باب ما يكره في المساجد)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : يكره إدخال البهائم والمجانين والصبيان الذين لا يميزون المسجد لأنه يؤمن من تلويثهم إياه . (۵۵۰/۱، في أحكام المسجد، الفصل الخامس الغسل)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : حرمة إدخال الصبيان والمجانين حيث غلب تنجيسهم وإلا فيكره . (۳۲۰، القول في أحكام المسجد، دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " الهندية " : ذكر الفقيه رحمه الله تعالى في التنبيه : حرمة المسجد خمسة عشر : ..... والرابع عشر أن ينزهه عن النجاسات والصبيان والمجانين وإقامة الحدود .

(۳۲۱/۵، كتاب الكراهية ، الباب الخامس في آداب المسجد)

وما في " الدر المختار مع الشامية " : ويحرم إدخال صبيان ومجانين حيث غلب تنجيسهم وإلا فيكره .

(۳۷۱/۲ ، كتاب الصلاة، مطلب في أحكام المسجد، حلبي كبير: ص ۶۱۰)

(فتاوی رحیمیہ: ۹/۱۲۰، فتاوی محمودیہ: ۱۵/۲۱۶، کفایت المفتی: ۳/۱۷۲)

کتاب الجنایات

(جنایات کا بیان)

ایک گاڑی دوسری گاڑی پر گر جائے تو نقصان کی صورت میں ضمان کس پر آئے گا؟

مسئلہ (۱۸۱): بسا اوقات بہت سے لوگ کسی پارکنگ (Parking) میں اپنی گاڑیاں ترتیب سے کھڑی کرتے ہیں، جہاں انہیں پارکنگ کا حق حاصل ہوتا ہے، اگر کسی گاڑی کا اسٹینڈ ٹوٹ جانے یا تیز ہوا وغیرہ چلنے کی وجہ سے وہ اپنی قریبی گاڑی پر گر جاتی ہے، جس کی وجہ سے یکے بعد دیگرے سب یا اکثر گاڑیاں گر جاتی ہیں، جس میں گاڑی مالکوں کا نقصان ہو جاتا ہے، اس صورت میں اس شخص پر کوئی ضمان واجب نہیں ہوگا، جس کی گاڑی گرنے کی وجہ سے دوسری گاڑیاں گر گئیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الحديث " : عن أبي هريرة أن رسول اللهﷺ قال : " جرح العجماء جبار ، والبئر جبار، والمعدن جبار ، وفي الركاز الخمس" .

(السنن الكبرى للبيهقي :۸/۵۹۵، رقم الحديث:۱۷۶۸۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : إذا ربط شخصان دابتيهما في محل لهما حق الربط فيه فأتلفت إحدى الدابتين الأخرى لا يلزم الضمان .

(۲۸/۲۸۰، شرح المجلة لسليم رستم باز:ص۵۳۳، المادة:۹۳۹۵)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : لا ضمان عليه إذا أوقف الدابة في الأسواق أو الأماكن المخصصة من قبل السلطان للوقوف اوالماذون بها من جهته كالمحطات الجانبية أو في الفلاة لأن الوقوف فيها مباح لعدم الإضرار بالناس.

(۷/۵۷۸۳، كتاب الجنايات، ما لا يمكن الاحتراز عنه لا ضمان عليه) =

ایکسیڈنٹ کا ضمان گاڑی مالک پر ہوگا

مسئلہ (۱۸۲): اگر کسی شخص کا سرکاری یا کسی کی ذاتی سواری سے ایکسیڈنٹ ہوجائے اور وہ حادثہ میں فوت یا زخمی ہوجائے، تو فوت ہونے کی صورت میں اس کے ورثاء کو اور زخمی ہونے کی صورت میں خود اسے سرکار یا گاڑی مالک سے مالی معاوضہ لینا اور ان کے نہ دینے کی صورت میں ان کے خلاف مقدمہ دائر کرنا دونوں باتیں درست ہیں، البتہ معاف کردینا بہتر ہے۔[1]

= وما في " مجمع الضمانات " : ولو أن دابة انفلتت ليلاً أو نهاراً فأصابت مالاً أو آدمياً لا ضمان على صاحبها لأن فعل العجماء هدر كما صرح في الحديث الصحيح . (ص: ۴۰۶)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : إذا ربط شخصان دابتيهما في محل لهما حق الربط فيه فأتلفت إحدى الدابتين الأخرى فلا يلزم الضمان مثلاً لو أتلفت دابة أحد الشريكين في دار دابة الآخر عندما ربطاهما في تلك الدار لا يلزم الضمان... (المادة: ۹۳۹) ..... مثلاً لو أتلفت دابة أحد الشريكين في دار دابة الآخر عند ما ربطاهما في مكان من تلك الدار لا يلزم الضمان الدابة المتلفة صاحب الدابة الأخرى . (۲/۶۴۳/۶۴۴)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وجزاء سيئة سيئة مثلها فمن عفا وأصلح فأجره على الله﴾. (سورة الشورىٰ: ۴۰)

ما في " الهندية " : الراكب ضامن لما وطئت الدابة وما أصابت بيدها أو رجلها أو رأسها أو كدمت أو خبطت وكذا إذا صدمت . (۶/۵۰، كتاب الجنايات، الباب الثاني عشر في جناية البهائم، الهداية : ۲/۵۹۴، كتاب الجناية ، باب الجناية البهيمة والجناية عليها، فتاوى النوازل: ص: ۴۴۳، كتاب الجنايات) (قاموس الفقہ :۲/۲۰۲،مولانا خالد سیف اللہ رحمانی)=

جب دوسوار آپس میں ٹکرا جائیں تو نقصان کا ضمان کس پر ہوگا؟

مسئلہ (۱۸۳): جب دوسوار آپس میں ٹکرا جائیں اور ان دونوں میں سے کسی ایک ہی کی غلطی ہو تو اس پر دوسرے کے لیے ضمانِ نقصان واجب ہوگا، اور اگر دونوں کی غلطی ہو تو ہر ایک دوسرے کے لیے نقصان کا ضامن ہوگا۔[1]

= ما في " الموسوعة الفقهية الكويتية ": فراكب الدابة يضمن ما وطئته برجلها أو يدها كما يقول الكاساني أي مات لوجود الخطا في هذا القتل وحصوله على سبيل المباشرة لأن ثقل الراكب على الدابة والدابة آلة له مكان القتل ، الحاصل بثقلها مضافاً إلى الراكب ولو كدمت أو صدمت فهو ضامن . (۲۸/۲۸۱)

ما في " حاشية الهداية " : إنما وجبت الدية في الخطإ بخلاف القياس لأن القتل أعظم العقوبات والخاطي معذور فيتعذر إيجاب المال عليه ونفس المقتول محرمة لا يسقط حرمتها بعذر الخطإ فوجب المال صيانة للدم عن الهدر منه . (۲/۵۴۴، كتاب الجنايات، رقم الحاشية:۲)

ما في " الموسوعة الفقهية الكويتية " : اتفق الفقهاء على أن من قتل مومناً خطأ فعليه الدية والكفارة ..... ويجري هذا الحكم على الكافر والمعاهد . (۳۲/۳۲۸)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : أما إذا كان المخطئ أحد المتصادمين كان الضمان عليه باتفاق الفقهاء . (۷/۵۷۹۰)

وما فيه أيضاً: إذا تصادم راكبان أو فارسان أو ملاحان أو سائقا سيارة أو ماشيان أو راكب وماش فماتا أو تلف شيء بسبب التصادم وجب الضمان على كل واحد منهما عند الحنفية والحنابلة . (۷/۵۷۸۸)

ما في " مجمع الضمانات ": ولو اصطدم فارسان حران فماتا فعلى عاقلة كل واحد منهما الدية للأخرى كما في الهداية . (ص۴۰۳)=

دورانِ سفر گاڑی حادثہ کا شکار ہو جائے تو ضامن کون؟

مسئلہ (۱۸۴): اگر دورانِ سفر ڈرائیور کے ہاتھوں گاڑی کا ایکسیڈنٹ (Accident) ہو جائے تو اس پر نقصان کی تلافی لازم نہیں ہوگی، کیوں کہ وہ اجیرِ خاص یعنی تنخواہ دار ملازم ہے، اس کی حیثیت امین (Trustee) کی ہے اور امانت کے ضائع ہونے پر امین پر ضمان لازم نہیں ہوتا، ہاں اگر ڈرائیور کی طرف سے کوئی مخالفت یا تعدی (Trespass) یا تعمد (Intention) پایا جائے تو ان صورتوں میں وہ ضامن ہوگا۔[1]

= ما في " شرح المجلة لسليم رستم ابن باز " : وإن اصطدم فارسان أو راجلان وماتا منه فإن كان الاصطدام خطأ ضمن عاقلة كل منهما دية الآخر لأن موت كل منهما مضاف إلى فعل صاحبه لأن فعله وهو المشي في الطريق مباح .

(ص ۵۲۸ ، المادة: ۹۳۱، فتاوى النوازل :ص ۴۴۴ ، كتاب الجنايات ، فصل في جناية البهيمة)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " النتف في الفتاوى للسغدي ": فأما الأجير الخاص فهو الذي يعمل لك وحدك دون غيرك ، ويقال : أجير الواحد وهو لا يضمن ما يهلك على يديه إلا في ثلاثة أوجه إذا خالف أو تعدى أو تعمد . (ص ۳۰۴ ، كتاب الإجارة ، الأجير الخاص)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته ": اتفق أئمة المذاهب على أنه لا يكون ضامناً العين التي تسلم إليه للعمل فيها لأن يده يد أمانة كالوكيل والمضارب ما لم يحصل منه تعد أو تقصير في حفظه سواء تلف الشيء في يده أو اثناء عمله . (۳۸۴۷/۵)

وما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : والثاني وهو الأجير الخاص وهو من يعمل لواحد عملاً موقتاً بالتخصيص ويستحق الأجر بتسليم نفسه في المدة وإن لم يعمل ..... ولا يضمن ما هلك في يده أو بعمله كتخريق الثوب من دقه إلا إذا تعمل الفساد فيضمن كالمودع ..... قوله : (كالمودع) أي إذا تعمد الفساد فإنه يضمن . (۹/ ۸۱-۸۳)

كتاب الحظر والإباحة

(ممنوع ومباح کا بیان)

عبادتوں میں ریاء (دکھلاوا) حرام ہے

مسئلہ (۱۸۵): نصوصِ قطعیہ سے ثابت ہے کہ عبادتوں میں اخلاص واجب ہے اور ریاء ودکھلاوا حرام ہے، اپنی عبادتوں میں اللہ کی رضا کا مقصود ہونا اخلاص ہے، کسی اور چیز کا مقصود ہونا ریاء ہے، آپ ﷺ نے ریاء کو شرکِ اصغر فرمایا ہے، اگر کوئی شخص اس لئے نماز پڑھے کہ لوگ ترکِ صلوٰۃ کرتے ہوئے دیکھیں گے تو کیا کہیں گے، یا کوئی طالبِ علم نماز چھوڑنے پر سزا کے ڈر سے نماز پڑھے تو یہ بھی ریاء میں داخل ہے، اس طرح سے پڑھی جانیوالی نماز صحیح تو ہو جائے گی مگر ثواب سے خالی ہوگی، کیوں کہ صحت ثواب کو اور ثواب صحت کو مستلزم نہیں ہے، صحت شرائط وارکان سے متعلق ہے اور ثواب اخلاص سے، لھٰذا جب کوئی عبادت کی جارہی ہو تو اخلاص کے ساتھ کی جائے تاکہ وہ صحیح بھی ہو جائے اور آخرت میں ثواب بھی حاصل ہو اور یہی عبادت کی غرض ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما أمروا إلا ليعبدوا الله مخلصين له الدين﴾ . (سورة البينة:۵) وقال تعالى : ﴿فمن كان يرجوا لقاء ربه فليعمل عملاً صالحاً ولا يشرك بعبادة ربه أحدًا﴾ . (سورة الكهف:۱۱۰)

ما في " أدب الدنيا والدين " : قال جميع أهل التاويل معنى قوله : ﴿ولا يشرك بعبادة ربه أحدًا﴾ أي لا يرائي بعمله أحداً فجعل الرياء شركاً . وقال تعالى : ﴿ولا تجهر بصلاتك ولا تخافت بها﴾. [سورة الإسراء:۱۱۰] قال الحسن البصري : لا تجهر بها رياء ولا تخافت بها حياء . (ص۸۵) =

.....

.....

.....

= وما في " حديث جبرئيل ": قال :" فأخبرني عن الإحسان قال : أن تعبد الله كأنك تراه فإن لم تكن تراه فإنه يراك ".

(الصحيح لمسلم :۱۶/۲، كتاب الإيمان ، باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان الخ، دار احياء التراث العربي)

ما في " المرقاة المفاتيح" : المخلص في الطاعة يوصل الفعل الحسن إلى نفسه والمرائي يبطل عمل نفسه . (۱۲۰/۱)

وما في " الحديث " : قال النبيﷺ : " من سمع سمع الله به ، ومن يرائي يرائي الله به ". متفق عليه.

(الصحيح للبخاري : رقم الحديث: ۶۴۹۹ ، الصحيح لمسلم : رقم الحديث:۲۹۸۷[۴۸])

ما في " المرقاة ": درجات الرياء أربعة أقسام : الأولى وهي أغلظها أن لا يكون مراده الثواب أصلاً كالذي يصلي بين أظهر الناس ولو انفرد لكان لايصلي ..... فهو الممقوت عند الله تعالى . (۵۰۳/۹، كتاب الرقاق ، باب الرياء والسمعة)

وما في " الحديث " : عن شداد بن أوس رضي الله عنه قال : سمعت رسول اللهﷺ يقول: " من صلى يرائي فقد أشرك ومن صام يرائي فقد أشرك ومن تصدق يرائي فقد أشرك ".

(المسند للإمام أحمد بن حنبل :۲۷۶/۱۳، رقم الحديث :۱۷۰۷۵)

ما في " الشامية " : اعلم أن إخلاص العبادة لله تعالى واجب والرياء ..... فيها حرام بالإجماع للنصوص القطعية وقد سمى عليه الصلاة والسلام الرياء الشرك الأصغر وهذه النية لتحصيل الثواب لا لصحة العمل لأن الصحة تتعلق بالشرائط والأركان والنية هي شرط لصحة الصلاة ..... الرياء الكامل المحبط للثواب من أصله كما إذا صلى لأجل الناس ولولا هم ما صلى .

(۵۲۲/۹، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع، البحر الرائق :۳۷۸/۸ ، فصل في البيع ، الأشباه والنظائر :ص ۱۶۱ ، القاعدة الأولى، الباب الخامس)

کمپنی کا سامان ملازم کے پاس امانت ہے

مسئلہ (۱۸۶): اگر کوئی شخص کسی ادارہ یا کمپنی میں ملازم ہو اور ادارہ نے اسے مفوضہ کام کی انجام دہی کے لیے کچھ چیزیں مثلاً فون، فیکس مشین، زیراکس مشین، سواری اور کمپیوٹر وغیرہ دے رکھا ہو، تو یہ چیزیں بطورِ امانت اس کی تحویل میں ہوگی، اس لیے اپنی ذاتی ضرورتوں میں ان کا استعمال خیانت ہوگا، جو شرعاً ناجائز وحرام ہے، لہذا اس سے بچنا واجب ہے، ہاں اگر کمپنی یا ادارہ اپنی ذاتی ضرورتوں میں استعمال کی اجازت دے تو جائز ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يـآيها الذين آمنوا لا تخونوا الله والرسول وتخونوا أماناتكم وأنتم تعلمون﴾ . (سورة الأنفال:۲۷)

ما في " الحديث " : " آية المنافق ثلاث : إذا حدث كذب وإذا وعد أخلف وإذا اؤتمن خان ".

(صحيح البخاري : ۱/۱۰ ، كتاب الإيمان ، علامة المنافق)

ما في " الموسوعة الفقهية " : خيانة الأمانة حرام لقوله تعالى : ﴿يآيها الذين آمنوا لا تخونوا الله والرسول﴾ . (۲۰/۱۸۵ ، الزواجر عن اقتراف الكبائر:۲/۵۱۳)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " التصرف في مال الغير بغير إذن حرام " .

(۲/۶۸۸ ، رقم القاعدة :۶۰۲)

ما في " الشامية ": بقاعدة فقهية سداً للذرائع: " ما كان سبباً لمحظور فهو محظور " .

(۵/۳۲۲ ، مكتبه نعمانيه)

مختلف کمپنیوں کے کیلنڈر اور ڈائری کے احکام

مسئلہ (۱۸۷): آج کل سالِ نو کے آغاز میں کیلنڈر اور ڈائریاں تقسیم کرنے کا رواج ہے، اصلاً یہ کسی کمپنی یا ادارہ کا اشتہار ہوتی ہیں، اگر یہ کیلنڈر اور ڈائریاں ایسی کمپنی کی ہیں جن کا کاروبار حرام ہے، مثلاً سودی بینک، تو ان کو اپنی آفسوں میں رکھنا اور استعمال کرنا حرام میں تعاون کے مترادف ہے، اس سے بچنا لازم ہے، اور اگر ان کا کاروبار جائز اور مباح ہے، مثلاً بکڈپو، جوتا یا کپڑے کی کمپنی، تعمیرات میں لگنے والی اشیاء کی کمپنی، یا ملبوسات ومطعومات کی کمپنی، تو ان کے رکھنے اور استعمال کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة: ۲)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قوله تعالى : ﴿وتعاونوا على البر والتقوى﴾ يقتضي ظاهره إيجاب التعاون على كل ما كان طاعة لله تعالى لأن البر هو طاعات الله ، وقوله تعالى : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ نهي عن معاونة غيرنا على معاصي الله تعالى . (۲/ ۳۸۱)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : بقاعد فقهية : " الإعانة على المحظور محظور ".

(۲/ ۲۴۴)

ما في " الأشباه والنظائر للسيوطي " : " الأصل في الأشياء الإباحة حتى يدل الدليل على التحريم " . (۱/ ۱۳۱)

بال یا ناخن جلانا یا فروخت کرنا

مسئلہ (۱۸۸): ناخن یا بال وغیرہ کو جلانا یا ایسے مقام پر جہاں ان کی توہین وتذلیل ہو، مثلاً بیت الخلاء وغیرہ میں ڈالنا یا فروخت کرنا جائز نہیں ہے[۱]، کیوں کہ بال اور ناخن اعضاء انسانی کا جز ہے اور انسان کا ہر جز محترم ومکرم ہے[۲]، لہٰذا بال اور ناخن کو دفن کر دینا چاہیے۔[۳]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " فتح القدير " : ولا يجوز بيع شعور الإنسان ولا الانتفاع بها لأن الآدمي مكرم لا مبتذل . (فتح القدير: ۲/ ۳۹۰، باب بيع الفاسد، ردالمحتار: ۷/ ۱۷۹، كتاب البيوع، مطلب الآدمي مكرم شرعا ولو كافرا)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولقد كرمنا بني آدم وحملناهم في البر والبحر ورزقناهم من الطيبات وفضلنٰهم على كثيرٍ ممن خلقنا تفضيلا﴾ . (بني اسرائيل: ۷۰)

(۳) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : وروي أن النبي ﷺ أمر بدفن الشعر والظفر..... وفي الخانية : ينبغي أن يُدفن قلامة ظفره ومحلوق شعره وإن رماه فلا بأس . (ص ۵۲۷، الفقه الإسلامي وأدلته: ۱/ ۴۶۴، الفتاوى الهندية: ۵/ ۳۵۸، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر)

ما في " المغني " : عن ميل بنت مشرح الأشعرية قالت: "رأيت أبي يقلم ويدفنها ويقول:" رأيت النبي ﷺ يفعل ذلك"..... وعن ابن جريج عن النبي ﷺ قال: كان يعجبه دفن الدم، وكان ابن عمر يدفن شعره وأظفاره ..... كلهم .

(۱/ ۱۰۲ ، كشاف القناع: ۱/ ۸۴، حاشية الفقه الإسلامي وأدلته : ۱/ ۴۶۵)

ما في " المقاصد الشرعية للخادمي ": بقاعدة فقهية: "إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبا " . (ص: ۴۶)

ہوٹلوں میں کھانے کا ایک مروّج طریقہ اور اس کا حکم

مسئلہ (۱۸۹): آج کل بڑے بڑے ہوٹلوں میں یہ طریقہ مروج ہے کہ خریدار کے سامنے مختلف قسم کے کھانے پیش کئے جاتے ہیں، جن کی ایک متعینہ قیمت ہوتی ہے، اس میں خریدار کو اختیار ہوتا ہے کہ جو چاہے کھانا پسند کرے، کم کھائے یا زیادہ کھائے لیکن قیمت ایک ہی ہوگی، اگرچہ اس صورت میں مبیع کی مقدار مجہول ہے کہ خریدار کتنا کھائے گا، مگر چوں کہ اس طرح کرنے سے باہمی کوئی نزاع نہیں ہوتا، نیز عرفِ عام بھی ہوگیا ہے اس لیے ایسا کرنا جائز ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الحديث " :" نهى عن بيع الحصاة وبيع الغرر ".

(المسند للإمام أحمد بن حنبل: ۹/۲۶۶، رقم الحديث: ۹۵۹۴)

وما في " جامع الأصول " : الغرر ماله ظاهر تؤثرة وباطن تكرهه فظاهره يغر المشترى وباطنه مجهول . (۱/۵۲۷، بحواله تكملة فتح الملهم : ۱/۳۱۹)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : الغرر : عرفه الجرجاني بأنه ما يكون مجهول العاقبة لا يدرى أيكون أم لا . (ص ۱۶۴)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وقال ابن رشد الحفيد : الفقهاء المتفقون على أن الغرر الكثير في المبيعات لا يجوز وأن القليل يجوز ..... يشترط في الغرر حتى يكون مؤثراً أن يكون كثيراً ، أما إذا كان الغرر يسيراً فإنه لا تاثير له على العقد ..... قال القرافي: الغرر والجهالة أي في البيع ثلاثة أقسام ؛ كثير ممتنع إجماعاً كالطير في الهواء ، وقليل جائز إجماعاً كأساس الدار وقطن الجبة ، ومتوسط اختلف فيه هل يلحق بالأول أم بالثاني .

(۳۱/۱۵۱، غرر) =

.....

.....

.....

وما في " تكملة فتح الملهم " : فأما الغرر بمعنى جهالة المبيع فربما يتحمل إذا كان يسيراً دعت الحاجة إليه ، ولم يكن مفضياً إلى المنازعة في العرف وفي مثله، قال النووي : أجمع المسلمون على جواز دخول الحمام بالأجرة مع اختلاف الناس في استعمالهم الماء وفي قدر مكثهم ، وأجمعوا على جواز الشرب من السقاء بالعوض مع جهالة قدر المشروب واختلاف عادة الشاربين .

(تكملة فتح الملهم : ۱/ ۳۲۰ ،كتاب البيوع ، الموسوعة الفقهية: ۳۱/ ۱۵۱ غرر، المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج :۸/۲، باب بطلان بيع الحصاة والبيع الذى فيه غرر، عقود رسم المفتي: ص ۱۸۴ ، تغير الأحكام بتغير الزمان ، الهداية :۳/ ۲۳۴ ،كتاب الإجارة)

ما في " الشامية " : لأن الناس في سائر الأمصار يدفعون أجرة الحمام وإن لم يكن يعلم مقدار ما يستعمل من الماء ولا مقدار القعود فدل إجماعهم على جواز ذلک وإن كان القياس يأباه لوروده على إتلاف العين مع الجهالة .

(۹/ ۲۰ ، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة ، مطلب فى حديث دخوله عليه الصلاة والسلام الحمام، مكتبه زكريا، ودارالكتب العلمية بيروت)

وما في " الشامية " : وفي البزازية : إجارة السمسار والمنادي والحمامي والصكاک وما لا يقدر فيه الوقت ولا العمل تجوز لما كان للناس به حاجة ويطيب الأجر المأخوذ لو قدر أجر المثل . (۹/ ۵۴، باب الإجارة الفاسد)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم الحنفي ": بقاعدة فقهية : "المعروف عرفاً كالمشروط شرعاً". (ص: ۳۴۳ ، مبحث الثالث، القاعدة العادة محكمة)

فصل في الأكل والشرب

(فصل ہے کھانے پینے کے بیان میں)

کھانے کی اقسام اوران کا حکم

مسئلہ (۱۹۰): کھانا کھانے کی پانچ صورتیں ہیں: فرض۔مباح۔حرام۔ مندوب۔مکروہ۔

(۱) فرض: اس قدر کھانا کہ جان بچ جائے اور فرائض کو ادا کر سکے فرض ہے۔

(۲) مباح: پیٹ بھر کر کھانا تا کہ قوی اور مضبوط ہو مباح ہے۔

(۳) حرام: پیٹ بھر جانے کے بعد اس قدر کھانا جو مضر ہو حرام ہے، مگر یہ کہ روزہ کے لئے قوت حاصل کرنا یا اپنے مہمان کو شرم سے بچانا وغیرہ مقصود ہو تو یہ حرام نہ ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " : قوله تعالى :﴿كلوا واشربوا ولا تسرفوا، إنه لا يحب المسرفين﴾ . (سورة الأعراف: ۳۱)

ما في " التفسير الكبير" : أن يأكل ويشرب بحيث لا يتعدي إلى الحرام و لا يكثر الإنفاق المستقبح ولا يتناول مقداراً كثيراً يضره ولا يحتاج إليه . (۵/۲۳۰)

وما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة﴾ . (سورة البقرة: ۱۹۵)

ما في " الحديث " :" ما ملأ ابن آدم وعاء شرّا من البطن بحسب ابن آدم أكلات يقمن صلبه فإن كان لا محالة فثلث لطعامه وثلث لشرابه وثلث لنفسه ". (سنن الترمذي : ۲/۶۳)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية ": الأكل فرض مقدار ما يد فع الهلاك عن نفسه ويتمكن به من الصلاة قائماً ومباح إلى الشبع لتزيد قوته وحرام وهو ما فوقه أي الشبع إلا أن يقصد قوة صوم الغد أو لئلا يستحيي ضيفه." تنوير" . (۹/۴۱۲، كتاب الحظر والإباحة) =

(۴) مندوب: وہ کھانا جو تحصیلِ نوافل اور تعلیم وتعلم میں معاون ہو۔

(۵) مکروہ: پیٹ بھر جانے کے بعد اس قدر کھانا جو مضر نہ ہو۔ (۱)

نمک سے کھانے کی ابتدا اور اختتام، سنت نہیں

مسئلہ (۱۹۱): نمک سے کھانے کی ابتدا اور نمک ہی پر کھانے کا اختتام کا سنت ہونا کتبِ فقہ میں تو مذکور ہے، لیکن اس بارے میں کسی حدیثِ صحیح کے موجود نہ ہونے کی وجہ سے اس کو مستحب بمعنی محبوب ومرغوب کہنا درست ہوگا، مگر سنت کہنا صحیح نہیں ہے۔ (۲)

= (۱) ما في " الشامية ": ومندوب وهو ما يعينه على تحصيل النوافل و تعليم العلم وتعلمه، ومكروه وهو مازاد على الشبع قليلاً ولم يتضرر به.

(۴۱۲/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، الفتاوى الهندية :۳۳۶/۵،كتاب الكراهية ، الباب الحادي العشر في الكراهية)

الحجة على ماقلنا

(۲) ما في " خلاصة الفتاوى " : ومن السنة أن يبدأ بالملح ويختم بالملح.

(۳۶۰/۴،كتاب الكراهية، الفتاوى الهندية: ۳۳۷/۵، الباب الحادي العشر)

ما في " الشامية " : ومن السنة البداء ة بالملح والختم به بل فيه شفاء من سبعين داء .

(۴۱۴/۹، كتاب الحظر والإباحة)

ما في " حاشية قرة عيون الأخيار على الشامية ": قال السيد محمد علاء الدين آفندي في حاشية قرة عيون الأخبار تكملة ردالمحتار على الدرالمختار: أخرج هذا الحديث ابن الجوزي في "الموضوعات "وقال : هذا حديث لا يصح عن رسول الله، والمتهم به عبد الله بن أحمد بن عامر أو أبوه فإنهما يرويان نسخة عن أهل البيت كلها باطلة . (۴۱۴/۹) =

کھانے کے درمیان گفتگو کا حکم

مسئلہ (۱۹۲): بہت سے حضرات کھانے کے درمیان گفتگو کرنے کو خلافِ ادب وسنت سمجھتے ہیں، جب کہ بالکل خاموش رہنے کو فقہاء کرام نے مکروہ قرار دیا ہے، کیونکہ یہ مجوسیوں کی عادت ہے، اس لیے اس تشبہ سے بچنے کے لئے کھانے کے دوران نیکی اور بھلائی کی بات کرے، لیکن اس کی یہ مراد ہرگز نہیں کہ اتنے زور زور سے نیکی اور بھلائی کی بات کرے جس سے دوسرے کو تکلیف پہنچے، کیونکہ اس قدر بلند آواز سے گفتگو کرنا جس سے دوسروں کو تکلیف پہنچے شرعاً منع ہے۔ (۱)

= ما في " اللآلي المصنوعة " : وقال العلامة السيوطي رحمه الله تعالى : حديث يا علي عليك بالملح فإنه شفاء من سبعين داء ؛ الجذام والبرص والجنون لا يصح والمتهم به عبد الله بن أحمد بن عامر أو أبوه فإنهما يرويان نسخة من أهل البيت كلها باطلة . (۲/ ۳۱۱، كتاب الأطعمة)

ما في " حاشية الفردوس الأخبار " : سيد إدامكم الملح . وفي إسناده عيسى بن عيسىٰ متروك كما في التقريب لإبن حجر رحمه الله تعالى عليه. وقال الذهبي في ترجمة عيسى : ضعّفه أحمد وغيره، وقال الفلاس والنسائي: متروك . (۲/ ۴۶۳)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الشامية " : يكره السكوت حالة الأكل لأنه تشبه بالمجوس ويتكلم بالمعروف . (۹/ ۴۱۳، كتاب الحظر والإباحة)

ما في " الهندية " : يكره السكوت حالة الأكل لأنه تشبه بالمجوس ولا يسكت على الطعام ولكن يتكلم بالمعروف أو حكايات الصالحين . (۵/ ۳۴۵ كتاب الكراهية، الهدايا والضيافة)

وما في " القرآن الكريم " : ﴿واقصد في مشيك واغضض من صوتك إن أنكر الأصوات لصوت الحمير﴾ . (سورة لقمان : ۱۹)

وما في " أحكام القرآن للجصاص " : فيه أمر بخفض الصوت لأنه أقرب إلى التواضع . (۳/ ۴۵۹)

ما في " القواعد الكلية والضوابط الفقهية " : بقاعدة فقهية : " الضرر لا يزال بمثله ". (ص ۱۸۵)

نقصان دہ چیزوں کے استعمال کا حکم

مسئلہ (۱۹۳): لغۃً صحت بیماری کی ضد ہے اور ذہابِ مرض کو کہتے ہیں، بدنی صحت سے مراد وہ حالتِ طبعی ہے جس کے ساتھ انسانی افعال طبعی طور پر جاری ہوتے ہیں(۱) صحت وتندرستی شرعاً مطلوب ہے(۲)، اسی لئے آپ ﷺ نے بیماریوں سے پناہ مانگی ہے(۳) اور شریعتِ اسلامیہ نے اپنے ماننے والوں کو ان چیزوں کے استعمال سے منع کیا ہے، جو صحت کیلئے مضر اور نقصان دہ ہیں(۴)، اس لئے گٹکھا کھانا، تمبا کو استعمال کرنا، =

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : الصحة في اللغة ضد السقم والصحة في البدن حالة طبيعية تجري أفعاله معها على المجرى الطبيعي . (۲۶/۳۱۷، الصحة)

(۲) ما في " الحديث " : " المؤمن القوي خير وأحب إلى الله من المؤمن الضعيف ".

(الصحيح لمسلم : ۲/۳۳۸ ،باب الإيمان بالقدر ولإذعان له،رقم الحديث: ۲۶۶۴، موسوعة فتح الملهم : ۱۱/۳۹۳)

(۳) ما في " الحديث " : " اللهم إني أعوذ بک من منكرات الأخلاق و الأعمال والأهواء والأدواء". (كنز العمال : ۲/۸۲، رقم ۳۶۶۸ ، السنن الترمذي : ۲/۱۹۹ ،كتاب الدعاء ، دعاء أم سلمة ، رقم الحديث: ۳۵۹۱)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة﴾. (سورة البقرة:۱۹۵)

ما في " روح المعاني " : استدل بالآية على تحريم الإقدام على ما يخاف منه تلف النفس . (۲/۱۱۸)

ما في " البحر المحيط لأبي حيان الغرناطي " : والظاهر أنهم نهوا عن كل ما يؤول بهم إلى الهلاک في غير طاعة الله ..... ولا تجعلوا أنفسكم لقى إلى التهلكة فتهلک .(۲/۱۱۹، ۱۲۰) =

=راستوں اور سیڑھیوں پر تھوکنا جس سے عام لوگوں کو تکلیف پہنچے شرعاً ناجائز ہے۔[1]

ہدیہ وضیافت کس کا قبول کیا جائے اور کس کا نہیں؟

مسئلہ (۱۹۴): اگر کوئی شخص کسی کو کوئی ہدیہ دے، یا اس کی ضیافت ومہمانی کرے اور اس کا غالب واکثر مال حرام ہے، تو اس وقت تک اس کا ہدیہ یا ضیافت قبول نہ کرے جب تک کہ وہ اس بات کی وضاحت نہ کردے کہ یہ ہدیہ یا ضیافت مالِ حلال سے ہے، میں نے فلاں سے قرض لیکر یا وراثت میں ملے مال سے اس کا انتظام کیا ہے، اور=

= ما في " روضة الطالبين " : ويحرم ما يضر من البدن والعقل .(۳/۲۸۱)

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿والذين يوذون المؤمنين والمؤمنات بغير ما اكتسبوا فقد احتملوا بهتاناً وإثماً عظيماً﴾. (سورة الأحزاب :۵۸)

ما في " روح المعاني " : أي ما يفعلو ن بهم ما يتأذون به من قول أو فعل .

(روح المعاني :۱۲/۱۲۶)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : أذى المؤمنين والمؤمنات هي أيضاً بالأفعال والأقوال القبيحة . (۱۴/۲۴۰)

ما في " الحديث " :" الإيمان بضع وستون أو بضع وسبعون شعبة فأفضلها قول لا إله إلا الله ، وأدناها إماطة الأذى عن الطريق " .

(الصحيح لمسلم: ۱/۴۷ ، رقم الحديث:۵۲ ۱[۵۸]، كتاب الإيمان ، با ب بيان عدد شعب الإيمان)

ما في" تكملة فتح الملهم " : قال الحسن البصري رحمه الله في تفسير الأبرار : هم الذين لا يؤذون الذر ولا يرضون الشر . (۱/۵۶۷، رقم الحديث :۵۲ ۱[۵۸])

ما في" شرح الطيبي على مشكوة المصابيح " : الأذى في الحديث إسم ما يؤذي للناس نحو الشوك والحجر والطين وما أشبهها . (۱/۱۰۷، رقم الحديث:۳)

= اگر ہدیہ دینے والے یا ضیافت کرنے والے کا غالب واکثر مال حلال ہے تو اس کا ہدیہ یا ضیافت قبول کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، تا آنکہ یہ معلوم نہ ہو کہ یہ مالِ حرام سے ہے۔ یہ تفصیل اس لیے کی جاتی ہے کہ لوگوں کے مال، حرامِ قلیل سے خالی نہیں ہوتے جب کہ حرامِ کثیر سے خالی ہوتے ہیں، اس لیے غالب کا اعتبار کرتے ہوئے حکم اسی پر مبنی ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " شرح السير الكبير " : وعن علي بن أبي طالب رضي الله عنه قال: " للسلطان نصيب من الحلال والحرام فإذا أعطاك شيئاً فخذه فإن ما يعطيه حلال لك " . وحاصل المذهب فيه أنه إن كان أكثر ماله من الرشوة والحرام لم يحل قبول الجائزة منه ما لم يعلم إن ذلك له من وجه حلال ، وإن كان صاحب تجارة أو زرع أكثر ماله من ذلك فلا بأس بقبول الجائزة منه ما لم يعلم أن ذلك له من وجه حرام .

(۱/۷۲، باب صلة المشرك)

ما في " المحيط البرهاني في الفقه النعماني " : رجل أهدى إلى إنسان أو أضافه إن كان غالب ماله من حرام لا ينبغي أن يقبل ويأكل من طعامه ما لم يخبر أن ذلك المال حلال استقرضه أو ورثه . وإن كان غالب ماله من حلال فلا بأس بأن يقبل ما لم يتبين له أن ذلك من الحرام وهذا لأن أموال الناس لا تخلو عن قليل حرام وتخلو عن كثيرة فيعتبر الغالب ويبني الحكم عليه .

(۶/۱۱۰، الفتاوى الهندية :۵/۳۴۲، كتاب الكراهية ، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : لا يجوز قبول الهدية أمراء الجور لأن الغالب في مالهم الحرمة.قال: إذا علم أن أكثر ماله حلال بأن كان صاحب تجارة أو زرع فلا بأس به لأن أموال الناس لا تخلو عن قليل حرام والمعتبر الغالب وكذلك أكل طعامهم .

(۲/۴۳۶، كتاب الكراهية ، باب في الكسب ، مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر:۴/۱۸۶ ، كتاب الكراهية ، فصل في الأكل ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية :۶/۳۶۰، كتاب الكراهية ، في الهدية والميراث، فتاوى قاضيخان على هامش الهندية :۳/۴۰۰ ، كتاب الكراهية)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " الحكم على الغالب دون الفاسد ". (۲/۷۲۴، رقم القاعدة: ۸۳۱)

فصل في اللبس

(فصل ہے پہننے کے بیان میں)

انگوٹھی میں مختلف پتھروں کے نگینے کا حکم

مسئلہ (۱۹۵): بعض لوگ چاندی کی انگوٹھی پہنتے ہیں اور اس میں مختلف قسم کے پتھر لگواتے ہیں، مثلاً عقیق، فیروز، یاقوت وغیرہ اور یہ اعتقاد ویقین رکھتے ہیں کہ فلاں پتھر میری زندگی پر اچھے اثرات ڈالتا ہے، زندگی پر اچھے برے اثرات انسان کے اپنے عملِ صالح یا عملِ بد سے ہیں نہ کہ پتھر سے، لہذا اس عقیدے کے ساتھ انگوٹھیوں کو پہننا ناجائز وحرام ہے۔[1] =

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنا إلا ماكتب الله لنا هو مولٰينا وعلى الله فليتوكل المئومنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ماخط الله لأجلنا في اللوح . فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۱۶۶/۶)

وما في " الإبانة عن أصول الديانة " : أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان وما لم يشأ لم يكن ورداً لقول الله عز وجل ﴿وما تشاء ون إلا أن يشاء الله﴾ . (ص ۱۲)

ما في " المرقاة " : من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرك أي شركاً جلياً . (۳۹۸/۸ ، رقم الحديث:۴۵۸۷)

ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد " : وأما النوع الثاني فالشرك في الربوبية ، فإن الرب سبحانه هو المالك المدبر المعطي المانع النافع الضار الخافض الرافع المعز المذل . فمن =

= لیکن اگر کسی کا یہ عقیدہ نہ ہو اور وہ ان پتھروں کو اپنی انگوٹھی میں محض نگینہ کے طور پر لگالیں تو جائز ہے۔[1]

مختلف دھاتوں کی انگوٹھی کا حکم

مسئلہ (۱۹۶): مرد کیلئے چاندی کے علاوہ کسی اور دھات مثلاً سونا، لوہا، تانبا، پیتل وغیرہ کی انگوٹھی پہننا جائز نہیں ہے، اسی طرح عورت کے لیے بھی سونا چاندی کے =

= شهد أن المعطي أو المانع أو الضار أو النافع أو المعز أو المذل غيره فقد أشرک بربوبيته ..

..... قوله ﷺ لإبن عباس رضي الله عنهما : " واعلم أن الأمة لو اجتمعوا على أن ينفعوک لم ينفعوک إلا بشيء قد كتبه الله لک ". فهذا يدل على أنه لا ينفع في الحقيقة إلا الله ولا يضر غيره . (۱/۱۲ ، للشيخ محمد بن صالح العثيمين ، تعريف التوحيد وأقسامه)

ما في " موسوعة القواعد الفقهية " : " ما أفضى إلى الحرام كان حراماً ". (۹/۴۲)

(۱) ما في " الحديث " : " كان خاتم النبي ﷺ من ورق فصه حبشي ".

(السنن لأبي داود: رقم الحديث:۴۲۱۶ ،كتاب الخاتم ، ما جاء في اتخاذ الخاتم)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يجوز للرجل أن يجعل فص خاتمه عقيقاً أو فيروزجاً أو ياقوتاً أو نحوه . (۱۱/۲۹)

وما في " الدر المختار مع الشامية " : والعبرة بالحلقة من الفضة بالفص فيجوز من حجر وعقيق وياقوت وغيرها . (۹/۴۳۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في اللبس)

ما في " البحر الرائق " : ولا بأس بأن يتخذ الرجل خاتم فضة فإن جعل فصه من عقيق أو ياقوت أو فيروزج أو زمرد فلا بأس به . (۸/۳۵ ،كتاب الكراهية ، فصل في اللبس)

ما في " الأشباه والنظائر " : بقاعده فقهية : "الأمور بمقاصدها " . (۱/۱۱۳)

= علاوہ دوسرے دھاتوں کی انگوٹھی پہننا مکروہ ہے، البتہ لوہے کی وہ انگوٹھی جس پر چاندی چڑھائی گئی ہو اس کے پہننے میں کوئی حرج نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الحديث " : عن عبد الله بن بريدة عن أبيه أن رجلاً جاء إلى النبي ﷺ وعليه خاتم من شبه فقال له : " ما لي أجد منك ريح الأصنام فطرحه ، ثم جاء وعليه خاتم من حديد فقال : ما لي أرى عليك حلية أهل النار فطرحه ، فقال: يا رسول الله ؛ من أيّ شيء أتخذه ؟ قال: اتخذه من ورق ولا تتخذه مثقالاً". (السنن لأبي داود : رقم الحديث: ۴۲۲۳ ،كتاب الخاتم)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : فعلم أن التختم بالذهب والحديد والصفر حرام .

(۴۳۸/۹،كتاب الحظر والإباحة)

ما في " الهندية " : ويكره للرجال التختم بما سوى الفضة والتختم بالذهب حرام في الصحيح، وفي الخجندي : التختم بالحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء جميعاً .

(۳۳۵/۵، الباب العاشر في استعمال الذهب والفضة، الدر المختار مع الشامية : ۴۳۷/۹، كتاب الحظر والإباحة)

ما في " الاختيار لتعليل المختار" : ويكره التختم بالحديد والصفر للرجال والنساء لأنه حلية أهل النار .

(۴۱۳/۲)

ما في"الجوهرة النيرة" : وفي الخجندي : التختم بالحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء لأنه زيّ أهل النار . (۲۱۶/۲)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا يتختم إلا بالفضة لحصول الاستغناء فيحرم بغيرها كحجر وذهب وحديد وصفر ورصاص وزجاج وغيرها. (۴۳۸/۴۳۷/۹)

ما في " الحديث " :" كان خاتم النبي ﷺ من حديد مَلْوِيّ عليه فضة ".

(السنن لأبي داود: رقم الحديث : ۴۲۲۴ ،كتاب الخاتم ، باب ما جاء في خاتم الحديد)

ما في " الهندية " : ولا بأس بأن يتخذ خاتم حديد قد لوى عليه فضة أو ألبس بفضة حتى لا يُرى.

(۳۳۵/۵)

فصل في اللعب

(کھیل کود کے بیان میں)

کھیل کے جواز وعدمِ جواز کے چند اصول

مسئلہ (۱۹۷): شریعتِ اسلامیہ میں وقت کی حفاظت اور بامقصد زندگی کے قیام کا حکم دیا گیا، لہو ولعب اور لغو کی ممانعت کی گئی، ممانعت کا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ تفریح کی بھی ممانعت ہے، بلکہ شرعاً ایک حد تک مستحسن ومطلوب ہے، تاکہ اس تفریح کے ذریعے جسم وروح کی سستی دور ہوکر طبیعت میں نشاط وچستی، حوصلہ وہمت پیدا ہو، اور انسان مکمل طور پر زندگی کے اعلیٰ مقصد عبادت کی طرف متوجہ ہوسکے، لہذا تفریحی کھیل کود کے سلسلے میں فقہاء وعلماء نے قرآن وحدیث سے چند ضوابط اخذ کئے ہیں۔

۱/.....ایسا کھیل جس میں دینی ودنیوی کوئی مصلحت ومقصد نہ ہو، نہ اس کی غرض، غرضِ صحیح ہو، بلکہ محض وقت گذاری ہو تو ایسا کھیل ناجائز ہے۔

۲/.....ایسا کھیل جس میں کوئی مصلحت وغرضِ دینی یا دنیوی تو ہو مگر اس کی ممانعت کتاب اللہ، سنتِ رسول اللہ سے ثابت ہو، تو وہ بھی ناجائز ہے۔

۳/.....ایسا کھیل جس میں لوگوں کے لیے مصلحت وفوائد تو ہوں، مگر تجربہ سے یہ بات ثابت ہوچکی ہو کہ اس کے نقصانات فوائد سے زیادہ ہیں، اور ان کا کھیلنا انسان کو اللہ کی یاد، نماز اور فرائضِ شرعیہ سے غافل کردیتا ہے، تو یہ کھیل بھی ناجائز ہے۔=

= ۴/..... ایسا کھیل جس کا مقصد دینی یا دنیوی مصلحت وفوائد کو حاصل کرنا ہو تو مباح ہے، بشرطیکہ یہ کھیل کفار وفساق کا شعار نہ ہو اور اس میں ہار جیت پر مال کی شرط نہ ہو۔ (۱)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "تكملة فتح الملهم" : اعلم أن الشريعة المصطفوية السمحة البيضاء لا تمنع الارتفاقات والمصالح التي فطرت عليها الطبيعة البشرية ولا ترتضي الرهبانية والتبتل بل تقتضي المدنية والمعاشرة الصالحة ..... ومن المعلوم أن من الحاجة المفطور عليها الإنسان تمرين البدن وترويح القلب وتفريحه ساعة فساعة ومن هنا قال عليه الصلاة والسلام : " روحوا القلوب ساعة فساعة ". [أخرجه أبوداود في مراسيله] ..... وحاصل الكلام أن ترويح القلب وتفريحه وكذا تمرين البدن من الارتفاقات المباحة والمصالح البشرية التي لا تمنعها الشريعة السمحة برأسها . نعم . تمنع الغلو والانهماك فيها بحيث يضر بالمعاش أو المعاد ..... فالضابط في هذا الباب عند مشايخنا الحنفية المستفاد من أصولهم وأقوالهم :..... أن اللهو المجرد الذي لا طائل تحته وليس له غرض صحيح مفيد في المعاش ولا المعاد حرام أو مكروه تحريماً . وهذا أمر مجمع عليه في الأمة متفق عليه بين الأئمة ..... وما كان فيه غرض ومصلحة دينية أو دنيوية فإن ورد النهي عنه من الكتاب أو السنة [كما في النرد شير] كان حراماً أو مكروهاً تحريماً ... وألفيت تلك المصلحة والغرض لمعارضتها للنهي الماثور حكماً بأن ضرره أعظم من نفعه . وهذا أيضاً متفق عليه بين الأئمة .... وأما ما لم يرد فيه النهي عن الشارع وفيه فائدة ومصلحة للناس فهو بالنظر الفقهي على نوعين : الأول : ما شهدت التجربة بأن ضرره أعظم من نفعه ومفاسده أغلب على منافعه وأنه من اشتغل به ألهاه عن ذكر الله وحده وعن الصلوات والمساجد التحق ذلك بالمنهي عنه لاشتراك العلة فكان حراماً أو مكروهاً. والثاني : ما ليس كذلك فهو أيضاً إن اشتغل به بنية التلهي والتلاعب فهو مكروه وإن اشتغل به لتحصيل تلك المنفعة وبنية استجلاب المصلحة فهو مباح بل قد يرتقي إلى درجة الاستحباب أو أعظم منه . (۴/۴۳۴ ،كتاب الشعر، باب تحريم اللعب بالنرد شير ، حكم الألعاب في الشريعة ، أحكام القرآن للتهانوي :۳/۱۹۹، ۲۰۰ ، ۲۰۱، سورة لقمان:۶)

(معارف القرآن:۷/۲۳،کھیل کود اور تفریح کی شرعی حیثیت:ص۱۳)

مستحب تفریحی کھیل

مسئلہ (۱۹۸): اسلام میں بامقصد تفریح کی جو اجازت دی گئی ہے اس کی وجہ ظاہر ہے کہ اسلام سستی اور کاہلی کو ناپسند کرتا ہے، اور چستی وفرحت کو پسند کرتا ہے، کیوں کہ شریعت عین انسانوں کی مصلحت کے مطابق نازل کی گئی ہے، اس لیے اسلامی تعلیمات پر مسلمانوں کو خوشی خوشی عمل کرنا چاہیے، اور جسم وروح کے نشاط کے ساتھ زندگی کے اعلیٰ مقاصد کی طرف متوجہ ہونا چاہیے۔

چنانچہ اسلام نے چند تفریحات کی اجازت ہی نہیں بلکہ ترغیب دی ہے، جن پر اجر وثواب کا بھی وعدہ ہے، مثلاً نشانہ بازی، سواری کی مشق، تیراکی کی مشق، پیدل دوڑنا، شریعت کے اصول وقوانین کی پاسداری کرتے ہوئے ان سب چیزوں میں مسابقت کرنا جہاں اجر وثواب کا باعث ہے وہیں روحانی وجسمانی ورزش بھی ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "الحديث": عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: "لا سبق إلا في نصل أو خف أو حافر". (السنن لأبي داود: ص۳۴۸، كتاب الجهاد، باب في السبق)

وما في "الحديث": "كل شيء ليس من ذكر الله فهو سهو ولهو إلا أربع مشى الرجل بين الغرضين وتاديبه فرسه وتعلمه السباحة وملاعبته أهله".

(السنن الكبرى للبيهقي: ۱۰/۲۶، رقم الحديث: ۱۹۷۴۱، كتاب السبق والرمي، باب التحريض على الرمي) =

.....

.....

.....

= وما في " الحديث " : " وكل شيء يلهو به الرجل باطل إلا رمي الرجل بقوسه وتأديبه فرسه وملاعبته امرأته فإنهن من الحق ومن ترك الرمي بعدما علمه فقد كفر الذي علمه ".

(السنن الكبري للبيهقي: ۲۴/۲۳/۱۰)

وما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن أبي رافع قال : قلت : يا رسول الله ! أللولد علينا حق كحقنا عليهم ؟ قال :" نعم . حق الولد على الوالد أن يعلمه الكتابة والسباحة والرمي وأن يورثه طيباً " . (۲۶/۱۰، رقم الحديث: ۱۹۷۴۲)

ما في" التنوير وشرحه مع الشامية " : ولا بأس بالمسابقة في الرمي والفرس والإبل وعلى الأقدام لأنه من أسباب الجهاد فكان مندوباً ..... وأما السباق بلا جعل فيجوز كل شيء كما يأتي ، وقال الشامي : وأما المسابقة بالبقر والسفن والسباحة فظاهر كلامهم الجواز ورمي البندي والحجر كالرمي بالسهم وأما إشالة الحجر باليد وما بعده فالظاهر أنه إن قصد به التمرن والتقوى على الشجاعة لا بأس به . (۴۹۴/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع)

ما في" الحديث " : " خير لهو المؤمن السباحة وخير لهو المرأة المغزل .

(الجامع الصغير: ص۲۴۸ ، رقم الحديث: ۴۰۷۶)

وفيه أيضاً : عن ابن عمر : " الرمي خير ما لهوتم به " . (ص: ۲۷۸، رقم الحديث: ۴۵۴۴)

وما فيه أيضاً : " أحب اللهو إلى الله تعالى إجراء الخيل والرمي ". (ص ۲۰، رقم الحديث: ۲۱۶)

ما في" أحكام القرآن للتهانوى " : وحاصل الكلام أن ترويح القلب وتفريحه وكذا تمرين البدن من الارتفاقات المباحة والمصالح البشرية لا تمنعها الشريعة السمحة برأسها ، نعم تمنع الغلو =

ممنوع تفریحی کھیل

مسئلہ (۱۹۹): شریعتِ اسلامیہ نے جہاں بہت سے تفریحی کھیلوں کی اجازت دی ہے، وہیں چند ایسے کھیلوں کو جو آپسی جھگڑوں، تضییعِ اوقات، جوا، قمار کا ذریعہ ہیں سختی کے ساتھ منع فرمایا ہے، مثلاً چوسر، شطرنج، کبوتر بازی، مرغ بازی، بٹیر بازی، پتنگ بازی، جانوروں کو لڑانا، ویڈیو گیم، گوٹی، لوڈو، تاش کھیلنا وغیرہ، ان تمام کھیلوں میں سوائے نقصانات کے دینی یا دنیوی کوئی فائدہ نہیں، اس لیے یہ سب ممنوع ہیں۔[1]

= والانهماك فيها بحيث يضر بالمعاش أو المعاد ، وهذا هو السر في إباحة بعض الملاهي في بعض الأحيان ، فإن هذا اللهو على هذه النية والغرض لم يبق لهواً بل عاد مصلحة . وفائدة كما سبق في الأحاديث المذكورة من إباحة السباحة والرماية والانتضال بالقوس والمسابقة بالإبل والبهائم وإجراء الخيل وملاعبة الأهل فإنها وإن كانت في صورة اللهو ولكنها لما كان الاشتغال فيها على غرض صحيح ومصالح معاشية أو معادية خرجت عن اللهوية حقيقة فأبيحت وربما استحبت .

(۱۹۶/۳ ، سورة لقمان، تكملة فتح الملهم :۴۳۴/۴، كتاب الشعر، باب تحريم اللعب بالنرد شير)

ما في "الموسوعة الفقهية الكويتية" : فمن اللعب المباح المسابقة المشروعة على الأقدام والسفن ونحو ذلك ..... ومن اللعب المستحب المناضلة على السهام والرماح والمزاريق وكل نافع في الحرب. (۲۶۸/۳۵ ، لعب)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في "أحكام القرآن للتهانوي" : والمحرم المكروه من الملاهي الرائجة في عصرنا هي كل لهو اشتمل على القمار أي لهو كان ، فإن القمار والميسر حرام بنص القرآن والنرد والشطرنج والأربعة عشر [بالهندية جوسر] واللعب بالحمام وما يقال له [تاش] إذا لم يكن فيه تعليم علم مفيد أو كان يفضي =

.....

.....

= إلى الإلهاء ، أو اشتمل على القمار وما يلعب به الصبيان من الجواز والبوتام والكرات الزجاجية [كوليان] وأمثالها فإنها تشتمل على القمار ، فالواجب على أوليائهم أن يمنعوهم عنها ، وكذلك ما يقال له في عرفنا [كنكوا] سواء اشتمل على القمار أم لا ، وكذا التحريش بين البهائم والطيور واللعب بالنارييات [آتشبازي] وأمثالها فإنها كلها لو لم يتضمن معاصي ومنكرات لا تخلو عنها عادة فهي في نفسها من اللهو المجرد الذي وقع الإجماع على تحريمه أو كراهته. (۲۰۲/۳، سورة لقمان :۴)

وما في " السنن لأبي داود" : " نهى رسول الله ﷺ عن التحريش بين البهائم ". (ص۳۴۶)

ما في "بذل المجهود " : التحريش هو الإغراء وتهييج بعضها على بعض كما يفعل بين الجمال والكباش والديوك وغيرها وإنما نهى عن ذلك لأنه من الملاهي وفيه إيلام الدواب وإهلاكهم وإن كان بشرط من الجانبين فهو قمار أيضاً. (۱۳۷/۹، كتاب الجهاد، باب في التحريش بين البهائم)

ما في " الحديث " : " من لعب بالنرد فقد عصى الله ورسوله " وفيه أيضاً: " من لعب بالنرد شير فكأنما غمس يده في لحم خنزير ودمه ". (السنن لأبي داود: ص۶۷۵، كتاب الأدب، باب في النهي عن اللعب بالنرد)

ما في " الأثر " : عن جعفر بن محمد عن أبيه عن علي رضي الله عنه أنه كان يقول : " الشطرنج هو ميسر الأعاجم ". (السنن الكبرى للبيهقي: ۳۵۸/۱۰، رقم الحديث:۲۰۹۲۸)

وما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن ابن عمر أنه سئل عن الشطرنج فقال : " هو شر من النرد ".

(۳۵۹/۱۰ ، كتاب الشهادات ، باب الاختلافات بالشطرنج)

وما في " السنن لأبي داود " : عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله ﷺ رأى رجلاً يتبع حمامة فقال : " شيطان يتبع شيطانة ". (ص۶۷۵)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن اللعب المكروه اللعب بالطير والحمام لأنه لا يليق بأصحاب المروءات والإدمان عليه قد يؤدي إلى إهمال المصالح ويشغل عن العبادات والطاعات. ومن اللعب المحرم كل لعبة فيه قمار لأنها من الميسر الذي أمر الله تعالى باجتنابه..... اللعب بالنرد محرم عند جمهور الفقهاء .....أجمع المسلمون على أن اللعب بالشطرنج حرام إذا كان على عوض أو تضمن كذباً أو ضرراً أو غير ذلك من المحرمات . (۲۶۹/۳۵)

وما في " الموسوعة الفقهية ": فأما سائر ما يتلهى به البطالون من أنواع اللهو كالنرد والشطرنج والمزاجلة بالحمام وسائر ضروب اللعب مما لا يستعان به في حق ، ولا يستجم به لدرك واجب فمحظور كله .(۳۳۸/۳۵، الألعاب الرياضية :ص۲۱۲) (کھیل کود کی شرعی حیثیت:ص۵۸-۶۵)

لہو ولعب میں مشغول ہونا

مسئلہ (۲۰۰): وقت گزاری کے لیے گیم یا لوڈو وغیرہ کا کھیلنا اور ہر ایسی چیز جو طلب علم کے عظیم مقصد میں مخل ہو اور تضیعِ اوقات کا ذریعہ بنے، شرعاً سخت ناپسندیدہ اور نا جائز ہے۔[۱]

کرکٹ دیکھنے کا حکمِ شرعی

مسئلہ (۲۰۱): بعض لوگ کرکٹ میچ ٹی وی پر دیکھنے کو جائز سمجھتے ہیں، حالانکہ یہ بے شمار منکرات ومفاسد مثلاً، نیم عریاں عورتوں کا اسکرین پر دکھائی دینا[۲]، اس میں مشغول=

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أفحسبتم أنما خلقناكم عبثا وأنكم إلينا لا ترجعون﴾ .

(المؤمنون:۱۱۵)

ما في " جمع الجوامع " : لقوله عليه السلام :" من حسن الإسلام تركه ما لا يعنيه ". (۳۹۳/۲)

ما في " الصحيح للبخاري " : لقوله عليه السلام :" نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس الصحة والفراغ ". (۹۴۹/۲، كتاب الرقاق)

ما في " فتح الباري لإبن حجر": فإن من لا يستعملهما فيما ينبغي فقد غبن . (۲۷۶/۱۱)

الحجة على ما قلنا

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يبني آدم قد أنزلنا عليكم لباساً يواري سوآتكم وريشاً﴾ .

(سورة الأعراف:۲۶)

وقال تعالى : ﴿والله جعل لكم مما خلق ظلالاً وجعل لكم من الجبال أكناناً وجعل لكم سرابيل تقيكم الحر وسرابيل تقيكم بأسكم﴾ . (سورة النحل: ۸۱) =

ہونے کی وجہ سے نماز باجماعت کا فوت ہوجانا[۱]، ملازمین کے فرائض وواجبات میں کوتاہی وخلل کا واقع ہونا[۲]، مساجد جوعبادت کی جگہیں ہیں ان میں اسی عنوان پر گفت وشنید، تذکرہ وتبصرہ کا ہونا[۳]، کھیل کے دنوں میں سرکاری ونیم سرکاری، شخصی ونجی اداروں کا معطل ہوکر رہ جانا وغیرہ پر مشتمل ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے۔

= ما في " الحديث " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " صنفان من أهل النار لم أرهما ، قوم معهم سياط كأذناب البقر يضربون بها الناس ، ونساء كاسيات عاريات مميلات مائلات رؤسهن كأسنمة البخت المائلة لا يدخلن الجنة ولا يجدن ريحها وإن ريحها لتوجد من مسيرة كذا وكذا ". (الصحيح لمسلم: رقم الحديث:۵۵۴۷، كتاب اللباس، باب النساء الكاسيات العاريات الخ)

ما في " الحديث " : عن عبد الرحمن بن سعيد الخدري عن أبيه أن رسول الله ﷺ قال: " لا ينظر الرجل إلى عورة الرجل ولا المرأة إلى عورة المرأة ولا يفضي الرجل إلى الرجل في ثوب واحد ولا تفضي المرأة إلى المرأة في ثوب واحد " .

(الصحيح لمسلم : ۱/۱۵۴ ،كتاب الحيض، باب تحريم النظر إلى عورات)

ما في" شرح النووي على هامش المسلم " : وأما أحكام الباب ففيه تحريم نظر الرجل إلى عورة الرجل والمرأة إلى عورة المرأة وهذا لا خلاف فيه وكذلك نظر الرجل إلى عورة المرأة والمرأة إلى عورة الرجل حرام بالإجماع . (۱/۱۵۴)

(۱) ما في " الشامية " : والجماعة سنة مؤكدة للرجال ، قال الزاهدي: أرادوا بالتاكيد الوجوب. درمختار. وفي الشامية: وفي النهر عن المفيد : الجماعة واجبة وسنة لوجوبها بالسنة .

(۲/۲۸۷، باب الإمامة)

(۲) ما في " القرآن الكريم " :﴿ويل للمطففين﴾ .

(سورة التطفيف، معارف القرآن:۸/۶۹۳، التفسير المظهري:۱۰/۱۸۹)

(۳) ما في " مشكاة المصابيح " : عن الحسن مرسلاً قال: قال رسول الله ﷺ : " يأتي على الناس زمان يكون حديثهم في مساجدهم في أمر دنياهم فلا تجالسوهم فليس لله فيهم حاجة ". رواه البيهقي في شعب الإيمان . (ص ۷۱، باب المسجد ومواضع الصلاة) =

اس لیے کرکٹ کھیلنا، کھلانا، اسے میدان یا ٹی وی پر دیکھنا، دکھانا، اسی طرح ریڈیو پر اس کی کمنٹری (Commentory) سننا اور سنانا اور اس پر بحث ومباحثہ کرنا یہ سب معصیت کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرنے [1] اور زندگی کے قیمتی اوقات کو ضائع کرنے میں داخل ہے، جب کہ یہ دونوں چیزیں شرعاً حرام ہیں۔ [2]

ٹی وی دیکھنے اور دکھانے کا حکمِ شرعی

مسئلہ (۲۰۲): ٹی وی (T.V) اور ویڈیو فلم (Video film) کا کیمرہ جو تصویریں لیتا ہے، وہ اگرچہ غیر مرئی (دکھائی نہ دینے والی) ہوتی ہیں، لیکن تصویر بہر حال محفوظ ہوتی ہیں، اور اس کو ٹی وی پر دیکھا اور دکھایا جاتا ہے، اس کو تصویر کے حکم سے خارج نہیں کیا جاسکتا، زیادہ سے زیادہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ ہاتھ سے تصویر بنانے کے پرانے فن کے بجائے سائنسی ترقی میں تصویر سازی کا ایک دقیق طریقہ ایجاد کرلیا گیا ہے، جب شارع=

= ما في " البحر الرائق " : الكلام المباح في المسجد مكروه يأكل الحسنات كما تأكل النار الحطب . (۲/۴۷۷ ، الشامية : ۲/۴۳۶)

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة: ۲)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليضل عن سبيل الله بغير علم﴾ . (سورة لقمان: ٦)

ما في " الألعاب الرياضية لعلي حسين أمين يونس " : يقول يوسف القرضاوي حفظه الله : والحق أن السفه في الإنفاق الأوقات أشد خطراً من السفه في إنفاق الأموال .... لأن المال إذا ضاع قد يعود والوقت إذا ضاع لا عوض له . (ص ۳۲۰ ، مكتبه دار النفائس اردن)

= نے تصویر حرام قرار دیا ہے تو تصویر سازی کے لیے خواہ کیسا بھی طریقہ اپنایا جائے تصویر بہر حال حرام ہی رہے گی، بلکہ ہاتھ سے تصویر سازی میں وہ قباحتیں اور برائیاں نہیں تھیں جو ٹی وی اور ویڈیو فلم نے پیدا کر دی ہیں۔

ٹی وی اور ویڈیو کیسٹ کے ذریعے ہر گھر سنیما گھر بن گئے ہیں، اور یہ بات معقول بھی نہیں کہ شارع ہاتھ کی تصویروں کو حرام قرار دے، اس کے بنانے والے کو ملعون اور قیامت کے دن سب سے زیادہ عذاب میں مبتلا ہونے والا بتائے [1]، اور فواحش و بے حیائی کے اس طوفان کو جسے ہم عرف میں ٹی وی کہتے ہیں حلال اور جائز قرار دے۔

رہے اس کے کچھ فوائد تو وہ بھی شراب و جوئے کے فوائد کی طرح قابلِ قبول نہیں ہیں اس لیے گھر میں ٹی وی رکھنا، دیکھنا اور دکھانا سب شرعاً ممنوع و ناجائز ہے۔ [2]

نوٹ:..... کسی عالمِ دین یا مقتداء کا ٹی وی پر آنا اس کے جواز کی دلیل نہیں بن سکتا، کیوں کہ جواز و عدم کی دلیل کتاب اللہ، سنتِ رسول اللہ، اجماعِ امت اور قیاس ہے، نہ کہ کسی کا عمل۔

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الحديث " : [عن] عبد الله قال : سمعت النبي ﷺ يقول : " إن أشد الناس عذاباً عند الله المصورون " .

(الصحيح للبخاري : ۲/۸۸۰، كتاب اللباس ، باب عذاب المصورين يوم القيامة)

(۲) ما في " الشامية ": بقاعدة فقهية : " ما كان سبباً لمحظور فهو محظور ".

(۵/۲۳۳ ، مكتبه نعمانيه)

ما في " البدائع " : " كل ما أدى إلى الحرام حرام ". (۶/۴۸۸)

ما في " المقاصد الشرعية للخادمي " : " إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرماً وتكون واجبة إذا كان المقصد واجباً ". (ص: ۴۶)

دوکانوں پر بیٹھ کر گانے سننا

مسئلہ (۲۰۳): بعض طلباء بال بنوانے کے لیے حجام کی دوکان پر جاتے ہیں، وہاں اور لوگوں کے نمبر لگے ہونے کی وجہ سے یہ اپنے نمبر کے انتظار میں بیٹھے رہتے ہیں، حالانکہ دوکان میں گانوں کی کیسٹ یا سی ڈی بج رہی ہوتی ہے، یہ بیٹھے بیٹھے گانوں کو سنا کرتے ہیں، اور یہ سمجھتے ہیں کہ کوئی گناہ نہیں ہوگا، کیوں کہ ہم نے یہ کیسٹ یا سی ڈی نہیں لگائی، جب کہ اس صورت میں بھی گانوں کا سننا حرام ہے، اس لیے یا تو مالکِ دوکان سے اسے بند کرنے کی درخواست کرے یا وہاں سے اٹھ جائے، کسی اور جگہ بال بنوائے۔[1]

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الحديث " : " الغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء الزرع والذكر ينبت الإيمان كما ينبت الماء الزرع ".

(سنن الكبرى للبيهقي: ۱۰/۳۳۷، رقم الحديث: ۲۱۰۰۷، الدر المنثور: ۳۰۸/۵، سورة لقمان)

وما في " الحديث " : " استماع صوت الملاهي معصية والجلوس عليها فسق والتلذذ بها كفر ".

(نيل الأوطار: ۱۰۳/۸، رقم الحديث: ۳۵۵۳)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿فلا تقعد بعد الذكرى مع القوم الظٰلمين﴾ . (سورة الأنعام: ۶۸)

ما في " أحكام القرآن للجصاص ": بعدما تذكر نهى الله تعالى لا تقعد مع الظٰلمين وذلك عموم في النهي عن مجالسة سائر الظٰلمين من أهل الشرك وأهل الملة لوقوع الإسم عليهم جميعاً ..... لأن النهي عام عن مجالسة الظٰلمين لأن في مجالستهم مختاراً مع ترك النكير دلالة على الرضا بفعلهم . (۳/۳، باب النهي عن مجالسة الظالمين)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : قلت: وفي البزازية : استماع صوت الملاهي كضرب قصب ونحوه حرام لقوله عليه الصلاة والسلام : " استماع الملاهي معصية والجلوس عليها =

نعتوں اور نظموں کو فلمی دھنوں پر پڑھنے کا حکم شرعی

مسئلہ (۲۰۴): آج کل نعتوں، نظموں اور حمدوں کو فلمی دھنوں اور سروں میں پڑھنے کا رواج عام ہوتا جارہا ہے، جو بلاشبہ نعت و نظم جیسی روح پرور عبادت کو کھیل تماشا بنانے اور اسکے ساتھ کھلا مذاق ہونے، عبادت کو حرام کے متشابہ بنا کر پیش کرنے اور موسیقی کو رواج دینے جیسی قباحتوں کی بنا پر شرعاً نا جائز ومکروہِ تحریمی ہے، اس لئے اس سے اجتناب ضروری ہے۔[1]

= فسق والتلذذ بها كفر". أي بالنعمة، فصرف الجوارح إلى غير ما خلق لأجله كفر بالنعمة لا شكر، فالواجب كل الواجب أن يجتنب كي لا يسمع لما روي أنه " عليه الصلاة والسلام أدخل أصبعه في أذنه عند سماعه ". در مختار.

(۴۲۵/۹، كتاب الحظر والإباحة، الفتاوى البزازية على هامش الهندية: ۳۵۹/۶، الفتاوى الولوالجية: ۳۴۰/۳، كتاب الاستحسان والكراهية، الفصل السادس، المحيط البرهاني: ۱۱۲/۶، كتاب الاستحسان والكراهية)

الحجة على ما قلنا

(۱) ما في " الحديث " : عن حذيفة بن اليمان عن رسول الله ﷺ أنه قال: " اقرؤا القرآن بلحون العرب وأصواتها وإياكم ولحون أهل الفسق وأهل الكتابين فإنه سيجيء من بعدي قوم يرجّعون بالقرآن ترجيع الغناء والرهبانية والنوح لا يجاوز حناجرهم مفتونة قلوبهم وقلوب من يعجبهم شأنهم ". (شعب الإيمان للبيهقي: ۵۴۰/۲، رقم الحديث: ۲۶۴۹)

ما في " شرح الفقة الأكبر " : إذا قرء القرآن على ضرب الدف والقصيب يكفر قلت : ويقرب منه ضرب الدف والقصيب مع ذكر الله تعالى ونعت النبي ﷺ وكذا التصفيق على الذكر.

(ص: ۲۷۸) =

کھلونوں اور گڑیوں کا حکمِ شرعی

مسئلہ (۲۰۵): آج کل گھروں میں بچوں کے کھلونے تقریباً ہر جگہ موجود ہوتے ہیں، کوئی جانوروں کی شکل میں ہوتے ہیں تو کوئی گڑیا وغیرہ کے مجسمہ کی صورت میں، ان کا حکمِ شرعی یہ ہے کہ جن گڑیوں کے نقوش یعنی ناک، کان اور دیگر اعضاء نمایاں نہیں ہوتے، بلکہ وہ محض ایک ہیولا سا ہوتا ہے، ان کے ساتھ بچوں کا کھیلنا اور ان کو گھروں میں رکھنا جائز ہے، لیکن پلاسٹک کے جو کھلونے بازار میں ملتے ہیں عام طور پر ان کے اعضاء چونکہ پوری طرح نمایاں ہوتے ہیں، اس لیے وہ مجسمے ہیں اور مجسموں کی خرید وفروخت کرنا اور ان کو گھر میں رکھنا جائز نہیں۔[1]

